۲٦۔ نسائی ،احمد بن شعیب بن علی ،ابو عبد الرحمٰن ،سنن النسائی ، کتاب الامامۃ ، باب الرخصۃ للامام فی التطویل ، رقم الحدیث : ۸۲۷،مکتب المطبوعات الاسلامیہ۔حلب،١٩٨٦ء

۲۷۔ ایضاً،، کتاب صلاۃ العیدین ، رقم الحدیث: ۱۵۵۷

۲۸۔ البخاری،الجامع الصحیح ، کتاب المناقب ، باب قصۃ الحبش النبی ﷺ یابنی ارغدۃ ، رقم الحدیث : ۳۵۲۹

۲۹۔ الجامع الصحیح ،الجمعۃ ،بَاب إِذَا فَاتَهُ الْعِيدُ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَكَذَلِكَ النِّسَاءُ وَمَنْ كَانَ فِي الْبُيُوتِ وَالْقُرَى، رقم الحدیث : ۹۸۸

۳۰۔ شاطبی، ابراہیم بن موسیٰ، ابو اسحاق ، الموافقات، دار ابن عفان للنشر والتوزیع ،المملکہ العربیہ السعودیہ ،١٤١٧ھ ، ۲/ ۹

۳۱۔ عز الدین بن عبدالسلام ، ابومحمد ، قواعد الاحکام فی مصالح الانام،مکتبہ الکلیات الازہریہ ،القاہرۃ ،۱/ ۱۱

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

اسم محمد ﷺ اور رسول اللہ ﷺ کی جلالت قدر کا تحقیقی اور تجزیاتی مطالعہ

(Research Analytical Study of the Sublime and Lofty Name and Personality of Prophet *Muhammad* s.a.a.w)

***ابرار حسین**

پی،ایچ،ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

****ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی**

پروفیسر/چیئرمین، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ABSTRACT

The sublime status and zenith, which Allah Almighty has blessed his beloved prophet (P.B.U.H), can neither be accessed by any other prophet nor the human and angel. He (S.A.W.W) is miraculously good, unmatchable in character, lineage, Holy book name and qualities.

"Muhammad" (S.A.W.W) id the name that was closer after authentic reasoning and intuition. It has been concealed in the layers of panorama for centuries. Such a sublime name is the Royal Leader of the names and it connotes the Royal leadership of Muhammad (S.A.W.W) for both the world and hereafter. Truly the personality reflects the essence of name and vice versa. At times, the question arises whether there is any relationship between the name and personality. If a relationship exists, then why people do not pay attention while choosing the best name for their newly born babies. So that the effects concealed in names may appear in the personalities.

In below lines, it is endeavored to present proofs of the effectiveness of the name "Muhammad" on the bases of observation and experience.

اللہ تبارک و تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو جو بلند مقام و مرتبہ عطا فرمایا ہے، اس تک نہ کسی نبی و رسول کی رسائی ہوئی ہے اور نہ کسی بشر و ملک کی۔ معجزات و کرامات، شرافت و نجابت، حسب و نسب، کتاب و شریعت اور اسماء و صفات ہر چیز میں آپ ﷺ بے مثل و بے مثال ہیں۔ محمد وہ مبارک اور پاکیزہ کلمہ ہے جسے عمدہ الہام و تدبیر سے سیدنا محمد ﷺ کے لئے بطور علم منتخب کیا گیا اور کئی قرون تک زندگی کے ضمیر میں محفوظ رکھا گیا۔ یہ وہ کلمہ ہے جو کلام کا سردار ہے، جیسے سیدنا محمد ﷺ لوگوں کے سردار ہے۔ یہ دو عظیم چیزیں (ذات کلمہ اور مسمّٰی اسم) آپس میں مل رہی ہیں۔

کبھی کبھی سائل کے لئے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ وہ پوچھے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبی اکرم ﷺ کے لئے یہ پاکیزہ نام "محمد" کیسے پسند کیا؟ ولادت سے پہلے ان کا نام احمد رکھا اور ولادت کے بعد محمد۔ پھر اسم اور مسمّٰی میں موافقت ہے یا یہ محض اتفاق ہے؟ اگر موافقت جیسی چیز موجود ہے تو پھر کیوں لوگ اس امر کی طرف

متوجہ نہ ہوئے کہ وہ ایسے نام رکھیں جو عمدہ دلالت والے ہوں تاکہ اسماء میں جو عمدگی موجود ہے وہ ان کی ذاتوں میں بھی موجود ہوتی۔ذیل کی سطور میں اسم محمد ﷺ پر بحث کرتے ہوئے اس بات کا جائزہ پیش کرنے کی سعی کی جارہی ہے:

اسم محمد کی تشریح اور تحقیق

لفظ محمد "التحمید" مصدر سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، جس میں مبالغہ کے معنیٰ پائے جاتے ہیں، یعنی بہت زیادہ تعریف کیا ہوا۔ یہ سرکار کا ذاتی نام ہے جیسے لفظ ''اللہ''ہمارے خالق و مالک کا ذاتی نام ہے، باقی سب صفاتی نام ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کے اسماء ذات دو ہیں: احمد اور محمد۔آسمان پر احمد ہے اور زمین میں محمد۔یہی وجہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمانی الاصل ہیں۔انہوں نے بنی اسرائیل کو حضور ﷺ کا تعارف احمد نام سے کرایا اور آپ ﷺ کی آمد کی بشارت سنائی ﴿وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ﴾[1]۔(اور اس عظیم رسول کی بشارت دینے والا ہوں جو میرے بعد آئے گا اس کا نام احمد ہے) یعنی آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ حمد کرنے والے ہیں اور قیامت کے دن آپ ﷺ اپنے رب کی ان کلمات سے حمد کریں گے جن کلمات سے اللہ تعالیٰ کی کسی نے حمد نہیں کی ہو گی۔

محمد شریف الحق امجدی لکھتے ہیں: "احمد مجرد سے اسم تفضیل ہے۔اس کے معنیٰ ہیں بہت زیادہ تعریف کرنے والا۔اس کا بھی احتمال ہے کہ معنیٰ مفعول سے اسم تفضیل ہو جیسے اشہر بمعنی زیادہ مشہور۔اب احمد کے معنی ہوئے زیادہ تعریف کیا ہوا۔اور اس کا بھی احتمال ہے کہ یہ صفت مشبہ کا صیغہ ہو اور اس کے معنی ہوں حمد والا"[2]۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے چار جگہ اسم محمد کو اور ایک جگہ اسم احمد کو ذکر فرمایا ہے، ارشاد ربانی ہے:

۱۔ ﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ﴾[3]۔ (حضرت) محمد ﷺ صرف رسول ہی ہیں)۔

۲۔ ﴿مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ﴾[4]۔(حضرت محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں)۔

۳۔ ﴿وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ﴾[5]۔(اور جو حضرت محمد پر اتاری گئی اس پر ایمان لے آئے)۔

۴۔ ﴿مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ﴾[6]" (محمد اللہ کے رسول ہیں)۔

اس سلسلہ میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لِي خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ، أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَحْمَدُ وَأَنَا المَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللَّهُ بِي الكُفْرَ، وَأَنَا الحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَأَنَا العَاقِبُ"[7]۔

(کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میرے پانچ نام ہیں۔ میں محمد ہوں اور میں احمد ہوں اور میں ماحی ہوں اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر مٹادے گا اور میں حاشر ہوں اللہ تعالیٰ میرے بعد حشر قائم کرے گا اور میں عاقب ہوں)۔

اس حدیث کی شرح میں علامہ محمد بن خلیفہ ابی مالکی لکھتے ہیں کہ "محمد، حمد سے ماخوذ ہے اور مفعل کے وزن پر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ اس کے معنی ہیں بہت زیادہ حمد کیا ہوا۔ نبی کریم اس کے زیادہ حق دار ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی ایسی حمد کی ہے جو کسی اور کی نہیں کی اور آپ ﷺ کو دو محامد عطا کئے ہیں جو کسی اور کو عطا نہیں کئے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آپ ﷺ کو وہ چیزیں الہام کرے گا جو کسی اور کو الہام نہیں کرے گا۔ جس شخص میں خصال محمود کامل ہوں اس کو محمد کہا جاتا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ باب تکثیر کے لئے ہے یعنی جس کی بہت زیادہ حمد کی جائے وہ محمد ہے"[۸]۔

علی بن سلطان محمد القاری لکھتے ہیں: "محمد تحمید کا اسم مفعول ہے اس کو وصفیت سے اسمیت کی طرف مبالغہ کے طور پر نقل کیا گیا ہے۔ بکثرت خصال محمودہ کی بنا پر آپ ﷺ کا نام محمد رکھا گیا ہے، یا اس لئے کہ آپ ﷺ کی بار بار حمد کی جاتی ہے، یا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کی بہت حمد کرے گا۔ اسی طرح ملائکہ، انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام آپ ﷺ کی حمد کریں گے، یا اس لئے کہ اولین و آخرین آپ کی حمد کریں گے اور قیامت کے دن تمام اولین و آخرین آپ کی حمد کے جھنڈے تلے ہوں گے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کے گھر والوں کے دل میں یہ الہام کیا کہ وہ آپ ﷺ کا نام محمد رکھیں"[۹]۔

نبی اکرم ﷺ احمد الحامدین (حمد کرنے والوں میں سے سب سے آگے) احمد المحمودین (جن کی تعریف کی جاتی ہے ان میں سے بھی رفیع) ہیں۔ آپ ﷺ کے ساتھ قیامت کے روز لواء الحمد ہوگا اور اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا جس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ سے وعدہ کر رکھا ہے۔ جہاں اولین و آخرین آپ ﷺ کی شفاعت طلب کرنے کے لئے آپ ﷺ کی تعریف کریں گے انبیاء علیہم السلام کی کتابوں میں حضور ﷺ کی امت کو حمادین (بہت زیادہ حمد کرنے والا) کہا گیا ہے۔ پس آپ ﷺ اس کے حقدار ہیں کہ آپ ﷺ کو محمد اور احمد کے نام سے سرفراز کر دیا جائے۔

مذکورہ احادیث میں آپ ﷺ کے اسماء کے بیان میں محمد کو احمد پر مقدم کیا گیا ہے، کیونکہ محمد، احمد سے زیادہ مشہور ہے، بلکہ ابو نعیم نے روایت کیا ہے کہ مخلوق کو پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے آپ ﷺ کا نام محمد رکھا گیا اور کعب بن احبار نے روایت کیا ہے کہ عرش کے پائے پر سات آسمانوں، جنت کے محلات اور بالاخانوں پر، حوروں کے سینوں پر، جنت کے درختوں کے پتوں پر سدرۃ المنتھی اور فرشتوں کی آنکھوں کے درمیان محمد لکھا ہوا ہے۔ اس نام کو تمام ناموں پر فضیلت ہے۔ ابو نعیم نے روایت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم، جو شخص تمہارا نام رکھے گا میں اس کو جہنم میں نہیں ڈالوں گا۔ دیلمی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ جس دستر خواں پر محمد یا احمد نام کا شخص ہوگا میں اس گھر کو دن میں دو بار پاک کروں گا۔۔۔ البتہ جب آپ ﷺ کی ولادت کا زمانہ قریب آیا اور اہل کتاب نے آپ کی ولادت کے زمانے کے قریب آنے کی بشارت دی تو بہت سے لوگوں نے اپنے بچوں کا نام محمد رکھا۔۔۔ زیادہ مشہور یہ ہے کہ پندرہ بچوں کا نام "محمد" رکھا گیا[۱۰]۔

اس کے بعد جہاں تک یہ بات غور طلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم ﷺ کا قبل از ولادت احمد اور بعد از ولادت محمد نام رکھنا پسند فرمایا ہے۔اس بارے میں علامہ عبد الکریم الخطیب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ "آپ ﷺ اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے بندوں کی طرف سے محمد ہیں۔آپ ﷺ نے اپنے رب کی تعریف، فضل و احسان اور نعمتوں پر کی، جو آپ ﷺ پر کی گئیں اور لوگوں نے تعریف اس لئے کی کہ آپ ﷺ ان کے پاس حق لائے اور ایمان کی طرف ہدایات دیں۔پس آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور لوگوں کی طرف سے تعریف کئے جانے پر محمود ہیں۔اس لئے آپ ﷺ ان دو اسموں کی بنا پر حمد کی تمام صفات کو جامع ہیں"۔

حضور اکرم ﷺ کی ذات میں غور کریں کہ کس طرح تمام کے تمام محامد کامل ترین اور خوب صورت ترین صورت میں آپ ﷺ کے اندر جمع تھے جو بھی کریم، محمود، خلق ہے وہ حضور ﷺ کی ذات میں مکمل صورت میں موجود تھا اور جو بھی عمدہ اور اچھی خصلت تھی وہ حسین ترین انداز میں آپ ﷺ کے اندر موجود تھی ۔اسم محمد کے سوا کوئی اسم بھی ان صفات کریمہ کا کسی صورت میں جامع نہیں ہو سکتا۔

معترض اعتراض کر سکتا ہے اس میں (اسم اور مسمّٰی) جانبین سے موافقت کہاں سے آئی، ایسا کیوں نہ ہو کہ یہ محض اتفاق ہو جو حضور کی ذات اور اسم کے درمیان واقع ہوا، یہاں تک کہ جب نبی کریم ﷺ کا نور چمکا اور کائنات میں آپ ﷺ کا ذکر بلند ہوا تو وہ چیز جو حقیر تھی اور وہ جو کمزور تھا عظیم شان والا ہو گیا ہو۔

یہاں ذات محمد کے اس نام کے تجویز کرنے میں بھی کسی اعتبار سے حسن اتفاق کا معاملہ نہیں ہو سکتا۔اس کی وجہ یہ ہے کہ آقا دو عالم ﷺ کی پیدائش کے موقع پر نام معروف نہیں تھا جن افراد کے یہ نام رکھے گے وہ بہت تھوڑے تھے۔ بعض نے کہا وہ صرف پانچ تھے۔ بعض نے کہا سات تھے۔یہ سب زمانہ نبوی یا اس سے تھوڑا زمانہ پہلے تھے۔ان کی اکثریت نے اسلام کا دور پایا تو حضرت آمنہ بنت وہب کو اس کا ادراک کیسے ہوا، ممکن ہے ان کے کانوں نے سنا تک نہ ہو، یا اپنے یتیم بچے کا نام تجویز کرنے سے قبل ان کے لبوں پر بھی نہ آیا ہو۔

علامہ عبد الکریم الخطیب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ "اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ اسم محمد عربوں میں پہلے بھی معروف تھا تو پھر بھی اس قریشی ہاشمی بچے کا یہ نام تجویز کرنا ایسے امور میں سے نہ تھا جس کا پہلے سے انتظار کیا جا رہا ہو، کیونکہ قریش کے اشراف کے ہاں بچوں کے ناموں کی لفظ اور معنوں کے اعتبار سے عظمت مسلم چیز تھی ،مثلاً وہ یہ نام رکھتے حنظلہ، اسد، فہر، غالب عبد العزیٰ، عبد الدار، عبد الات، عبد مناۃ وغیرہ۔ان ہی جیسے اور نام جو سننے والوں کے دلوں میں ہیبت اور خوف پیدا کریں۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ کیسے ایک اتفاق تصور کر لیا جائے جبکہ اتفاق تو اچانک واقع ہوتا ہے بغیر حساب و اندازہ کے وقوع پذیر ہوتا ہے ایسا تو نا سمجھی کا کام ہوتا ہے۔اگر یہ اتفاق کا معاملہ ہے تو آپ نے تدبیر و حکمت کے لئے کیا چھوڑا ہے، نیز اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت کے مواقع کہاں ہوں گے۔وہ اپنے بندوں میں سے جب کسی کو منتخب کرے گا تو اس کی تدبیر و حکمت کی آیات کہاں جلوہ گر ہوں گی"[۱۲]۔

اب سوال یہ ہے کہ اگر اسم اور مسمّٰی میں کوئی تعلق ہے، یا تعلق کا شائبہ ہے تو تمام لوگ اس طرف کیوں متوجہ نہیں ہوتے کہ وہ ایسے نام رکھیں جو اچھے اور پاکیزہ معنیٰ والے ہوں تاکہ ان ناموں میں جو اچھائی اور حق ہے ان کی ذاتوں پر کچھ اثر پڑے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی طبائع مختلف پیدا فرمائیں تاکہ ان کے درمیان موافقت پیدا فرمائے۔اس نے ان میں ایسی موافقت کو پسند نہیں کیا جو ان کی مصلحت کے مخالف ہو۔ کیونکہ لوگ ناموں کے انتخاب میں مزاج کے اعتبار سے مختلف نہ ہوتے تو یہ ممکن نہ تھا کہ سب ایک ہی نام پر متفق ہو جاتے جس سے پہچان ناممکن ہو جاتی اور معاملات درہم برہم ہو جاتے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اسم محمد آپ ﷺ کے کمال مطلق ہونے کی دلیل ہے۔''قاضی عیاض نے کہا ہے کہ پہلے رسول اللہ ﷺ احمد تھے اور اس کے بعد محمد ہوئے، کیونکہ پہلی کتابوں میں آپ ﷺ کا نام احمد تھا اور قرآن مجید میں آپ ﷺ کا نام محمد ہے اور آپ ﷺ نے لوگوں میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد کی۔اسی طرح آپ ﷺ آخرت میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف (حمد) کریں گے اور اس کے بعد شفاعت کریں گے اور آپ ﷺ سے سن کر لوگ اللہ کی حمد کریں گے۔آپ ﷺ سورۃ الحمد، لواء حمد اور مقام محمود کے ساتھ مخصوص ہیں۔ کھانے، پینے، دعا اور سفر کے بعد آپ ﷺ کے لیے حمد مشروع کی گئی ہے۔آپ ﷺ کی امت کا نام حمادین (بہت زیادہ حمد کرنے والا) رکھا گیا ہے اور آپ ﷺ کے لیے حمد کے تمام معانی اور اقسام جمع کیے گئے ہیں۔پس آپ ﷺ اس کے حقدار ہیں کہ آپ ﷺ کو نام محمد اور احمد کا نام دیا جائے''[۱۳]۔

حمد کسی حسن اور کمال پر کی جاتی ہے اور آپ ﷺ علی الاطلاق محمد ہیں ،اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ علی الاطلاق حسن اور کمال ہیں۔اگر آپ ﷺ میں کسی وجہ یا کسی اعتبار سے کوئی عیب یا نقص ہوتا تو آپ ﷺ علی الاطلاق محمد نہ ہوتے کیونکہ نقص اور عیب کی مذمت ہوتی ہے، حمد نہیں ہوتی۔

غلام رسول سعیدی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ "آپ ﷺ کو کسی زید یا بکر نے محمد نہیں کیا۔آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ ' نے محمد کیا ہے۔اگر آپ ﷺ میں کسی وجہ سے کوئی عیب یا نقص ہو تو اللہ تعالیٰ کا آپ کو مطلقاً محمد کہنا صحیح نہیں ہو گا۔اللہ تعالیٰ کا کلام غلط ہو سکتا ہے نہ آپ ﷺ میں کوئی عیب اور نقص ہو سکتا ہے۔یہ بات مشرکین عرب کو بھی معلوم تھی، وہ آپ ﷺ میں عیب نکالتے پھر آپ ﷺ کو محمد کہتے۔انہیں خیال آیا کہ محمد کہہ دینے سے تو آپ ﷺ سے عیب کی نفی ہو جاتی ہے۔اس لئے وہ آپ ﷺ کو مذمم (مذمت کیا ہوا) کہنے لگے کہ مذمم میں یہ عیب ہے اور مذمم ایسا ہے۔ حضور ﷺ نے یہ سنا تو فرمایا: وہ مجھ میں عیب نہیں نکالتے کسی مذمم میں عیب نکالتے ہیں، میں مذمم نہیں محمد ﷺ ہوں"[۱۴]۔

امام محمد بن اسماعیل بخاری روایت کرتے ہیں: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلاَ تَعْجَبُونَ كَيْفَ يَصْرِفُ اللَّهُ عَنِّي شَتْمَ قُرَيْشٍ وَلَعْنَهُمْ، يَشْتِمُونَ مُذَمَّمًا، وَيَلْعَنُونَ مُذَمَّمًا وَأَنَا مُحَمَّدٌ[15]۔

(حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس پر تعجب نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے قریش کے سب و شتم کو کس طرح دور کر دیا، وہ مذمم کو برا کہتے ہیں اور مذمم کو لعنت کرتے ہیں اور میں محمد ہوں)۔

یہاں ایک سوال اٹھتا ہے کہ غیر کا محتاج ہونا حسن ہے یا عیب؟ اگر یہ حسن ہے تو تمام محاسن اور کمالات کا جامع اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ کو بھی غیر کا محتاج ہونا چاہئے اور اگر یہ عیب ہے تو آپ ﷺ میں یہ عیب ثابت ہو گیا کہ آپ ﷺ اپنے غیر کے محتاج ہیں کیونکہ آپ ﷺ بہر حال اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں۔

اس سوال کا جواب دیتے ہوئے علامہ غلام رسول سعیدی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ "یہ آپ ﷺ کے لئے کمال ہے اور اللہ کے لئے نقص ہے، جیسے عبادت کمال ہے مگر یہ مخلوق کے لئے کمال ہے۔ اللہ کے لئے عبادت کرنا نقص اور عیب ہے، بعض چیزیں حسن لذاتہ اور قبیح لغیرہ ہوتی ہیں اور بعض چیزیں قبیح لذاتہ اور حسن لغیرہ ہوتی ہیں۔ غیر کا محتاج ہونا قبیح لذاتہ ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے اور حسن لغیرہ ہے، کیونکہ بندہ کا یہ کمال ہے کہ وہ اپنے مولیٰ کا محتاج ہو، اس لئے رسول اللہ ﷺ کا اپنے مولیٰ کا محتاج ہونا آپ ﷺ کا حسن اور کمال ہے"[16]۔

اس سے یہ بات عیاں ہوئی کہ آپ ﷺ ازلًا ابدًا محمد ہیں، تعریف کئے ہوئے ہیں اور تعریف ہمیشہ حسن اور کمال کی ہوتی ہے۔ اس لئے آپ ﷺ ہمیشہ سے حسن اور کمال ہیں بلکہ تمام محاسن اور کمالات کی اصل ہیں۔

اسم محمد وصف اور علمیت کا جامع ہے

علامہ ابن قیم جوزیہ متوفی ۷۵۱ھ نام محمد کی تحقیق میں لکھتے ہیں:

ویقال: حمد فهو محمد، كما يقال علم فهو معلم۔ وهذا علم و صفة، اجتمع فيه الامران فی حقه ﷺ[17]۔

(کہا جاتا ہے: اس کی حمد کی گئی تو وہ محمد ہے۔ جس طرح کہا جاتا ہے: اس نے تعلیم دی تو وہ معلم ہے۔ لہٰذا یہ (لفظ محمد) علم (نام) بھی ہے اور صفت بھی اور آپ کے حق میں یہ دونوں چیزیں جمع ہیں۔ محمد اور احمد میں وصفیت علمیت (نام ہونے) کے منافی نہیں ہے اور ان دونوں معنوں کا قصد کیا جاتا ہے)۔

ملا علی قاری (متوفی ۱۰۱۴ھ) لکھتے ہیں "**قصد به المعنى الوصفي دون المعنى العلمي**"[18]۔ (جب حضرت جبرائیل نے آپ کو یا محمد کہا) تو اس سے لفظ محمد کے وصفی معنی کا ارادہ کیا اور علمی (نام کے) معنی کا ارادہ نہیں کیا)۔ شیخ شبیر احمد عثمانی نے بھی ملا علی قاری کے حوالے سے اس جواب کا ذکر کیا ہے[19]۔

اسم محمد ﷺ کے فضائل و خصوصیات

ہر نبی کا نام باعث برکت ہے مگر جو خوبیاں اور عظمتیں اسم محمد میں ہیں کسی میں نہیں۔ یہ وہ نام ہے جو مجسمہ حسن و جمال اور پیکر خوبی و کمال ہے۔ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ۔۔ ۔قَال: وَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ فَيَقُولَانِ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ؟ فَيَقُولُ: رَبِّيَ اللَّهُ، فَيَقُولَانِ لَهُ: مَا دِينُكَ؟ فَيَقُولُ: دِينِيَ الْإِسْلَامُ، فَيَقُولَانِ لَهُ: مَا هَذَا الرَّجُلُ الَّذِي بُعِثَ فِيكُمْ؟ " قَالَ: " فَيَقُولُ: هُوَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔۔۔" فَيُنَادِي مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ: أَنْ قَدْ صَدَقَ عَبْدِي، فَأَفْرِشُوهُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَافْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى الْجَنَّةِ، وَأَلْبِسُوهُ مِنَ الْجَنَّةِ " قَالَ: «فَيَأْتِيهِ مِنْ رَوْحِهَا وَطِيبِهَا"[۲۰]۔

(کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب لوگ میت کو دفن کرکے چلے جاتے ہیں تو اس کے پاس دو فرشتے آکر اس کو بٹھا دیتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں تیرا رب کون ہے ؟وہ کہتا ہے: میرا رب اللہ ہے۔ پھر پوچھتے ہیں تیرا دین کیا ہے ؟وہ کہتا ہے؛ میرا دین اسلام ہے۔ پھر پوچھتے ہیں یہ شخص کون ہے جو تم میں مبعوث کیا گیا ہے ؟وہ کہتا ہے یہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ پھر آسمان سے ندا کی جائے گی میرے بندے نے سچ کہا اس کے لئے جنت سے فرش بچھا دو اور اس کے لئے جنت کا دروازہ کھول دو اور اس کو جنت کا لباس پہنا دو، فرمایا: اس کے پاس ہوا اور پاکیزہ خوشبو آتی ہے)۔

معلوم ہوا کہ جب قبر والا نام محمد ﷺ لیتا ہے تو اس کی قبر منور ہو جاتی ہے اور جنت کی کھڑکی کھل جاتی ہے۔ قبر کو ستر ضرب ستر وسیع کر دیا جاتا ہے۔ اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا مرتبہ اللہ سے بڑھ جائے۔ اس کے جواب میں صاحب تبیان القرآن لکھتے ہیں کہ "قبر اللہ کے نام سے ہی منور ہوتی ہے لیکن اللہ کے نزدیک اس کا نام لینا اس وقت مقبول ہوتا ہے جب اس کے نام کے ساتھ نام محمد ﷺ لیا جائے۔ اسی طرح انسان لا الہ الا اللہ پڑھنے سے ہی جنتی ہوتا ہے لیکن اللہ سبحانہ کے نزدیک لا الہ الا اللہ پڑھنا مقبول اس وقت ہوتا ہے جب لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد رسول اللہ پڑھا جائے"[۲۱]۔

سو اسلام کا دروازہ بھی نام محمد ﷺ سے کھلتا ہے اور اسلام لانے کے بعد اگر کوئی گناہ ہو جائے تو توبہ کا دروازہ بھی آپ ﷺ کے نام سے کھلتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے:

﴿وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلاَّ لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللهِ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذ ظَّلَمُواْ أَنفُسَهُمْ جَآءُوكَ فَاسْتَغْفَرُواْ اللهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُواْ اللهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا﴾[۲۲]۔

(اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر اس لئے کہ اس کی اطاعت کی جائے اللہ کے اذن سے ،اور اگر یہ لوگ جب ظلم کر بیٹھے تھے اپنے آپ پر حاضر ہوتے آپ کے پاس اور مغفرت طلب کرتے اللہ تعالیٰ سے نیز

مغفرت طلب کرتا ان کے لئے رسول (کریم) ﷺ بھی تو وہ ضرور پاتے اللہ تعالیٰ ' کو بہت توبہ قبول فرمانے والا ، نہایت رحم کرنے والا)۔

تحقیقی مطالعہ کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ اللہ پاک نے نبی کریم ﷺ کے لئے مختلف مقامات پر **يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ** کا لفظ استعمال کیا ہے، مثلاً:

۱۔ ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْ مِنِينَ﴾[۲۳]۔ (اے نبی (مکرم) کافی ہے آپ کو اللہ تعالیٰ ' اور جو آپ کے فرمانبردار ہیں مومنوں سے)۔

۲۔ ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْ مِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ﴾[۲۴]۔ (اے نبی :برانگیختہ کیجئے مومنوں کو جہاد پر)۔

۳۔ ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّمَن فِي أَيْدِيكُم مِّنَ الأَسْرَى﴾[۲۵]۔ (اے نبی (کریم) آپ فرمائیے ان قیدیوں سے جو تمہارے قبضہ میں ہیں)۔

۴۔ ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ﴾[۲۶]۔ (اے نبی کریم : جہاد کیجئے کافروں اور منافقوں کے ساتھ اور سختی کیجئے ان پر)۔

۵۔ ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ﴾[۲۷]۔ (اے نبی (مکرم) (حسب سابق) ڈرتے رہئے اللہ تعالیٰ سے)۔

عربی میں لفظ یا کے ساتھ اس وقت ندا کی جاتی ہے جب منادی (جس کو ندا دی جائے) غافل ہو اور ظاہر ہے کہ یہاں نبی اکرم ﷺ کو ندا کی گئی ہے اور غافل ہونا آپ کی شان سے بعید ہے، کیونکہ آپ ہر وقت اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کی طرف متوجہ رہتے ہیں تو ان مقامات پر پھر کیا مطلب ہوگا؟

علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں کہ "اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو آپ ﷺ کی صفت النبی کے ساتھ ندا کی ہے اور آپ کے اسم کے ساتھ ندا نہیں کی جس طرح دوسرے انبیاء علیہم السلام کو ندا کرتے ہوئے فرمایا : یا آدم ، یا نوح، یا موسی، یا عیسی، یا زکریا اور یا یحییٰ اور آپ کو معزز اور مکرم القاب مثلا: **یاایھاالنبی ،یاایھاالمزمل**، کے ساتھ ندا فرمائی اور اس سے سیدنا محمد ﷺ کی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عزت اور وجاہت کو ظاہر فرمایا ۔۔۔اور جو آپ ﷺ کا نام ذکر فرمایا ہے، یہ اس لئے ہے تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور وہ آپ ﷺ کے رسول ہونے کا عقیدہ رکھیں اور آپ ﷺ کو عقائد حقہ میں شمار کریں"[۲۸]۔

مزید اس حوالہ سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ قرآن مجید میں دوسرے انبیاء علیہم السلام کو ہمیشہ ان کے نام سے مخاطب کیا جاتا ہے جیسے یا آدم ، یا نوح ، یا ابراہیم (اے آدم ۔اے نوح۔ اے ابراہیم) ، لیکن اپنے حبیب مکرم ﷺ کو خطاب فرمایا تو نام سے نہیں بلکہ اسم وصفی سے ، جیسے ارشاد خداوندی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا﴾[۲۹]۔

(اے نبی (مکرم) (حسب سابق) ڈراتے رہئے اللہ تعالیٰ سے اور نہ کہنا مانئے کفار اور منافقین کا بے شک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا، بڑا دانا ہے)۔اس سے مقصود آپ ﷺ کی عظمت شان اور جلالت قدر کا اظہار ہے۔

علامہ آلوسی اور دیگر مفسرین نے لکھا ہے "ناداه جلّ وعلا بوصفه عليه الصلاة والسلام دون اسمه تعظيما له وتفخيما"[۳۰]۔(یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم ﷺ کی تعظیم و تکریم اور اظہار شان کے لئے وصف نبوت سے یاد فرمایا اور نام لے کر ندا نہیں دی۔ارشاد خداوندی ہے:

﴿هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ شَهِيدًا﴾[۳۱]۔

(وہ (اللہ) ہی ہے جس نے بھیجا ہے اپنے رسول کو (کتاب) ہدایت اور دین حق دے کر تاکہ غالب کر دے اسے تمام دینوں پر اور (رسول کی صداقت پر) اللہ کی گواہی کافی ہے)۔

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ لکھتے ہیں کہ ''اس آیت طیبہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی شان کبریائی اور اپنے نبی کریم ﷺ کے مقام رفیع اور منصب عالی کا ذکر فرمایا ہے کہ انہیں منصب رسالت پر فائز کرنے والا میں ہوں۔ میں نے ہی اس یتیم مکہ کو کتاب ہدایت عطا فرمائی ہے جس کے مقدر میں اس ظلمت کدہ عالم کو منور کرنا ہے۔ میں نے اس کو ایسا جامع نظام حیات اور شریعت بیضا دے کر مبعوث فرمایا ہے جو افراط و تفریط اور گوناگوں بدعنوانیوں سے روندے ہوئے گلشن انسانیت کے لئے پیغام بہار ہے، جس کو میں نے اس منصب رفیع پر فائز کیا ہے۔ کوئی طاقت اس کو اس شرف سے محروم نہیں کر سکتی۔ ساری دنیا انکار کر دے اس کی عظمت کا ماہ تمام چمکتا ہی رہے گا۔ اے کفار تم نے میرے محبوب کے اسم گرامی کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے الفاظ مٹا دینے پر اصرار کیا۔ اس ورق سے تو تم مٹا سکتے ہو لیکن لوح محفوظ، عرش و کرسی کے بلند کنگروں، جنت کے ایوانوں اور اہل ایمان و محبت کے الواح قلوب پر محمد رسول اللہ ﷺ کے الفاظ ہمیشہ تابندہ و درخشندہ رہیں گے۔ وہاں سے تو تم نہیں مٹا سکتے'' [۳۲]۔

رسولہ میں اضافت غور طلب ہے۔ سارے رسول اسی نے بھیجے ہیں۔ لیکن اس رسول کو جو نسبت ہے، اس کی شان ہی نرالی ہے۔ برق غضب بن کر باطل کو خاکستر کرنے نہیں آیا، بلکہ ابر رحمت بن کر پیاسی دنیا کو سیراب کرنے آیا ہے۔ فرمایا: اسے ہدایت اور دین حق دے کر مبعوث کیا گیا ہے۔ ہدایت سے مراد قرآن اور دین حق سے مراد شریعت محمدی ﷺ، یا ہدایت سے علم دین اور دین سے مراد عمل۔ دین الحق میں اضافت موصوف الی الصفۃ ہے، یعنی الدین الحق ایسا دین جو حق ہے۔

آخر میں فرمایا کہ میں اپنے رسول کی رسالت کا بھی گواہ ہوں اور اس کی حقیقت کا بھی گواہ ہوں کہ وہ کتاب ہدایت اور دین رحمت لے کر آیا ہے، اور اس بات کا بھی ضامن ہوں کہ یہ دین سب ادیان پر غالب آئے گا اور میری گواہی کے بعد ان سچائیوں کو ثابت کرنے کے لئے کسی دوسرے گواہ کی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ﴾[۳۳]۔

(اور آپ کے رب کی رحمت (خاص) بہت بہتر ہے اس سے جو وہ جمع کرتے ہیں)

اے میرے محبوب! تیرے رب کریم کی خصوصی رحمت یعنی منصب رسالت اور ختم نبوت جس سے اس نے آپ ﷺ کو سرفراز فرمایا ہے۔اس کے مقابلہ میں دنیا بھر کے قارونوں کے خزانوں کی کیا حیثیت ؟رحمۃ ربک کے کلمات میں کیا لطف ہے رب تو وہ سارے جہانوں کا ہے ، لیکن اس کی شان ربوبیت کی جو خصوصی نسبت آپ ﷺ کی ذات سے ہے وہ تو کسی دوسرے کو نصیب نہیں۔آیت کے اس حصہ میں بتادیا کہ جب معیشت دنیا کی تقسیم میں ان کا کوئی دخل نہیں تو نبوت جو بڑی ہی قیمتی اور گراں بہا متاع ہے اس کی بخشش میں ان کی رائے کون پوچھتا ہے۔

حاصل بحث یہ ہے کہ وہ نام جو حضور اکرم ﷺ کی ذات کے لئے تجویز ہوا اور جس کی بشارت کئی صدیاں پہلے دی گئی یہ صرف نام ہی نہ تھا بلکہ وہ نبوت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی اور معجزات میں سے ایک معجزہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسم احمد ﷺ کو اس بات سے محفوظ رکھا کہ حضور ﷺ سے پہلے کوئی یہ نام رکھے ،پھر نام محمد ﷺ کو محفوظ رکھا وہ صرف زمانہ نبوت سے تھوڑا پہلے لوگوں میں ظاہر ہوا اور عربوں میں سے چند افراد نے اپنے بیٹوں کا یہ نام اس لئے رکھا کہ ان کا بیٹا بھی نبی منتظر ہو جس کا زمانہ آچکا ہے، جس کی صبح کی بشارتیں ظاہر ہو رہی ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یوں بھی اسے محفوظ رکھا کہ جن لوگوں نے یہ نام رکھے تھے وہ نبوت کا دعویٰ کرتے یا کوئی اور ان کے بارے میں یہ بات کرتا۔

اگر حضور ﷺ کے پیروکار جو آپ ﷺ کی شریعت پر ایمان لائے ،آپ ﷺ کی نبوت کی حقیقت کو پہچانا اور قریب سے اللہ تعالیٰ کے ان انوار کا مشاہدہ کیا جو حضور ﷺ کی وجہ سے ان پر برس رہے تھے۔اگر وہ ارادہ کرتے کہ آپ ﷺ کے لئے موزوں نام کا انتخاب کریں جو جلال نبوت اور عظمت نبوت کے مناسب ہوتا تو اسم محمد سے زیادہ معزز اور مناسب نام نہ پاتے۔ علاوہ ازیں :اسلام میں دخول بھی اسم محمد سے ہوتا ہے۔توبہ اسی نام سے قبول ہوتی ہے۔ قبر میں اجالا اسی نام سے ہوتا ہے۔ قبر میں جنت کی کھڑکی اسی نام سے کھلتی ہے۔ شفاعت کبریٰ اسی نام سے ہوگی اور جنت کا دروازہ بھی اسی نام سے کھلے گا۔

نتائج تحقیق

اس مقالہ کے نتائج حسب ذیل ہیں:

۱۔ حضور اکرم ﷺ کے اسماء ذات دو ہیں احمد اور محمد۔آسمان میں احمد ہے اور زمین پر محمد ہے۔

۲۔ محمد جسے عمدہ الہام وتدبیر سے آپ ﷺ کے لئے بطور علم منتخب کیا گیا ہے اور کئی قرون تک زندگی کے ضمیر میں محفوظ رکھا گیا ہے۔ یہ صرف نام ہی نہیں بلکہ نبوت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔

۳۔ اسم محمد تجویز کرنے میں حسن اتفاق کا معاملہ نہیں، کیونکہ حسن اتفاق کا معاملہ مان لیا جائے تو پھر اللہ تعالیٰ کے فضل ورحمت کے مواقع کہاں ہوں گے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جب کسی کو منتخب کرے گا تو اس کی تدبیر وحکمت کی آیات کہاں جلوہ گر ہوں گی۔

۴۔ دوسرا حسن اتفاق کا معاملہ اس لئے نہیں کیونکہ آقا دو عالم ﷺ کی پیدائش کے موقع پر یہ نام معروف نہیں تھا۔ اگر بالفرض معروف تھا بھی تو پھر بھی اس قریشی ہاشمی بچے کا یہ نام تجویز کرنا ایسے امور میں سے نہ تھا جس کا پہلے سے انتظار کیا جارہا ہو۔

۵۔ اسم محمد کو تمام ناموں پر فضیلت حاصل ہے۔ اور یہ لفظ (محمد) علم (نام) بھی ہے اور صفت بھی۔ اور آپ ﷺ کے حق میں یہ دونوں چیزیں جمع ہیں۔

۶۔ نبی اکرم ﷺ علی الاطلاق حسن اور کمال ہیں۔ اگر آپ ﷺ میں کسی وجہ یا کسی اعتبار سے کوئی عیب یا نقص ہوتا تو آپ ﷺ علی الاطلاق محمد نہ ہوتے، کیونکہ نقص اور عیب کی مذمت ہوتی ہے، حمد نہیں ہوتی۔

۷۔ حضور اکرم ﷺ احمد الحامدین (حمد کرنے والوں میں سے سب سے آگے) احمد المحمودین (جن کی تعریف کی جاتی ہے ان میں سے بھی رفیع) ہیں۔

۸۔ محبوب مکرم ﷺ کے پیروکار جو آپ ﷺ کی شریعت پر ایمان لائے، اگر وہ ارادہ کرتے کہ آپ ﷺ کے لئے موزوں نام کا انتخاب کریں جو جلال نبوت اور عظمت نبوت کے مناسب ہوتا تو اسم محمد سے زیادہ معزز اور مناسب نام نہ پاتے۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ سورۃ الصف ۶۱:۶

۲۔ امجدی، محمد شریف الحق، نزھۃ القاری شرح صحیح بخاری، فرید بک سٹال لاہور، ج۴، ص۵۰۷۔۵۰۸

۳۔ سورۃ آل عمران ۳:۴۴ ۱

۴۔ سورۃ الاحزاب ۴۰:۳۳

۵۔ سورۃ محمد ۲:۴۷

۶۔ سورۃ الفتح ۴۸:۹ ۔ ۲

۷۔ البخاری، ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل، (متوفی ۲۵۶ھ)، الجامع الصحیح المسند من حدیث رسول اللہ ﷺ، کتاب المناقب، باب ماجاء فی اسماء رسول اللہ، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت، ۱۴۱۲ھ، رقم الحدیث ۳۵۳۱

۸۔ المالکی،ابوعبدمحمد بن خلیفہ ابی ،(متوفیٰ۸۲۸ھ) ،اکمال اکمال المعلم، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ،۱۱۵ھ ،ج۸،ص۹۳

۹ ۔ القاری،علی بن سلطان محمد،(متوفیٰ۱۰۱۴ھ)،جمع الوسائل،مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی،ج۲،ص۲۲٦۔۲۲۷

۱۰۔ ایضا

۱۱ ۔ الخطیب،عبد الکریم ،النبی محمد،مطبوعہ ضیاءالقرآن پبلیکیشنزلاہور،ص۲۹

۱۲ ۔ ایضا،ص۳۱۔۳۲

۱۳۔ عسقلانی ،حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر ،(متوفیٰ ۸۵۲)،فتح الباری، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیة، لاہور ،ج٦،ص۵۵۵

۱٤۔ سعیدی ،غلام رسول ،تبیان القرآن،فرید بک،لاہور ،ج۱۱،ص۱۲۹

۱۵۔ البخاری،الجامع الصحیح المسند من حدیث رسول اللہ ﷺ،کتاب المناقب،باب ماجاءفی اسماءرسول اللہ، رقم الحدیث ۳۵۳۳

۱٦۔ سعیدی،تبیان القرآن،ج۱۱،ص ۱۲۹

۱۷۔ ابن قیم جوزیہ ،شمس الدین محمد بن ابی بکر ،(متوفیٰ۷۵۱ھ)،جلاءالافہام، مطبوعہ دارالکتاب الاسلامی بیروت ،۱۴۱۷ھ ،ص ۹۳

۱۸۔ القاری،علی بن سلطان محمد،(متوفیٰ۱۰۱۴ھ)،مرقات ، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،۱۳۹۰ھ،ج ۱ ،ص ۵۱

۱۹ ۔ عثمانی ،شبیر احمد ،(متوفیٰ ۱۳٦۹ھ) ،فتح الملہم، مطبوعہ مکتبہ الحجاز کراچی ،ج ۱،ص ۱۰۴

۲۰۔ سبحستانی ،ابو داؤ د سلیمان بن اشعث ،(متوفیٰ۲۷۵ھ)،سنن ابی داؤد، کتاب الدیات ،باب المسالة فی القبر وعذاب القبر،مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت،۱۴۱۴ھ ، رقم الحدیث ۴۷۵۳

۲۱۔ سعیدی،تبیان القرآن،ج۱۱،ص۱۳۱

۲۲۔ سورۃالنساء۴: ٦۴

۲۳۔ الانفال۸:۴ ۶

۲٤۔ ایضا:٦۵

۲۵۔ ایضا:۷۰

۲٦۔ سورۃالتوبة۹:۳ ۷

۲۷۔ سورۃالاحزاب۳۳:۱

۲۸۔ اسماعیل حقی حنفی،روح البیان،مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ،ج۷،س۱۵۷

۲۹۔ الاحزاب۳۳ :۱

۳۰۔ الألوسی ،ابوالفضل سیدمحمود (متوفیٰ۱۲۷۰ھ)،روح المعانی فی تفسیرالقرآن العظیم والسبع المثانی،مطبوعہ داراحیاءالتراث العربی،بیروت، ج۱۱،ص۱۴۴

۳۱۔ سورۃالفتح۲۸:۴۸

۳۲۔ الازہری ،محمد کرم شاہ ،ضیاءالقرآن،مطبوعہ ضیاءالقرآن پبلیکیشنزلاہور،ج۴،ص۵٦٦

۳۳۔ سورۃالزخرف۳۲:۴۳

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

موجودہ تعلیمی اضطراب اور اسکا حل سیرت طیبہ کی روشنی میں

(Current educational agony and its solution in the light of *Serat-e-Tayyabah*)

***ڈاکٹر نجمہ بانو**
ایسوسی ایٹ پروفیسر/چیئرمین، شعبہ عربی، گورنمنٹ کالج وویمن یونیورسٹی، فیصل آباد
****سعیدہ بانو**
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، گورنمنٹ کالج وویمن یونیورسٹی، فیصل آباد

ABSTRACT

Education is an integral part of society. No one can deny its importance and significance. As it is the most important tool to build a civilized nation. And it is the reason that Islam always emphasized on the education of its inhabitants, and sent prophets to teach the people of their ages. But Muhammad (PBUH) is the only Prophet whose teachings are for all the ages and to all the nations till the day of judgement. But unfortunately, the followers of Prophet (PBUH) have forgotten the true teachings, so are entangled in the social, ethical, cultural and religious crises. These problems are just because of the wrong ways that are being adopted.

There are some vital areas that need much attention and ownership. In this regard government and community should pay their role in this regard. There should be uniform educational system irrespective of the class, colour and creed based upon the national integration as well as humanity. There should an education system having the same curriculum comprises of the true teachings of Islam having a focus on peace, prosperity, progress and stability. Cramming should not be promoted among the pupils but instead they should be invited to seek the knowledge and wisdom.

So, this article throws light on important issues and the solutions to handle the situation and promotes one type of an ideal education system based on the methodology given by Prophet (PBUH).

تعمیر انسانیت اور تربیت افراد کے لئے انبیاء علیہم السلام کو ہر دور میں مسلم قرار دیا گیا۔ اللہ تعالی نے اوامر ونواہی کی تعلیم دینے کے لئے نظام رسالت و وحی قائم کیا۔ انبیاء و رسل علیہم السلام اپنے اپنے علاقوں اور زمانوں کی ہدایت و رہنمائی میں مصروف رہے۔ مگر حضرت محمد ﷺ کی حیات طیبہ کو دور نبوی سے لے کر قیامت تک قابل تقلید نمونہ بنادیا گیا۔ جیسا کہ سورۃ البقرہ میں فرمایا:

﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾[1]

(بے شک تمہارے لیے اللہ کے رسول ﷺ کی زندگی ہی بہترین نمونہ ہے)۔

لہٰذا آپ کے اقوال و افعال پوری امت کے لئے حجت ہیں۔ افسوس آج یہی امت محمدیہ صداقت، عدالت، شجاعت کا سبق چھوڑ کر دنیا کی امامت سے دور ہو گئی اور گوناں گوں معاشی، معاشرتی، سماجی، ثقافتی اور مذہبی مسائل کا شکار ہو گئی۔ جہاں اس کی دیگر بہت سی وجوہات ہیں ان میں سے ایک وجہ تعلیمی انحطاط اور اس کی غلط سمت ہے۔ آج عالم اسلام اغیار و اشرار کے نرغے میں ہے۔ غیروں کے علاوہ اپنوں نے مشق تحقیق و ستم بنایا ہوا ہے، تمام اسلامی اقدار، اسلامی علوم اور اسلامی تمدن اور روایات کو فکر و نظر کے نشتر سے مجروح کیا جارہا ہے ۔علم و تحقیق کے بہانے سے اس کے پیکر جمیل کو مسخ کیا جارہا ہے اور الحاد و مادیت کے کارخانوں کو دین کے استعمال کے لئے اسلحہ میدان میں اتر رہا ہے جس کا تصور بھی آج سے پہلے نہ ہو سکا۔ ان حالات میں تعلیمی مراکز کے استحکام و ترقی اور نظم وضبط کی طرف توجہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اور اس سلسلے میں علماء کے علاوہ حکومت وقت پر بھی اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔

موجودہ تعلیمی اضطراب

۱۔ تعلیمی اداروں میں مختلف اور الگ الگ نظام تعلیم جاری ہے جو طبقاتی تقسیم پیدا کر رہا ہے۔

۲۔ ابتدائی تعلیم سے میٹرک تک غیروں کا نصاب پڑھایا جارہا ہے جو ہماری تہذیب , اخلاقی روایات کے خلاف ہے۔

۳۔ مذہبی اور عصری نظام تعلیم میں ہم آہنگی نہ ہونے کی وجہ سے معاشرے میں قتل و غارت اور افراتفری کا میدان گرم۔

۴۔ عربی زبان سے بے توجہی برتنے سے مسلمان اسلاف کی میراث اور مرکز کھو بیٹھے۔ قرانی و نبوی تعلیمات سے بے بہرہ ہونے کی وجہ سے ذلیل ورسوا رہے ہیں. انگریزی کو وجہ فضیلت بنانے اور تمام درجات ومراحل کا ایک نصاب اور ایک ذریعہ تعلیم اردو نہ کیا جاسکا۔اور نہ ہی اردو کو خاص اہمیت دی جاسکی اور نہ ہی اردو کے بارے میں احساس کمتری کو ختم کیا جاسکا۔

۵۔ مخلوط تعلیم نے اخلاق کا جنازہ نکال دیا. طلبا وطالبات کی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے نصاب اور الگ تعلیمی اداروں کا انتظام نہ ہونے سے کئی قباحتیں پیدا ہوئیں۔

۶۔ ٹیوشن کی بیماری عام اور اساتذہ نے تعلیم کو بھی کاروبار میں ڈال لیا۔

۷۔ اساتذہ کو مناسب مرتبہ ومقام نہ ملنے کے باعث اکثر اساتذہ ملک سے باہر خدمات پیش کر رہے ہیں۔

علم جو کہ بینائی ہے، روشنی ہے، شجر سایہ دار، ہر سو پھیلنے والی خوشبو اور حیات ہے۔ جبکہ جہل، جہالت، اندھا پن، اگ، گھن، اور موت ہے۔ قوموں کی بقاو سالمیت کے لئے علم اتنا ہی ضروری ہے جتنا سانس لینا اور رگوں میں خون کا دوڑنا۔ کسی بھی فلاحی و نظریاتی ریاست کے لئے سرحدوں کی نگرانی بھی انتہائی ضروری ہے۔اس محاذ پر کامیابی کے لئے پوری قوم کا نظریاتی ریاست کے لئے سرحدوں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ ملک کے اندرونی

معاملات کی نگرانی بھی انتہائی ضروری ہے۔ اس محاذ پر پوری قوم کا نظریاتی طور پر مستحکم، باشعور اور تعلیم و تربیت سے آراستہ ہونا بہت ضروری ہے۔

غار حرا میں پہلی وحی

﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ، خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ، اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ ، الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ، عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ كَلَّا إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغَى﴾[۲]

((اے حبیب!) اپنے رب کے نام سے (آغاز کرتے ہوئے) پڑھئے جس نے (ہر چیز کو) پیدا فرمایا اس نے انسان کو (رحمِ مادر میں) جونک کی طرح معلّق وجود سے پیدا کیا پڑھیئے اور آپ کا رب بڑا ہی کریم ہے جس نے قلم کے ذریعے (لکھنے پڑھنے کا) علم سکھایا جس نے انسان کو (اس کے علاوہ بھی) وہ (کچھ) سکھا دیا جو وہ نہیں جانتا تھا۔ جس نے (سب سے بلند رتبہ) انسان (محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بغیر ذریعۂ قلم کے) وہ سارا علم عطا فرما دیا جو وہ پہلے نہ جانتے تھے (مگر) حقیقت یہ ہے کہ (نافرمان) انسان سرکشی کرتا ہے)

اس بات کا اظہار ہے کہ جہالت کے بادل کیسے چھٹتے ہیں۔ مردہ قومیں کیسے زندہ ہوتی ہیں اور دنیا کی امامت کیسے ملتی ہے۔ ننگے پاؤں بکریاں چرانے والی قوم کبھی دارار قم میں ہادیٔ اعظم کا کلام براہ راست سن کر احکام اور طریقہ ہائے زندگی سیکھتی ہے تو کبھی "صفہ" کے چبوترے پر تعلیم و تربیت کے کورسز مکمل کرکے پوری انسانیت کو جہاں گیری و جہاں داری کے اصول سکھاتی ہے۔ مکہ مکرمہ میں حالات کی ناسازگاری کے باوجود کسی نہ کسی طرح قرآن کی تعلیم جاری رہی تھی۔ اس پورے دور میں کوئی باقاعدہ درس گاہ نہیں تھی۔ رسول اللہ ﷺ صحابہ رضی اللہ عنہ کو تعلیم دیتے تھے۔ موسم حج اور دیگر مواقع پر لوگوں کو قرآن سناتے اور ان کی تربیت کرتے تھے۔ اس دور میں مسجد ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دارار قم، بیت فاطمہ بنت خطاب، شعب ابی طالب وغیرہ کو کسی حد تک درس گاہ سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔ اس کے باوجود مکی دور میں ہی متعدد قراء و معلّمین پیدا ہوئے۔ جنہوں نے دوسروں کو قرآن اور تفقہ فی الدین کی تعلیم دی اور ساتھ ہی ساتھ قرآنی تعلیمات کے مطابق ان کی تربیت بھی کی۔ حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ مکہ میں بیت فاطمہ بنت خطاب رضی اللہ عنہ میں قرآن کی تعلیم دیتے تھے۔ حضرت سالم مولی ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ ہجرت عامہ سے پہلے قبا میں، اور حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن ام کلثوم رضی اللہ عنہ (عمر بن تیس اعمی) نقیع الخضامت میں اور حضرت رافع بن مالک زرقی مسجد بنی زریق میں تعلیمی و تربیتی خدمات انجام دیتے تھے۔ یہ سب مکہ کے فضلاء تھے۔ ان کے اصحاب وتلامذہ مدینہ منورہ کی مساجد میں امامت اور تعلیمی وتربیتی خدمات انجام دیتے تھے[۳]۔

آپ ﷺ نے اپنی تعلیمی وتربیتی پالیسی کے تحت تین سکیمیں شروع کیں:

۱۔ ابتدائی اور لازمی تعلیم ۲۔ تعلیم بالغاں ۳۔ تعلیم نسواں

کھجور کے پتوں کا سائبان تھا جہاں حضور ﷺ خود تعلیم وتربیت کی نگرانی فرماتے اور خواتین کو جنہیں عرب معاشرے میں پیدا ہوتے ہی زندہ در گور کر دیا جاتا تھا، باپ اور بھائی جسے باعث تذلیل سمجھتے تھے وہاں آپ ﷺ نے اسی عورت کو نا صرف باعزت مقام دیا بلکہ جنت کو اس کے قدموں تلے قرار دیا۔ آپ ﷺ نے خواتین کو تعلیم دینے کیلئے علیحدہ دن مقرر فرمادیا تھا۔

''طلب العلم فریضة علی کل مسلم'' [4] (علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت ہر فرض ہے) فرما کر مرد وعورت کی تخصیص ہی ختم کر ڈالی۔[5]

قرآن وسنت کی تعلیمات کے بغیر کسی اسلامی معاشرہ کی بقاء اور اس کے قیام کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔ قرآن وسنت اسلامی تعلیمات کا منبع ہیں۔ قرآن وسنت کے علوم ومعارف سمجھنانے کے لئے مدارس کا وجود ناگزیر ہے۔ اس کے ساتھ فرمان رسول اکرم ﷺ سے بھی تعلیم کی ضرورت واہمیت کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے، ارشاد نبوی ہے:

''خیرکم من تعلم القرآن و علمہٗ'' [6]

(تم میں بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھتا ہے اور دوسروں کو سکھاتا ہے)

ایک اور حدیث میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''و عن ابن مسعود رضی الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: تعلموا العلم و علموه الناس، تعلم الفرائض و علموها، تعلموا القرآن و علموه الناس، فانی امرؤ مقبوض، والعلم سینقبض، و تظهر الفتن، حتی یختلف اثنان فی فریضة لا یجدان احدا یفصل بینهما'' [7]

(علم سیکھو اور سکھاؤ، فرائض سیکھو اور سکھاؤ، کیونکہ میں انسان ہوں جو اٹھالیا جاؤں گا، فتنے ظاہر ہوں گے، یہاں تک دو آدمیوں میں ایک فرض کے متعلق اختلاف ہوگا تو ان کو کوئی نہ ملے گا جو ان کے درمیان فیصلہ کرے)۔

کسی دارالعلوم کا مقام ایک مسلح معاشرے کے علوم نبوت کے پاور ہاؤس جیسا ہوتا ہے جس کے ذریعے علوم نبوت کی روشنی رہتی ہے۔ دنیا تک بھٹکتی ہوئی انسانیت کی رہنمائی کرتی رہتی ہے، اس کا مقام قلب اور روح جیسا ہے جس کی تازگی اور مسلسل حرکت کی وجہ سے زندگی رواں دواں رہتی ہے۔ لہٰذا جن مراکز میں اس دین کی حفاظت اور اشاعت کا کام ہو رہا ہے ان سے غفلت اور بے اعتنائی اپنی دینی و قومی روایات نہ صرف انحراف بلکہ ملی خودکشی کے مترادف ہے۔

آپ ﷺ کی تعلیمات کسی ایک گروہ یا علاقے کے لئے نہ تھی۔ ان میں ہر طرح کے لوگ شامل تھے۔ ان کے لئے نمونہ صرف نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس تھی۔

اس نبوی تعلیم حاصل کرنے والی قوم نے ایسے جانباز پیدا کئے جن کی مثال قیامت تک نہیں مل سکتی۔ حضرت فاروق رضی اللہ عنہ جیسا کامیاب حکمران، حضرت علی رضی اللہ عنہ جیسا قاضی القضاۃ، حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ جیسا قاری، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما جیسا ماہر علوم القرآن، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جیسا مجسر و فقیہ، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ جیسا علم الفرائض میں ممتاز اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ جیسا حلال و حرام کا سب سے زیادہ علم رکھنے والا۔

علم اور قلم سے نسبت رکھنے والے علماء کی فضیلت اور اہمیت

﴿يَرْفَعُ اللهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ﴾[8]

(اللہ تعالیٰ تم میں سے ایمان والوں کے اور ان لوگوں کے جن کو علم عطا ہوا ہے درجات بلند کرے گا)

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ (متوفی ۸۵۲ھ) اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ مومن عالم کو غیر مومن پر فضیلت عطا فرماتا ہے اور درجات کی رفعت علم کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے اور یہاں علم سے مراد شریعت ہے''[9]

امام رازیؒ التفسیر الکبیر میں لکھتے ہیں:

''فان اللہ تعالیٰ وصف العلماء فی کتابہ خمس مناقبۃ'' [10]

(پس اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں علماء کے پانچ مناقب بیان فرمائے ہیں)

الایمان

﴿وَالرَّاسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ﴾[11]

(اور جو لوگ علم میں پختہ کار ہیں، یوں کہتے ہیں کہ ہم اس پر یقین رکھتے ہیں)

التوحید والشھادۃ

﴿شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ﴾[12]

(اللہ تعالیٰ نے، فرشتوں نے اور اہل علم نے گواہی دی کہ بے شک اللہ کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں)

البکاء

﴿وَيَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ وَيَزِيدُهُمْ خُشُوعًا﴾[13]

(اور ٹھوڑیوں کے بل روتے ہوئے گرتے ہیں اور قرآن ان کا خشوع بڑھا دیتا ہے)۔

الخشوع

﴿إِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهِ إِذَا يُتْلَى عَلَيْهِمْ يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ سُجَّدًا﴾[14]

(بے شک جن کو قرآن سے قبل علم دیا گیا تھا یہ قرآن جب ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں)

قرآن حکیم کی طرح احادیث رسول ﷺ سے بھی علوم و فنون کا استنباط کیا گیا ہے اور اگلی صدیوں میں ان پر تحقیق کے ذریعے ہزاروں کتب کا بیش بہا ذخیرہ مرتب ہوا۔ قرآن مجید کے بعد اسلامی تعلیمات کا دوسرا بڑا سرچشمہ احادیث مبارکہ ہیں جو قرآن پاک کی تشریح و تفسیر کا درجہ رکھتی ہیں۔ آپ ﷺ کی بہت سی احادیث سے علم کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔ فرمان نبی ﷺ ہے:

"ان العلماء ورثة الانبیاء" [15] (بے شک علماء ہی انبیاء کے وراث ہیں)

ایک اور جگہ ارشاد نبی ﷺ ہے:

"اگر کوئی قوم کسی مسجد میں تلاوت قرآن مجید اور تعلیم و تعلم کے لئے جمع ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر سکینہ نازل فرماتے ہیں۔ اللہ کی رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے ان پر اپنے پر بچھا لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر فرشتوں میں بڑے فخر سے کرتے ہیں" [16]

ایک اور روایت میں حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے:

"العالم والمتعلم شریکان فی الاجر" [17]

(عالم اور طالب علم دونوں اجر میں شریک ہیں)۔

ایک اور حدیث مبارک میں ہے:

"من یرد اللہ بہ خیرا یفقہ فی الدین" [18]

(اللہ جس سے بھلائی چاہتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا کر دیتا ہے)۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں:

میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ میں سو رہا تھا (خواب میں) مجھے ایک دودھ کا پیالہ دیا گیا تو میں نے پی لیا، یہاں تک کہ میں یہ سمجھنے لگا کہ رطوبت میرے ناخنوں سے نکل رہی ہے۔ پھر میں نے اپنا بچا ہوا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دے دیا، صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے اس کی کیا تعبیر لی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "علم" [19]

الغرض: اسلامی تعلیمات کے دونوں سرچشمے قرآن مجید اور اسوۃ حسنہ کی فضیلت اور اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں اور یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ قرآن کے زیر اثر روایت حدیث کی جستجو نے مسلمانوں کے لئے کئی دیگر علوم و فنون کی راہیں کھول دی ہیں۔

قاضی ابو بکر بن عربی اپنی قانون التأویل میں بیان کرتے ہیں کہ قرآنی علوم کی تعداد (۷۷۴۵۰) ہے۔ مسلمان اہل علم نے صرف مطالعہ قرآن کے ذریعے جو علمی و ادبی اور سائنسی اور سماجی علوم و فنون اخذ کئے ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں:

علم التوحید	علم القراۃ	علم النحو
علم الصرف	علم التفسیر	علم اللغۃ
علم الاصول	علم الفروع	علم الکلام
علم الفقہ والقانون	علم الفرائض والمیراث	علم الاثار
علم الجریمۃ	علم الحربۃ	علم التاریخ
علم التزکیہ والتصوف	علم التعبیر	علم الادب
علم البلاغت	علم المعانی	علم البیان
علم البدیع	علم الجبر، والمقابلۃ	الثقافۃ
علم المناظرۃ	علم الفلسفۃ	علم النفسیات
علم الاخلاق	علم السیاسۃ	علم المعاشرۃ
المعیشت والاقتصاد	علم الکیمیا	علم الخطاطی
علم الطبعیات	الحیاتیات	علم المیقات
علم النباتات	علم الزراعۃ	علم الحیوانات
علم الطب	علم الادویۃ	علم الجنس
علم تخلیقات	علم کونیات	علم الہیئیت
علم جغرافیۃ	علم الارضیات[۲۰]	

تعلیمی اضطراب کا حل

اگر ہمارا تعلیمی نظام سیرت طیبہ کی روشنی میں مرتب کر دیا جائے تو معاشرے کی بہت الجھنوں، تعلیمی اضطراب، اخلاقی زبوں حالی اور انتظامی مسائل سے نبرد ازما ہو یا جاسکتا ہے۔ نظام تعلیم میں درج ذیل باتوں کا خیال رکھا جاسکتا ہے:

۱۔ تعلیم کا بنیادی مقصد انسانی ذات کی شفافیت ہو اور یہ کہ انسان اپنی ذات کو پہچانے، اپنے مقصد کو متعین کرے اور اپنے مرتبہ و مقام کو جانے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ﴾[۲۱]

قوموں کی ترقی اور زوال کی وجہ تعلیم ہی بنتی ہے۔ تعلیم حاصل کرنے کا مقصد صرف سکول کالج یا یونیورسٹی کی ڈگری لینا نہیں بلکہ اس کے ساتھ تعظیم اور تہذیب سیکھنا بھی ضروری ہے تاکہ انسان اپنی معاشرتی روایات اور اقدار کا پاس رکھ سکے۔ تعلیم انسان کا کردار بھی سنوارتی ہے اور یہ ایک ایسی دولت ہے جو بانٹنے سے کم نہیں ہوتی بلکہ بڑھتی ہے، انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ بھی صرف تعلیم سے ملا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ﴾ [۲۲]

(اور ہم نے بنی آدم کو فضیلت دی)

۲ ۔ نظام تعلیم ایسا مرتب ہو جس میں قرآن و سنت کی صحیح فہم ہو تاکہ طالب علم درست سمت اختیار کرسکے۔ فرمان نبوی ہے:

"مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ"

(اللہ جس کے ساتھ بھلائی کاارادہ کرتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا کر دیتا ہے)۔

اسلام کی تعلیم کا اوّلین مقصد رضائے الٰہی کا حصول ہے۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ انسان اور اللہ کے درمیان اس تعلق کو استوار کرنا ہے جس کے نتیجے میں انسان ہر رضا و رغبت اپنی زندگی کے تمام امور میں احکام الٰہی پر عمل کرتا اور رضائے الٰہی کو اپنی پسند و ناپسند کا معیار ٹھہراتا ہے۔ قرآن کریم کے الفاظ میں اس کا ارتقائی وانتہائی مقام یہ ہے:

﴿قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ﴾ [۲۲]

(کہہ دو میری نماز، میرا حج، میرا جینا، میرا مرنا، سب کچھ اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے)

۳ ۔ نظام تعلیم تعمیر کردار کا ضامن ہو۔ تعلیمی اداروں سے باہر آنے والی نسل ایسی ہونی چاہے جو اعلی اخلاقی کردار اور اجتماعی زندگی کے اوصاف سے متصف ہو نہ کہ فیس بک اور موبائل کے سرطان میں مبتلا بیمار، لاچار اور معذور قوم۔ ایسا نصاب مرتب ہونا چاہے جس میں نوجوان نسل سیرت طیبہ اور اتباع رسول ﷺ کی پیروی کرسکے۔ کیونکہ مسلمان کی زندگی کا محور یہی ہے، اسی میں حقیقی کامیابی کا راز مضمر ہے۔

ارشاد خداوندی ہے:

﴿ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا﴾ [۲۳]۔

(اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کے کہنے پر چلا تو وہ بہت بڑی کامیابی کو پہنچا)

حضور نبی کریم ﷺ کی سیرت پاک ہمیں علم و عمل کی دعوت دیتی ہے۔ ہر دور کے انسان کو یہ یاد دہانی کرانے کی ضرورت ہے کہ اس کا روشن مستقبل آپ ﷺ ہی کی تعلیمات پر عمل کرنے سے وابستہ ہے۔ اور آپ ﷺ کی ذات گرامی تمام دنیا کے لئے معلم اعظم اور رہبر کامل ہے۔ فرمان الٰہی ہے:

﴿ قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ﴾ [۲۴]

((اے حبیب!) آپ فرمادیں: اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو تب اللہ تمہیں (اپنا) محبوب بنالے گا اور تمہارے لئے تمہارے گناہ معاف فرمادے گا، اور اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہے) ۔

دعوت الی الخیر

مولانا مودودیؒ اس مقصد کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

''آخر کار خداوند عالم نے سر زمین عرب میں محمد ﷺ کو اسی کام کے لئے مبعوث کیا جس کے لئے پچھلے انبیاء علیہم السلام آتے رہے تھے۔ ان کا مخاطب عام انسان بھی تھے اور پچھلے انبیاء علیہم السلام کے پیروکار بھی۔ سب کو صحیح رویہ کی طرف دعوت دینا سب کو از سر نو اللہ کی ہدایت پہنچا دینا اور جو اس دعوت و ہدایت کو قبول کریں انہیں ایک ایسی امت بنا دینا ان کا کام تھا جو ایک طرف خود اپنی زندگی کا نظام اللہ کی ہدایت پر قائم کرے اور دوسری طرف دنیا کی اصلاح کے لئے جدو جہد کرے''۔ [۲۵]

فرمان ربانی ہے:

﴿ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ﴾ [۲۶]

(تم امت مسلمہ ایک بہترین امت ہو جو لوگوں کے لئے تخلیق کی گئی تاکہ (لوگوں کو) نیکیوں کا حکم کرو اور برائیوں سے روکو)۔

۴۔ نظام تعلیم تمام علوم کا سرچشمہ ہونا چاہیے۔ درسگاہ نبوی میں تربیت حاصل کر کے مسلمانوں نے علم ریاضی، ہیئت، طب، فلسفہ، قانون اور اصول جہانگیری وضع کیے۔ آج کے ترقی یافتہ دور میں سائنسی تحقیقات باعث حیرت اس لیے نہیں کہ قرآن بار بار تسخیر کائنات کی دعوت دیتا ہے۔ یہود و نصاریٰ قرآن و تفاسیر کے تراجم اور مسلمان سائنسدانوں کے کارناموں پر غور و فکر کر کے زمین کی گہرائیوں اور آفاق کی بلندیوں کو بانٹ رہے ہیں۔ جبکہ مسلمانوں نے قرآن کو ایصال ثواب کے کے لئے رکھ چھوڑا ہے۔ اسی لیے ثریا سے زمین پر ہم کو آسمان نے دے مارا۔

اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات بھی اس لئے بنائی تاکہ انسان تعلیم کے ذریعے اس کے پوشیدہ راز پہچان سکے اور اللہ کی معرفت حاصل کر سکے اور اس کو پہچان سکے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد مبارک ہے:

﴿وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا﴾ [۲۷]

(اور اس اللہ نے آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب تمہارے لئے مسخر کیا ہے)

۵۔ ہمارا تعلیمی نظام ایسا ہو۔ جس میں معاشرتی تقاضوں کا ادراک ہو۔ اسلام ایک ایسی ریاست کا حامی ہے جہاں انسان تمام شعبہ ہائے زندگی میں سرگرم عمل ہو۔ اور معاشرتی تقاضوں کو پورا کرنے کے لائق ہو۔ ایسا نظام تعلیم ہو جو افراد کو مذہبی، معاشی اور معاشرتی فرائض سمجھائے اور انہیں حقوق سے آشکارا کرے کیونکہ "لارھبانیۃ فی الاسلام

گویا تعلیم ایک نسل کی ثقافتی امانت اس کے بعد جنم لینے والی نسل کے سپرد کرتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اہل علم لوگوں کی محنت اور مسلسل جد جہد کا نتیجہ ہے کہ آج ہم اپنے آباؤاجداد کے کارہائے نمایاں ان کی طرز معاشرت، روایات اور اخلاقی اقدار کے بارے میں ہزاروں سال گزرنے کے باجود نہ صرف جانتے ہیں بلکہ ان پر

عمل پیرا بھی ہیں۔اسلام کی تعلیمات انسانی معاشرے کے قیام اور متوازن ترقی کے لئے بنیادی حیثیت رکھتی ہے، مثلا: جھوٹ سے گریز، والدین کی خدمت، پرامن زندگی، عدل وانصاف، علم کا حصول، محبت وشفقت، انسانیت کا احترام، ظلم کا خاتمہ یہ تعلیمات ہی تربیتی نظام تعلیم کی اساس ہیں[۲۸]

۶۔ نظام تعلیم میں مخلوط تعلیم سے گریز ہو۔ اسلام دین فطرت ہے۔ یہ وہ پہلا مذہب ہے جس نے مردوں کے ساتھ ساتھ عورتوں کی تعلیم وتربیت اور حقوق کا پورا خیال رکھا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے عورتوں کی تعلیم کا علیحدہ انتظام فرما رکھا تھا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں عورتوں کے لیے دو مدارس قائم تھے۔ ایک مدرسۃ ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا چلا رہی تھیں اور دوسرا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا چلا رہیں تھیں۔ جہاں خواتین بڑی سہولت کے ساتھ دینی تعلیم حاصل کرتیں اور عائلی زندگی کے مسائل کا نبوی حل پاتی تھیں۔

آج بھی ضرورت ہے کہ خواتین کی دینی ودنیاوی تعلیم کا بہترین انتظام ہو۔ جہاں وہ خالص اسلامی ماحول میں بغیر کسی رکاوٹ کے تعلیم حاصل کر سکیں۔ اس سلسلے میں خواتین یونیورسٹیوں کا قیام مستحسن ہے۔ جہاں حوا کی بیٹی بلا تکلف اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ایک صحتمند، باکردار، باعمل اور اسلامی رنگ میں رنگی ہوئی قوم تیار کر سکتی ہے۔ کیونکہ ایک عورت کی تربیت ایک معاشرے کی تربیت ہے۔ اگر اینٹ پختہ اور صحیح مقام پر ہو تو عمارت بھی عالیشان ہوتی ہے۔

تعلیم نسواں

آپ ﷺ نے عورتوں کے لئے ایک الگ دن مقرر فرمایا۔ اس روز آپ ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی معیت میں خواتین کے اجتماع میں تشریف لے جاتے اور عورتوں کی تعلیم وتربیت کرتے۔ انہیں وعظ ونصیحت فرماتے۔ حضرت مسیرہ رضی اللہ عنہا مہاجرات میں سے تھیں۔ وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں تعلیم دیتے ہوئے فرمایا:

"تسبیح، تہلیل اور تقدیس کو لازم کرو اور پوروں کے ساتھ ذکر کرو، کیونکہ ان سے پوچھا جائے گا۔ اور انہیں قوت گویائی عطا کی جائے گی اور غفلت نہ کرنا کہ رحمت کو بھول جاؤ"[۲۹]

ابتدائے اسلام میں اگرچہ نامور تعلیم یافتہ عورتوں کی تعداد بہت کم تھی، مگر بتدریج انہوں نے علم کے میدان میں کمال حاصل کر لیا۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی علمی حیثیت مسلم تھی۔ تابعینؒ کا ایک بڑا گروہ ان کے آستانہ فضل وکمال سے مستفیذ ہوتا رہا۔ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا علم حدیث کے اسرار ورموز میں اس قدر مہارت رکھتی تھیں کہ ان کا کوئی مد مقابل نہ تھا۔ تابعینؒ کی ایک بڑی جماعت نے ان سے اکتساب علم کیا۔ اور ان کے زیر تربیت کمال حاصل کیا۔

ام المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کی تعلیم کے لئے سیدہ شفا بنت عبداللہ رضی اللہ عنہا (جو عورتوں میں بڑی عقل منداور فاضلہ تھیں) کی خدمات حاصل کی گئی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں فرمایا کہ: جس طرح تم نے حفصہ رضی اللہ عنہا کو جھاڑ پھونک کا طریقہ سکھایا ہے انہیں لکھنا پڑھنا بھی سکھادو۔

ام الدرداء رضی اللہ عنہا حمید کی شاخ بنووھاب کی چشم و چراغ تھیں اور حضرت ابوالدرداء کی زوجہ مکرمہ تھیں۔ علوم و معارف میں نامور عالمہ تھیں۔ وسعت علم اور فہم وفراست میں انہیں بلند مقام حاصل تھا۔ان سے اکتساب علم کرنے والوں میں حضرت سالم بن ابی الجعد، حضرت زید بن اسلم، اسماعیل بن عبداللہ اور ابو حازم ویٰنی جیسے مشاہر علماء شامل ہیں۔[۳۰]

علامہ بلاذری (متوفی ۲۷۹ھ) کی تفصیلات کے مطابق ام کلثوم بن عقبہ رضی اللہ عنہا سیدہ حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا سقابنت عبداللہ العدویہ، سیدہ عائشہ بنت سعد، کریمہ بنت مقداد (رضی اللہ عنہن) بھی لکھنا پڑھنا جانتی تھیں۔

۷۔ بچے کسی بھی قوم کا مستقبل ہوتے ہیں۔ بچوں کی تربیت گویا اپنے مستقبل کی تربیت ہے۔اس لیے نظام تربیت ایسا ہونا چاہیے جو آنے والے کل کو روشن کردے۔ بچے کا ذہن ایک کورا کاغذ ہوتا ہے۔ اس پر جو خط آپ کھینچ دیں گے وہ بن جائے گا۔ لہٰذا بچوں کی تربیت سیرت طیبہ کی روشنی میں ہونی چاہیے۔ ان کی ابتدائی تعلیم میں ہی عربی زبان کو لازم قرار دیا جائے۔ اور بتدریج اعلیٰ تعلیم مکمل ہونے تک جاری رہنی چاہیے۔ تعلیم خواہ سائنس و ٹیکنالوجی یا لٹریچر کی ہو تعلیم مکمل ہونے تک قرآن کا مکمل فہم ہونا چاہیے، تاکہ اسے اپنے ضابطہء حیات کا بھی ادراک رہے ورنہ وہ اعلیٰ ڈگری حاصل کرکے بھی جاہل رہے گا۔ بختیار حسین لکھتے ہیں:

> "تربیت ایک سوچی سمجھی اور منظّم جہد مسلسل کا نام ہے جس کے ذریعے اطلاعات، تصورات، مہارتوں، رویوں یا عادات کی ترسیل و تشکیل عمل میں لائی جاتی ہے۔ یہ ایک مقام، ایک ماحول یا ایک فرد کی کوششوں کی بجائے مختلف قسم کے ماحولیات میں اور بہت سے افراد کی کاوشوں کے نتیجے میں وقوع پذیر ہوتی ہے"۔[۳۱]

ڈاکٹر انعام الحق کوثر کے قول کے مطابق تعلیم وہ اجتماعی عمل ہے جس کے ذریعہ معاشرہ نوخیز نسلوں کو اسلامی دستور حیات سکھاتا ہے۔ اسلامی عقائد اور اقدار ان کے اذہان میں راسخ کرتا ہے اور اسلامی افکار کی روشنی میں آداب زندگی اور اخلاق کی تربیت کرتا ہے۔[۳۲]

علامہ جلال الدین سیوطیؒ اس آیت کریمہ کی تفسیر میں یہ حدیث بیان فرماتے ہیں:

> "حق الوالد علی اولادہ یعلمھم الکتابۃ والسباحۃ والرمی"[۳۳]
>
> (اولاد کے حقوق میں یہ شامل ہے کہ باپ اپنے بچے کو جہاں تیرنا اور تیر چلانا سکھائے وہاں سے لکھنا پڑھنا بھی سکھائے)

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا﴾ [۳۴]
(اے ایمان والو! تم اپنے آپ کو اپنے اہل وعیال کو آگ سے بچاؤ)

نتائج

۱۔ اسلامی نظام تعلیم وتربیت ہی وہ جامع الصفات نظام ہے جس میں انسان کی شخصیت کے ہر پہلو کی پوری رعائیت رکھی گئی ہے۔

۲۔ یہی نظام ہر حیثیت سے مکمل مفید اور اللہ کی نظر میں مستند ہے اور انسان کے ظاہر و باطن اور دنیا و عقبی کے لئے یکساں سود مند ہے۔

۳۔ دنیا میں سب سے پہلے اسلام نے تعلیم وتربیت کو ہر ایک کے لئے لازمی قرار دیا۔

۴۔ اسلامی نظام تعلیم وتربیت استوار کر لینے پر انسان فلاح دارین حاصل کر سکتا ہے، اسلامی نظریۂ تعلیم و تربیت میں بنیادی دینی تعلیم ہر مسلمان مرد عورت پر لازمی ہوتی ہے۔ غیر مفید اور ضرر رساں علوم کے پیچھے پڑنے سے روک دیا۔

علم پر عمل کرنے اور علم کو پھیلانے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ معلم اور متعلّم دونوں کی شخصیت کا احترام کیا جاتا ہے۔ دونوں کو پاکیزہ فضا میں تعلیم دی جاتی ہے۔ انفرادی، عائلی اور اجتماعی ذمہ داریوں کو اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کے احکامات کے مطابق سرانجام دینے کی عملی تربیت کی جاتی ہے۔

متعلّم کی عمر، ضروریات، مزاج، انفرادی خصوصیات اور نفسی کیفیات کا لحاظ کرکے تعلیم دی جاتی ہے۔ طلبہ کو سادہ زندی، محنت ومشقت والے کام کرنے اور خلق اللہ کی خدمت کرنے کا عادی بنایا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا اور مخلوق کو نفع پہنچانا یہی حصول علم کی غرض وغایت ہوتی چاہے۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ سورة الاحزاب۲۱:۳۳
۲۔ سورة العلق۹٦:(٥-١)
۳۔ اسلامی نظام تعلیم ص: ۲۱۷
٤۔ سنن ابن ماجہ ص : ۲۲٤
۵۔ مجلۃ الحمد، سیرت نمبر ۲، تعلیم وتربیت اسوہ حسنہ کی روشنی میں، ص: ۴۵
٦ ۔ ابن ماجہ ،ص ۲۲
۷۔ ابو الحسن عبید االله، مراعاة المفاتیح شرح مشکاة المصابیح ، حدیث : ۲۸۰،ج، ۱،ص۲٦۲
۸۔ سورة المجادلة : ۱۱
۹ ۔ ابن حجر، فتح الباری ، ٤ : ۱۳۷
۱۰۔ احمد شلبی، ڈاکٹر، تاریخ تعلیم، تربیت اسلامیہ، مترجم محمد حسن خان زبیری، ص ۱۳۲، لاہور ثقافت اسلامیہ، ۱۹٦۳
۱۱ ۔ سورة اٰل عمران ۸:۳
۱۲ ۔ سورة اٰل عمران ۱۸:۳
۱۳ ۔ بنی اسرائیل ۱۰۹:۱۷
۱٤ ۔ بنی اسرائیل ۱۰۸:۱۷
۱۵ ۔ سنن ابی داؤد ص : ۱۵۷

١٦ ۔ قاضی،محمد بن عبد الله بن عربی، ابو بکر ،قانون التأویل ،ص، ٢٣
١٧ ۔ طبری، ابو جعفر محمد بن جریر،جامع البیان عن تاویل القرآن ، ج١،ص٢٨،
١٨ ۔ بخاری،ابو عبد الله ،محمد بن اسماعیل ، امام ، الجامع الصحیح، کتاب العلم ،باب ٥٥
١٩۔ ایضاً کتاب العلم ، باب ٥٥،ح٧٤۔
٢٠ ۔ قاضی،محمد بن عبد الله بن عربی، ابو بکر ،قانون التأویل ،ص، ٢٣
٢١ ۔ سورة الاسرآء١٧:٦٧
٢٢ ۔ سورةالانعام ٥٨:٥
٢٣ ۔ سورة الاحزاب٣٣:٧١
٢٤ ۔ سورة آل عمران :٣۔١١٠.
٢٥۔ مودودی، سید ابوالاعلیٰ، تفہیم القرآن: ج۱، ص ۳۸۸.
٢٦ ۔ سورةآل عمران٣:١١٠
٢٧ ۔ سورةالجاثیة:٤٥۔١٣
٢٨۔ خورشید احمد، پروفیسر، اسلامی نظریۂ حیات، ص۷۵
٢٩ ۔ سنن ابی داؤد ،ص،١٥٧
٣٠ ۔ احمد بن حنبل ، ابو عبد الله ، امام ،المسند ، حدیث ٧٤٢١، ج ١٣، ص ١٦١
٣١۔ مسلمانوں کی تعلیمی فکر کا ارتقاء، ص۳۹
٣٢ ۔ تعلیم الخلق ، ص : ٩
٣٣ ۔ سیوطی ، عبدا لرحمن بن ابی بکر کمال الدین بن محمد جلال الدین ،امام م،١١٩ھ ،تفسیر الدارالمنشورفی التفسیرالماثور،ج٤ص ٩٣،بیروت ،دار الفکر ، ایڈیشن ،ا، ١٤١٤ ھ
٣٤۔ سورة التحریم ٦٦:٦
٣٥۔ امین احسن، مولانا، تدبر قرآن، ص۲۹۷، فاران فاؤنڈیشن، س ن

دو انمول چیزیں

قال رسول اللہ ﷺ

نِعمَتَانِ مَغبُونٌ فِيهِمَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ۔

(رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: دو نعمتیں ایسی ہیں جن کی اکثر لوگ قدر نہیں کرتے: صحت اور فراغت)

(الجامع الصحیح للبخاری: ۶۴۱۲)

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

حیات اجتماعی کی مشکلات کے حل میں سدّالذرائع کی اہمیت وافادیت

(The Significance of *Ṣadd e Zaraie* (the acts that patronize sins) as a remedial measure for the collective problems of a Society)

***ضیاء الرحمٰن**
ٹیچنگ اسسٹنٹ، باچا خان یونیورسٹی، چارسدہ
****ڈاکٹر محمد عاطف اسلم راؤ**
اسسٹنٹ پروفیسر، کلیہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی

ABSTRACT

Islam is a complete code of life. Comprehensively it guides the humanity not only about lawful and the unlawful acts, but also provides a set of instructions related to the behaviours and actions that advocate sins or pave the way towards evil and indecency.

Islamic jurisprudence includes a branch called *'Ṣadd e Zaraie'* that deals with the rulings about those acts which patronize sins. The jurisdictions are authenticated with the references of the Holy Qur'ān and Ḥadith. Moreover, they are supported by various opinions of the jurists.

This research paper primarily presents the significance of *'Ṣadd e Zaraie'* (the Islamic ruling about the acts that patronize sins), its authenticity and the methodology to derive such rulings. Subsequently, the article gives details and arguments how these rulings are an effective measure in dealing with contemporary collective problems in our society.

Keywords: Jurists, *Ṣadd-e-Zaraie, Ijma', Qiyās.*

تمہید

اسلام کامل دین ہے جس کا باضابطہ اعلان حضرت محمد ﷺ کی مبارک زبان سے اللہ تعالیٰ نے حجۃ الوداع کے موقع پر کرایا، جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہے:

﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ﴾[1]

(آج کے دن تمہارے لئے تمہارے دین کو میں نے کامل کر دیا اور میں نے تم پر اپنا انعام تمام کر دیا اور میں نے اسلام کو تمہارے دین بننے کے لئے پسند کر لیا)۔

بالفاظِ دیگر اس بات کا اعلان کیا گیا کہ آج کے بعد دین اسلام میں کسی قسم کی کوئی کمی اور عیب باقی نہیں رہا بلکہ قیامت تک درپیش مسائل کے حل کے لیے اصول موجود ہیں۔ شرط یہ ہے کہ تدبر و تفکر سے قرآن وسنت کا مطالعہ کیا جائے۔ اسی بصیرت و گہرائی کے ذریعے فقہاء نے چند قواعد وضوابط مقرر کیے ہیں جسے اصطلاح میں اصول فقہ کہا جاتا ہے۔ چنانچہ قواعد فقہیہ میں سے ایک اہم قاعدہ ''سدالذرائع'' کا ہے۔ اور اس سے فقہ اسلامی کے غیر منصوص ادلّہ میں ثانوی ماخذ کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہے، جس کی تائید قرآن وسنت اور آئمہ وفقہاء کے اقوال وآثار

سے ہوتی ہے، چنانچہ اس مقالہ میں پہلے سدالذرائع کی تعریف، حجیت اور مصدری نوعیت پر بحث کی جائے گیااور آخر میں نتیجہ پیش کیاجائے گا۔

سدالذرائع کے لغوی واصطلاحی مفاہیم

سدّالذرائع دوالفاظ کامرکب ہے لہٰذاپہلے حدّاضافی کے تحت ان دونوں الفاظ ''سدّ''اور ''ذرائع'' کی توضیح کی جائے گی۔

لغوی مفہوم

عربی میں لفظ ''سد''کامطلب ہے روکنا،اس کے علاوہ یہ رکاوٹ، آڑاور بند کرنے کامفہوم دیتاہے۔[۲]

اور ''ذرائع''ذریعہ کی جمع ہے۔لغت میں اس کے معنی ''وسیلہ'' کے ہیں، جس سے کسی چیز تک پہنچاجاسکتاہے۔[۳]

''الذريعة : الوسيلة۔ وقد تذرَّع فلان بذريعة اى توسل، والجمع الذرائع يقال تذرع فلان بذريعة أى توسل''۔[۴]

(لغت میں ذریعہ وسیلہ کو کہتے ہیں۔ جس کی جمع ذرائع ہے۔ کہاجاتاہے جب کوئی شخص کسی وسیلے سے کوئی کام کرے)

اصطلاحی مفہوم

''الزريعة بمعناها العام هى: الوسيلة التى تكون طريقاً إلى الشى''[۵]

(ذریعہ کاعمومی معنی یہ ہےایک ایساوسیلہ جو کسی شئ کے حصول کاذریعہ ہو)

فقہ کی اصطلاح میں سے ''سدالذرائع'' سے مراد ایسے جائزامور کو منع کرنا،جو ناجائز کی طرف لے جانے والے ہوں۔[6]

سدّذرائع کی فقہی تعریف وحدود

سدزائع کی تعریف کے سلسلے میں ذیل میں علماءاور فقہاء کے اقوال بیان کیے جاتے ہیں:

۱۔علامہ الباجی اندلسی مالکی(متوفی ۴۷۴ھ)سدذرائع کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''المسألة التي ظاهرها الإباحة ويتوصل بها إلى فعل المحظور''[۷]

(یعنی وہ مسئلہ جو بذات خود تو مباح ہو لیکن وہ ایک ممنوع کام کی طرف لے جائے)

۲۔علامہ ابن رشد(متوفی ۵۲۰ھ)فرماتے ہیں:

''هي الأشياء التي ظاهرها الإباحة ويتوصل بها إلى فعل المحظور''[۸]

(سدذرائع وہ اشیاء ہیں جو بظاہر مباح ہوں لیکن ایک ایسے کام کی طرف لے جائیں جو ناجائز ہے)

۳۔مالکیہ ہی کے معروف عالم دین علامہ ابن العربی(متوفی ۵۴۳ھ)سدذرائع کو یوں بیان کرتے ہیں:

''هي كل عمل ظاهره الجواز يتوصل به إلى محظور''[۹]

(وہ کام جو ظاہری طور پر جائز ہو، لیکن ناجائز کا سبب بنے)

۴۔ حنابلہ کے ممتاز عالم دین علامہ ابن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ) فرماتے ہیں:

''الذريعة: الفعل الذي ظاهره أنه مباح وهو وسيلة إلى فعل المحرم''[۱۰]

(ممنوع ذریعہ سے مراد وہ ذریعہ ہے جو بظاہر مباح ہو لیکن حرام کا وسیلہ بنے)

۵۔ الموافقات میں علامہ الشاطبیؒ (متوفی ۷۹۰ھ) بیان کرتے ہیں:

''هي التوسل بما هو مصلحة إلى مفسدة''[۱۱]

(جو خود ٹھیک ہو لیکن فساد کا موجب بنے)

۶۔ ڈاکٹر عبدالکریم زیدان، الوجیز فی اصول الفقہ میں لکھتے ہیں:

''الذرائع: هى الوسائل،والذريعة:هى الوسيلة والطريق إلى الشيئ، سواءأكان هذا الشيئ مفسدة أو مصلحة، قولاًأوفعلاً۔ ولكن غلب اطلاق اسم ''الذرائع'' على الوسائل المفضية إلى المفاسد، فاذا قيل: هذا من باب سد الذرائع، فمعنى ذلک: أنه من باب منع الوسائل المؤدية إلى المفاسد''[۱۲]

(ذرائع کے معنی وسائل کے ہیں، ذریعہ: کسی چیز تک پہنچنے کے لئے وسیلہ یا راستہ ذریعہ کہلاتا ہے۔ خواہ وہ چیز اچھی ہو یا بری قولا ہو یا فعلا ہو۔ لیکن زیادہ تر اس کا اطلاق ان ذرائع پر ہوتا ہے جو مفاسد تک لے جانے والے ہوں۔ چنانچہ جب یہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شئ سد الذرائع کے قبیل سے ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کا تعلق ان وسائل کو روکنے سے ہے جو مفاسد تک پہنچاتے ہیں)

۷۔ اسی طرح عالم عرب کی مشہور شخصیت ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی، لکھتے ہیں:

''الذريعة فى اللغة،هى الوسيلة التى يتوصل بها إلى الشيئ''[۱۳]

(ذریعہ اس وسیلہ کو کہتے ہیں جس کی بدولت کسی چیز تک رسائی حاصل کی جاسکے)

اور اصولیین کے مطابق تعریف یہ ہے:

''و سد الذرائع معناه عند الأصوليين:هو منع كل ما يتوصل بها الى الشيئ الممنوع المشتمل على مفسدة او مضرة''[۱۴]

(ذریعہ اس چیز کو کہیں گے جس کے ذریعے ہر اس ممنوع چیز تک پہنچا جائے جو کسی خرابی یا نقصان پر مشتمل ہو)

یعنی لغوی اعتبار سے توذریعہ مطلقاً موصل الی الشی کے لیے استعمال ہوتا ہے مگر فقہاء اور اصولیین کے نزدیک ممنوع چیز کے وسیلہ یا راستہ کو ذریعہ کہا جاتا ہے۔ اب سد ذرائع کے معنی یہ ہوئے کہ وہ وسائل جو موصل الی الشی حرام ہوں ان سے روکنا یا ان کا راستہ بند کرنا۔ مزید توضیح کرتے ہوئے ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی لکھتے ہیں:

''فتكون وسيلة الحرم محرمة، كما ان وسيلة الواجب واجبة۔ فالفاحشة حرام و النظر الى عورة الاجنبية حرام لادئها إلى الفاحشة، كما أن الحج فرض، والسعى إلى البيت الحرام و اماكن المناسک فرض لأجله، لان الشارع اذا كلف العباد امراً، فكل ما يتعين وسيلة له مطلوب بطلبه، واذا نهى الناس عن امر، فكل ما يودى الى الوقوع فيه حرام ايضاً''[15]

(حرام کا وسیلہ حرام اور واجب کا وسیلہ واجب ہوگا۔ مثلاً اجنبی عورت کے ممنوع اعضائے جسم کو دیکھنا حرام ہے کیونکہ اس کا انجام فاحشہ ہو سکتا ہے۔ حج فرض ہے اور اس کی فرضیت کی بنا پر بیت اللہ اور مناسک کے مقامات تک جانا فرض ہے۔ خلاصہ یہ ہوا کہ شارع نے ہمیں اوامر بجالانے اور منہیات سے اجتناب کا اَمر فرمایا ہے، تو ہر وہ چیز جو امتثال امر تک لے جائے اس کے وسیلہ کا اختیار کرنا واجب ہوگا اور جو چیز حرام منہی عنہ تک لے جائے اس ذریعہ اور وسیلہ کا ترک لازم ہوگا)۔

مذکورہ بالا تمام تعریفات کا مقصد ایک ہی ہے یعنی ہر وہ کام جو فی نفسہ جائز ہو لیکن وہ حرام کی طرف لے جانے والا ہو، وہ سد ذرائع کے زمرے میں آئے گا۔

ذرائع کی اقسام

سدّ ذرائع کی مزید توضیح سے قبل ذرائع کی اقسام کا جاننا ضروری ہے۔ اختصار کے ساتھ کہا جائے تو ذرائع کی مندرجہ ذیل چار قسمیں ہیں:

۱۔ پہلی قسم کے وہ ذرائع ہیں جن کے نتیجے میں فساد یقینی ہو۔ ایسے ذرائع ممنوع اور حرام ہیں، جیسے گھر کے دروازے کے سامنے اندھیرے راستے میں گڑھا کھودنا کہ اس میں گرنا یقینی ہے۔

۲۔ دوسری قسم کے وہ ذرائع ہیں جن سے فساد بہت شاذ ہو تو ان کا کرنا ممنوع نہیں ہے، جیسے انگور کاشت کرنا کہ اس سے شراب کی تیاری میں اسی متعین انگور کا استعمال شاذ و نادر ہی ہے۔

۳۔ تیسری قسم کے وہ ذرائع ہیں جن سے فساد کا پیدا ہونا ظنِ غالب ہو تو ان کا کرنا ممنوع ہے، جیسے جنگ کے وقت دشمن کو اسلحہ فروخت کرنا اور شراب بنانے والے کو انگور فروخت کرنا۔

۴۔ چوتھی قسم کے وہ ذرائع ہیں جن سے فساد کا پیدا ہونا اکثر و بیشتر پیش آتا ہو البتہ ظن غالب نہ ہو، جیسے خرید و فروخت کے وہ طریقے جو سود کی طرف لے جاتے ہوں۔

امام شافعیؒ اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک یہ جائز ہے، کیونکہ اعتبار ظنِ غالب کا ہوتا ہے اور یہاں فساد کا وجود ظنِ غالب نہیں ہے۔ امام مالکؒ اور امام احمدؒ نے اکثر کا اعتبار کرتے ہوئے ممنوع قرار دیا ہے۔ اسی قسم سے ملتی جلتی تقسیم امام قرافیؒ نے الفروق میں ذکر کی ہے۔[۱۶]

اس کے علاوہ ایک اور تقسیم کی طرف علامہ المقري (متوفی ۶۸۴ھ) نے اشارہ کیا ہے جو دراصل امام قرافی ہی کی تقسیم کی توضیح ہے۔ وہ تین اقسام بیان فرماتے ہیں:

1۔ ذرائع قریبہ: جن کا کوئی معارض نہ ہو۔ یہ بالاتفاق حرام ہوں گے۔

2۔ ذرائع بعیدہ: بالاتفاق حرام نہ ہوں گے۔

3۔ وہ ذرائع جو ان دونوں (ذرائع قریبہ اور بعیدہ) کے درمیان ہوں۔ محل اختلاف یہ ذرائع ہیں۔ یعنی محل اختلاف واتفاق علامہ المقری کے مطابق ذرائع کا قرب اور بعد ہے۔[۱۷]

اسباب میں قرب اور بعد کا مذکورہ فرق بتانا اس لیے ضروری ہے کہ اگر علی الاطلاق اس پر پابندی لگائی جائے تو زندگی دشوار اور عمل میں تنگی پیش آئے گی جو شریعت کے مزاج کے خلاف ہے۔ اس ضمن میں قرآن کریم کا واضح ارشاد ہے:

﴿وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ﴾[۱۸]

(اور دین میں تم پر کسی طرح کی سختی نہیں)

ایسی صورت حال میں ان اسباب وذرائع کی رعایت کس حد تک رکھی جائے گی؟ اس سلسلے میں علامہ ابن قیمؒ کی یہ رائے قابل توجّہ ہے۔ وہ فرماتے ہیں:

”لما كانت المقاصد لا يتوصل إليها إلا بأسباب وطرق تفضي إليها كانت طرقها وأسبابها تابعة لها معتبرة بها فوسائل المحرمات والمعاصي في كراهتها والمنع منا بحسب إفضائها إلى غاياتها وارتباطاتها بها “[۱۹]

(اگر مقاصد ایسے ہوں جن تک صرف اسباب وذرائع سے رسائی ہوتی ہو اور وہ ان مقاصد تک پہنچاتے ہوں تو ان مقاصد تک پہنچنے کے ذرائع اور اسباب ان کے تابع ہوں گے اور وہ ان کے سبب سے معتبر ہوں گے۔ حرام چیزوں اور معاصی تک پہنچانے والے وسائل مکروہ یا ممنوع ہوں گے کیونکہ وہ اس حرام مقصد تک لے جاتے ہیں اور اس مقصد کے ساتھ مربوط ہیں)۔

مندرجہ بالا حوالہ سے درج ذیل دو باتیں واضح طور پر سامنے آئیں:

اوّل: اسباب اور ذرائع مقاصد کے تابع ہیں۔ جس درجہ کا وہ مقصد ہو گا، اسباب اور ذرائع پر حکم بھی اس درجہ کا لگے گا۔

دوم: حرام چیزوں اور معاصی تک پہنچانے والے اسباب اور ذرائع ممنوع ہوں گے، کیونکہ وہ حرام مقصد تک لے جاتے ہیں۔

سدالذرائع کا فلسفہ وافادیت

سد ذرائع کا فلسفہ یہ ہے کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ عموماً کوئی فعل خود مباح یا مستحب ہوتا ہے مگر وہ کسی اور مفسدہ کا ذریعہ بن رہا ہوتا ہے۔ لہٰذا اسے حرام قرار دے دیا جاتا ہے۔ سد ذرائع کو شرعی احکام کا چوتھائی حصہ کہا گیا ہے۔

چنانچہ علامہ ابن قیمؒ لکھتے ہیں کہ:

''سدالذرائع کا باب شرائع کا ایک چوتھائی حصہ ہے''[۲۰]

اس لیے کہ شریعت نے امر کیا ہے اور نہی بھی کی ہے۔ جس فعل سے نہی کی ہے، وہ فعل یا تو خود مفسدہ ہوتا ہے یا مفسدہ کا ذریعہ ہوتا ہے، یعنی نہی یا تو کسی چیز سے بذاتہ نہی ہو گی، یا اس کی طرف لیجانے والے کے ذریعے سے نفی ہو گی۔ اس دوسری قسم کو سدالذرائع کہتے ہیں، چنانچہ علامہ ابن قیمؒ سدالذرائع کی حکمت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''فَإِذَا حَرَّمَ الرَّبُّ تَعَالَى شَيْئًا وَلَهُ طُرُقٌ وَوَسَائِلُ تُفْضِي إِلَيْهِ فَإِنَّهُ يُحَرِّمُهَا وَيَمْنَعُ مِنْهَا، تَحْقِيقًا لِتَحْرِيمِهِ، وَتَثْبِيتًا لَهُ، وَمَنْعًا أَنْ يُقْرَبَ حِمَاهُ، وَلَوْ أَبَاحَ الْوَسَائِلَ وَالذَّرَائِعَ الْمُفْضِيَةَ إِلَيْهِ لَكَانَ ذَلِكَ نَقْضًا لِلتَّحْرِيمِ، وَإِغْرَاءً لِلنُّفُوسِ بِهِ، وَحِكْمَتُهُ تَعَالَى وَعِلْمُهُ يَأْبَى ذَلِكَ كُلَّ الْإِبَاءِ''[۲۱]

(اگر معاصی اور محرمات سے اللہ تعالیٰ روک دیتا اور ان ذرائع پر روک نہ لگاتا تو اس کا صاف مطلب یہ ہوتا کہ ایک طرف معاصی سے تو روکا گیا لیکن دوسری طرف معاصی پر آمادہ کرنے والی چیزوں کو بحال رکھا اور ظاہر ہے کہ اس کی وجہ سے بار بار معاصی کا ارتکاب ہوتا، جو اللہ تعالیٰ کی حکمتِ کاملہ اور اس کے ہمہ گیر علم کے سراسر منافی تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اصل کو حرام قرار دینے کے ساتھ اس کے ذرائع کو بھی حرام کر دیا)

شیخ صالح بن عوّاد بن صالح المغامسي سورۃالنور کے تحت "اهمية سدّ ذرائع" کا عنوان لاتے ہیں جس میں زنا کے احکام میں سدّ ذرائع کا استعمال بیان کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ زنا کے ساتھ ساتھ اس کے طرق بھی ممنوع ہوں گے۔ اس کی مثال مرد وزن کا باہمی اختلاط اور اجنبیہ کو دیکھنا بھی ہے، لہٰذا یہ دونوں معاملات بھی زنا ہی

کے تحت حرام ہوں گے۔ یہاں ایک بات کا جاننا اشد ضروری ہے کہ سدّ ذرائع مطلقاً حرام نہیں بلکہ اس کے لیے بھی شرعی حدود و قیود کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے:

والزنا له طرائق، وأسباب تؤدي له، ومن أعظمها: كثرة رؤية الرجل للمرأة، وكثرة مخالطة المرأة للرجال. وسدّ الذرائع أمر مقرر شرعاً، ولكن بقدر، فلا يفتح باب سدّ الذرائع على إطلاقه، ولا يغلق أبداً، ولكن الأمور تختلف من بيئة إلى بيئة، ومن مكان إلى مكان، وتقيد بقيود الشرع"[۲۲]

(زنا کے بہت سے راستے اور اسباب ہیں ان میں سے سب سے بڑا سبب مرد کا عورتوں کو زیادہ دیکھنا اور عورتوں کا مردوں کے ساتھ زیادہ میل جول ہے۔ سدّ ذرائع شریعت کی طرف سے مقرر کردہ معاملہ ہے جس کی مطلقاً اجازت نہیں دی گئی اور نہ ہی اس کو بالکل بند کر دیا گیا ہے بلکہ شرعی قوانین کے تحت اس کی حد بندی کی گئی ہے)

علامہ وہبۃ الزحیلیؒ سدّ ذرائع کے بارے میں ایک مثال کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت خضر اور موسیٰ علیہم السلام کا واقعہ بیان کرتے ہیں اور بچے کے قتل کو سدّ ذرائع کے لیے بطور مثال پیش کرتے ہیں کہ اس بچے کا قتل اگرچہ بظاہر دیکھنے میں ناجائز ہے لیکن اس کی وجہ سے مستقبل میں اس کے والدین ایک بہت بڑی مصیبت میں پڑنے سے بچ جائیں گے۔ اس لیے کہ مستقبل میں یہ بچہ اپنے والدین کے لئے کفر، ظلم یا معصیت میں پڑ جانے کا سبب بن سکتا ہے اس لیے اس کو قتل کیا گیا۔ وہ فرماتے ہیں:

﴿ وَأَمَّا الْغُلامُ فَكانَ أَبَواهُ مُؤْمِنَيْنِ، فَخَشِينا أَنْ يُرْهِقَهُما طُغْياناً وَكُفْراً ﴾ أي وأما الولد الغلام الذي قتلته، وكان اسمه شمعون أو حيثور أو حيسون، فإنه كان كافرا، وقد أطلعني الله على مستقبله، وكان أبواه مؤمنين، فخشينا إذا صار كبيرا أن يحملهما حبه على متابعته في الكفر والوقوع في الظلم والعصيان والمنكرات لأن حب الولد غريزة. وهذا من قبيل سدّ الذرائع وفتحها، فإن كل ما كان وسيلة إلى المصلحة فهو مصلحة."[۲۳]

(بہر حال وہ بچہ جس کو خضرؑ نے قتل کیا جس کا نام شمعون، حیثور یا حیسون تھا وہ کافر تھا، اللہ تعالیٰ نے مجھے اس بچے کا مستقبل دکھا دیا تھا، اس بچے کے ماں باپ ایمان والے ہیں اور مجھے ڈر تھا کے جب یہ بڑا ہو تو اس کی محبت والدین کو کفر پر مجبور نہ کر دے، یا ان کو ظلم، گناہوں اور منکرات میں مبتلا نہ کر دے اس لیے کہ

اولاد کی محبت بہت زیادہ ہوتی ہے،اور (بچے کو بڑا ہونے سے قبل ہی قتل کر دینا) یہ سدّذرائع ہی کی ایک قسم ہے اس لیے کے ہر وہ عمل جو مصلحت کے لیے وسیلہ ہو وہ خود بھی مصلحت کہلاتی ہے)

سدالذرائع کی حجیت از روئے قرآن وحدیث

سد الذرائع کے قائل قرآن و حدیث سے اسے قابل عمل ہونے پر دلائل دیتے ہیں۔ان میں چند نظائر حسب ذیل ہیں:

ا۔ قرآن پاک میں حضور اکرم ﷺ سے گفتگو کرنے کے آداب میں سے ایک کا قرینہ سورۃ البقرۃ آیت ۱۰۴ میں ذکر کیا گیا ہے۔ارشاد الٰہی ہے:

﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقُولُوا رَاعِنَا وَقُولُوا انظُرْنَا وَاسْمَعُوا ۗ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ﴾

(اے ایمان والوں راعنانہ کہو انظرنا کہو اور توجہ سے سنو،اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے)

اس آیت کے شان نزول میں امام قرطبیؒ یہ روایت نقل کرتے ہیں:

''حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ مسلمان نبی کریم ﷺ کو ''راعنا'' کہہ کر مخاطب کرتے تھے یعنی ہماری رعایت فرمایئے۔یہود کی لغت میں یہ لفظ بد دعا کے لئے آتا تھا اور اس کا معنٰی تھا: سنو تمہاری بات نہ سنی جائے۔انہوں نے اس موقعہ کو غنیمت جانا اور کہنے لگے کہ پہلے ہم ان کو تنہائی میں بد دعا دیتے تھے اور اب لوگوں کے درمیان بد دعا دینے کا موقعہ ہاتھ آگیا۔تو وہ نبی کریم ﷺ کو ''راعنا'' کہتے تھے اور آپس میں ہنستے تھے،حضرت سعد بن معاذؓ کو لغتِ یہود کا علم تھا۔ انہوں نے جب یہ سنا تو اُن سے کہا: تم پر اللہ کی لعنت ہو۔اگر میں نے آئندہ تم کو نبی کریم ﷺ سے یہ لفظ کہتے ہوئے سنا تو میں تمہاری گردن اُڑادوں گا۔یہود نے کہا: کیا تم لوگ یہ نہیں کہتے؟ اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی اور مسلمانوں سے کہا گیا (جب کوئی بات سمجھ نہ آئے) تم ''راعنا'' نہ کہو بلکہ ''انظرنا'' (ہم پر شفقت و رحمت فرمایئے) کہو تاکہ یہود کہ یہ موقعہ نہ ملے کہ وہ صحیح لفظ کو غلط معنی میں استعمال کریں اور پہلے ہی نبی کریم ﷺ کی بات بغور سنو تاکہ یہ نوبت نہ آئے''[24]

اس آیت کے ضمن میں ڈاکٹر وھبۃ الذہیلی الوجیز میں لکھتے ہیں:

''لفظ راعنا یہودیوں کی زبان میں ایک گالی تھی یا رعونت سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔مسلمان ہر گز اس معنی میں بارگاہ رسول ﷺ میں استعمال نہیں کرتے تھے۔مگر چونکہ یہودیوں کی

زبان میں یہ ایک نامناسب لفظ تھا، اس لیے مسلمانوں کو بھی اس کے استعمال سے منع کر دیا گیا یہ سد الزرائع کی مثال ہے"[۲۵]

اس آیت کی تفسیر میں علامہ غلام رسول سعیدیؒ تبیان القرآن میں رقم طراز ہیں:

"اس آیت سے یہ مسئلہ معلوم ہوا کہ اگر کسی صحیح کام سے کسی بڑی برائی کا راستہ نکلتا ہو تو اس بڑی برائی کے سدّ باب کے لیے اس صحیح کام کو بھی ترک کر دیا جائے گا"[۲۶]

صاحب معارف القرآن، مفتی محمد شفیعؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"اس آیت سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اگر اپنے کسی جائز فعل سے دوسروں کو ناجائز کاموں کی گنجائش ملتی معلوم ہو تو یہ جائز فعل بھی اس کے لیے جائز نہیں رہتا۔۔۔ اس کی مثالیں قرآن و سنت میں بہت ہیں ۔۔۔ ایسے احکام کو اصول فقہ کی اصطلاح میں سد ذرائع سے تعبیر کیا جاتا ہے، جو سب ہی فقہاء کے نزدیک معتبر ہے، خصوصاً حضرات حنابلہ اس کا زیادہ اہتمام کرتے ہیں۔"[۲۷]

۲۔ علامہ قرطبیؒ (متوفی ۶۷۱ھ) سدّ ذرائع کے بارے میں اپنی معروف تفسیر میں ﴿وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ﴾ کے ذیل میں ابن عطیہ کی روایت سے سدّ ذرائع کی مثال ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں:

"إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى لَمَّا أَرَادَ النَّهْيَ عَنْ أَكْلِ الشَّجَرَةِ نَهَى عَنْهُ بِلَفْظٍ يَقْتَضِي الْأَكْلَ وَمَا يَدْعُو إِلَيْهِ الْعَرَبُ وَهُوَ الْقُرْبُ. قَالَ ابْنُ عَطِيَّةَ: وَهَذَا مِثَالٌ بَيِّنٌ فِي سدّ الذَّرَائِعِ."[۲۸]

(جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اس درخت کے کھانے سے منع کرنا چاہا تو اس لفظ سے منع کیا جو کھانے کے ساتھ ساتھ ان اشیاء سے بھی منع کرتا ہے جو کھانے کی طرف لے جا سکتے ہیں اور وہ لفظ قرب کا ہے۔ علامہ ابن عطیہؒ کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان "سد ذرائع" کی واضح مثال ہے)

۳۔ یہاں سدّ ذرائع کا حکم جاننا بھی ضروری ہے جس کے بارے میں "التفسیر الوسیط" میں آیت ﴿وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ﴾ کے ذیل میں سب و شتم کی ممانعت اور ممانعت کی وجہ بیان کرنے کے بعد لکھا گیا ہے: "وفي الآية دليل على وجوب سدّ الذرائع"[۲۹] (اس آیت میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ سدّ ذرائع واجب ہے)

۴۔ سورۃ البقرہ کی آیت ﴿وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ﴾ کے ضمن میں بھی سدّ ذرائع کی بحث کا کچھ حصہ موجود ہے۔ جس میں حضرت آدم علیہ السلام کا واقعہ بیان کیا گیا ہے، جب آدم علیہ السلام کو درخت کے پاس جانے سے منع کیا گیا تو اس ممانعت کا اصل مقصد اس درخت سے کھانے سے منع کرنا تھا، لیکن

سدّذرائع کا اعتبار کرتے ہوئے اس کے پاس بھی جانے سے منع فرمادیا گیا۔اس ممانعت میں سدّذرائع کی ایک عمدہ اور واضح دلیل موجود ہے جس کو علامہ قاضی ثناءاللہؒ ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

﴿ وَلا تَقْرَبا هذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونا مِنَ الظَّالِمِينَ﴾منع عن قرب الشجرة مبالغة في النهى عن أكله لأن قرب الشيء يورث داعية وميلانا إلى ذلك الشيء ، فيلهيه عما هو مقتضى العقل والشرع فالاقتراف بما هو يقرب إلى المعصية مكروه"[۳۰]

"﴿ وَ لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ﴾"(اور اس درخت کے پاس بھی نہ پھٹکنا، اگر ایسا کروگے تو اپنی جانوں کو نقصان دینے والوں میں سے ہوگے)۔اللہ تعالیٰ نے حکم میں قوّت پیدا کرنے کے لیے درخت کے پاس جانے سے منع فرمایا ورنہ مقصود اس کے کھانے سے منع کرنا تھا اور نیز اس لیے منع فرمایا کہ کسی چیز کے پاس جانے سے اس کی طرف خواہش اور رغبت ہوتی ہے اور فرط خواہش میں حکمِ شرع بھی یاد نہیں رہتا۔اس آیت سے یہ مسئلہ مستنبط ہوتا ہے کہ جو چیز معصیت کے قریب کرنے والی ہو وہ مکروہ ہے"

۵۔ علامہ ابن جزیؒ (متوفی۷۴۱ھ) آیت ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ﴾ کے تحت سدّذرائع کی توضیح ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

"واستدل بعضهم بهذه الآية على صحة سدّ الذرائع في الشرع، لأنه أمر باجتناب كثير من الظن، وأخبر أن بعضه إثم باجتناب الأكثر من الإثم احترازا من الوقوع في البعض الذي هو إثم"[۳۱]

(اس آیت سے بعض مفسرین نے استدلال کیا ہے کہ شریعت کی روشنی میں سدّذرائع جائز ہے۔ اس لیے کہ اس آیت میں بہت سے گمانوں سے منع کیا گیا ہے اور اس بات کی خبر دی گئی ہے کہ ان گمانوں میں سے بعض گمان گناہ ہیں۔اکثر گمانوں سے احتراز کرنے سے بعض ان گمانوں سے بھی حفاظت ہو جائے گی جو گناہ ہیں)۔

۶۔اس باب میں علامہ ابن رجب حنبلی (متوفی۷۹۵ھ) ﴿ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلا تَعْتَدُوهَا وَمَن يَتَعَدَّ حُدُودَ اللَّهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُون﴾ کی تفسیر میں اس آیت کے معنیٰ کی توضیح اور تفسیر میں چند احادیث لاتے ہیں جن سے اس آیت کا مفہوم اور بھی واضح ہو جاتا ہے۔ان ہی میں سے ایک حدیث حضرت سفیان ابن عیینہؒ سے مروی ہے جس میں ارشاد فرمایا :"لا يصيبُ عبد حقيقةَ الإيمانِ حتى يجعلَ بينه وبين الحرامِ

حاجزًا من الحلالِ، وحتى يدعَ الإثمَ وما تشابَهَ منه"- ''انسان اس وقت تک ایمان کی حقیقت کی نہیں پا سکتا جس وقت تک اس کے اور حرام کے درمیان حلال کی رکاوٹ حائل نہ ہو اور جب تک انسان گناہ اور اس کے ساتھ ساتھ گناہ کے شبہ سے بھی کنارہ کشی اختیار نہ کرلے'' مذکورہ حدیث کو نقل کرنے کے بعد علامہ ابن رجب اس حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''ويَستدلُّ بهذا الحديثِ مَنْ يذهبُ إلى سدّ الذرائع إلى المحرماتِ وتحريمِ الوسائلِ إليها، ويدُلُّ على ذلكَ أيضًا من قواعدِ الشَّريعة تحريمُ قليلِ ما يُسكر كثيرُه، وتحريمُ الخلوةِ بالأجنبيةِ، وتحريمُ الصَّلاةِ بعدَ الصُّبح و بعدَ العصرِ سدّا لذريعةِ الصَّلاةِ عند طلوع الشمسِ وعندَ غروبِهَا، ومنعُ الصَّائم من المباشرةِ إذا كانت تحرِّكُ شهوتَهُ، ومنعُ كثيرٍ من العلماءِ مباشرةَ الحائض فيما بين سرّتِها و رُكبتِهَا إلا مِنْ وراءِ حائلٍ''[۳۲]

(اس حدیث سے ان فقہاء نے بھی استدلال کیا ہے جو سدّ ذرائع کے جواز کی طرف گئے ہیں اور حرام چیزوں کے وسائل کو بھی حرام سمجھتے ہیں۔ شرعی قوانین میں سدّ ذرائع کے اور بھی بہت سے دلائل ہیں جیسے جس چیز کی کثرت نشہ آور ہو اس کی قلیل مقدار بھی حرام ہوتی ہے۔ اجنبی عورت کے ساتھ خلوت اختیار کرنا، طلوع شمس اور غروب شمس کے وقت بالترتیب فجر اور عصر کی ممانعت، روزہ دار کو روزہ کی حالت میں مباشرت سے روکنا جب اس سے شہوت (کی وجہ سے مجامعت) کا اندیشہ ہو، اور بہت سے علماء کا شوہر کو اپنی بیوی کے ساتھ حالت حیض میں ناف سے لے کر گھٹنے تک بغیر کسی پردہ کے مباشرت سے روکنا وغیرہ)۔

۷۔ علامہ ابن عاشور تونسیؒ (متوفی ۱۳۹۳ھ) جو کہ مالکیہ میں شیخ الاسلام کے لقب سے شہرت رکھتے ہیں، سدّ ذرائع اور اسلامی احکام میں اس کی اہمیت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اکثر اسلامی احکام کا تعلق سدّ ذرائع سے ہی ہے اور یہ اسلام ہی کی خصوصیت ہے کہ وہ صرف برائی کو ہی نہیں بلکہ ان وسائل سے بھی منع کرتا ہے جو برائی کی طرف لے جا سکتے ہیں۔ اسلام سے قبل جتنی بھی شریعتیں ہیں ان میں سدّ ذرائع موجود نہیں تھا۔ چنانچہ رقمطراز ہیں:

''فَجَاءَ الْإِسْلَامُ يَحْمِلُ النَّاسَ عَلَى الْخَيْرِ بِطَرِيقَتَيْنِ: طَرِيقَةٍ مُبَاشِرَةٍ، وَطَرِيقَة سدّ الذَّرَائِعِ الْمُوَصِّلَةِ إِلَى الْفَسَادِ، وَغَالِبُ أَحْكَامِ الْإِسْلَامِ مِنْ هَذَا الْقَبِيلِ و فِي حَدِيثِ:إِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَإِنَّ الْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا أُمُورٌ مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ''۔[۳۳]

(ما قبل شرائع سے قطع نظر اسلام نے لوگوں کو دو طرح بھلائی کی طرف بلایا، ایک طریقہ تو یہ ہے کہ براہ راست کسی برائی سے روکنا اور (دوسرا طریقہ جو اسلام کی خصوصیت ہے) ان ذرائع سے روکنا ہے جو فساد کی طرف لے جانے والے ہوں، اور اسلامی احکام کی اکثریت اسی قسم سے تعلق رکھتی ہے۔ حدیث انَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَإِنَّ الْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا أُمُورٌ مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ میں بھی اسی بات کی طرف اشارہ ہے)

اسی کتاب میں آگے چل کر سورۃ الانعام کی آیت ۱۰۸ ﴿وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ﴾ کی تفسیر میں علامہ ابن عاشور سدّذرائع کے متعلق فرماتے ہیں:

"وَقَدِ احْتَجَّ عُلَمَاؤُنَا بِهَذِهِ الْآيَةِ عَلَى إِثْبَاتِ أَصْلٍ مِنْ أُصُولِ الْفِقْهِ عِنْدَ الْمَالِكِيَّةِ. وَهُوَ الْمُلَقَّبُ بِمَسْأَلَةِ سدّ الذَّرَائِعِ. قَالَ ابْنُ الْعَرَبِيِّ: «مَنَعَ اللَّهُ فِي كِتَابِهِ أَحَدًا أَنْ يَفْعَلَ فِعْلًا جَائِزًا يُؤَدِّي إِلَى مَحْظُورٍ وَلِأَجْلِ هَذَا تَعَلَّقَ عُلَمَاؤُنَا بِهَذِهِ الْآيَةِ فِي سدّ الذَّرَائِعِ وَقَالَ فِي تَفْسِيرِ سُورَةِ الْأَعْرَافِ عِنْدَ قَوْله تَعَالَى: وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كانَتْ حاضِرَةَ الْبَحْرِ إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ: قَالَ عُلَمَاؤُنَا: هَذِهِ الْآيَة أصل من أُصُول إِثْبَات الذّرائع"[۳۴]

(ہمارے علماء (مالکیہ) نے اس آیت سے امام مالک کے ایک اصول فقہ کے ثبوت پر استدلال کیا ہے جس کو "مسئلہ سدّذرائع" کہا جاتا ہے۔ ابن العربی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن میں ہر ایک کو ایسے کام سے منع کیا ہے جو از خود جائز ہو لیکن وہ ایک ممنوع امر کی طرف لے جانے والا ہو۔ اسی وجہ سے ہمارے علماء نے اس آیت کو سدّذرائع کے ساتھ متعلق کیا ہے۔ اور علماء کا فرمانا ہے کہ آیت "وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كانَتْ حاضِرَةَ الْبَحْرِ إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ" سدذرائع کے اثبات میں اصل الاصول ہے)

۸۔ علامہ ابن حجر عسقلانیؒ (متوفی ۸۵۲ھ) قرض کے بارے میں آپ ﷺ کے قول جس میں آپ ﷺ قرض سے پناہ مانگتے ہیں، کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کا قرض سے پناہ مانگنا دراصل سدّذرائع ہی کی ایک قسم ہے۔ اس لیے کہ قرض بذات خود کوئی بری چیز نہیں بلکہ قرض دار اس کی وجہ سے اپنے قرض خواہ سے یا تو جھوٹ بولتا ہے یا اس کی رقم واپس کرنے کا کسی مدت کے بارے میں وعدہ بھی کر کے اس وعدے کی خلاف ورزی بھی کرتا نظر آتا ہے۔ فرماتے ہیں:

''يُسْتَفَادُ مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ سدّ الذَّرَائِعِ لِأَنَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَاذَ مِنَ الدَّيْنِ لِأَنَّهُ فِي الْغَالِبِ ذَرِيعَةٌ إِلَى الْكَذِبِ فِي الْحَدِيثِ وَالْخُلْفِ فِي الْوَعْدِ''[۳۵]

(اس حدیث سے سدّ ذریعہ ثابت ہوتا ہے۔ اس لیے کہ آپ ﷺ نے قرض سے اس لیے پناہ مانگی کہ اس کے ذریعے اکثر جھوٹ بولنے یا وعدہ خلافی کی نوبت آجاتی ہے)

۹۔ ایک اور جگہ علامہ ابن حجرؒ سدّ ذرائع سے ثابت شدہ حکم رسول اللہ ﷺ کی حدیث مبارک سے اخذ کرتے ہیں اور اس بات کو بیان کرتے ہیں کہ احادیث میں سدّ ذرائع کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں جن میں سے ایک مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

''قَوْلُهُ لَا تُبَاشِرِ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ زَادَ النَّسَائِيُّ فِي رِوَايَتِهِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ قَوْلُهُ فَتَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا كَأَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا هَذَا أَصْلٌ لِمَالِكٍ فِي سدّ الذَّرَائِعِ فَإِنَّ الْحِكْمَةَ فِي هَذَا النَّهْيِ خَشْيَةُ أَنْ يُعْجِبَ الزَّوْجَ الْوَصْفُ الْمَذْكُورُ فَيُفْضِي ذَلِكَ إِلَى تَطْلِيقِ الْوَاصِفَةِ أَوْ الِافْتِتَانِ بِالْمَوْصُوفَةِ''۔[۳۶]

حدیث نبوی ہے کہ کوئی عورت کسی عورت کے ساتھ اپنا برہنہ جسم نہ لگائے کہ پھر اپنے شوہر کے سامنے اس عورت کی جسمانی ساخت اس طرح سے بیان کرے کہ گویا وہ اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہو، امام مالکؒ کے مسلک پر سدذرائع کے سلسلے میں یہ بنیادی اصول ہے کیونکہ اس ممانعت کی اصل وجہ اور حکمت یہ ہے کہ اس تعریف سے ہو سکتا ہے کہ (شوہر کے دل میں اُس دوسری عورت کی محبت آجائے اور وہ اپنی اس بیوی) جو تعریف کرنے والی ہے کو طلاق دے دے یا اس کے دل میں اس دوسری عورت کا خیال آتا رہے۔

۱۰۔ احادیث میں سدّ ذرائع کے بہت سے نظائر ملتے ہیں جن میں سے ایک نظیر علامہ محمد بن اسماعیل بن صلاح (متوفی ۱۱۸۲ھ) نے بھی ذکر کی ہے، وہ فرماتے ہیں:

''شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ أَيْ يَتَسَبَّبُ إِلَى شَتْمِهِمَا فَهُوَ مِنَ الْمَجَازِ الْمُرْسَلِ مِنْ اسْتِعْمَالِهِ الْمُسَبَّبَ فِي السَّبَبِ. وَقَدْ بَيَّنَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَوَابِهِ عَمَّنْ سَأَلَهُ بِقَوْلِهِ (نَعَمْ) وَفِيهِ تَحْرِيمُ التَّسَبُّبِ إِلَى أَذِيَّةِ الْوَالِدَيْنِ وَشَتْمِهِمَا وَيَأْثَمُ الْغَيْرُ بِسَبِّهِ لَهُمَا۔ قَالَ ابْنُ بَطَّالٍ: هَذَا الْحَدِيثُ أَصْلٌ فِي سدّ الذَّرَائِعِ''[۳۷]

(کسی کا اپنے والدین کو گالی دینا یعنی اپنے والدین کو گالی دینے کا سبب بننا دراصل مجاز مرسل میں سے ہے (یعنی سبب بول کر مسبب مراد لیا گیا ہے) اور اسی بات کا ذکر آپ ﷺ نے "نعم" فرما کر

کیا۔اس حدیث میں اپنے والدین کو گالی دینے کا سبب بننے اور ان کو اذیت دینے کی حرمت کا ذکر ہے۔ابن بطال فرماتے ہیں یہ حدیث سدذرائع کے اصول میں اصل کا درجہ رکھتی ہے)

۱۲۔اسی طرح علامہ غلام رسول سعیدی (متوفی ۱۴۳۷ھ) سورۃ البقرۃ کی تفسیر میں سدالذرائع کی مثال دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

''عیسائیوں کے پہلے لوگوں نے نیک انسانوں کی تصویریں اس لئے بنوائی تھیں کہ لوگ ان کی تصویروں کو دیکھ کر ان کے نیک اعمال کو یاد کریں اور ان کی طرح نیکی کرنے کی کوشش کریں اور ان کی قبروں کے پاس اللہ کی عبادت کریں، جب کافی زمانہ گزر گیا اور بعد میں لوگوں کے عقائد و اعمال میں فساد ظاہر ہوا اور بعد کے لوگ ان تصویروں کی غرض سے ناواقف ہو گئے، تو شیطان نے ان کے دلوں میں یہ وسوسہ ڈالا کہ تمہارے آباواجداد ان تصویروں کی عبادت کرتے تھے تو نبی کریم ﷺ نے اس کے سد باب کے لئے تصویریں بنانے سے مطلقاً منع فرمادیا''[۳۸]

بطور دلیل فتح الباری سے ایک روایت بھی نقل کرتے ہیں:

''علامہ بیضاوی نے کہا ہے کہ یہود اور نصاریٰ انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو سجدہ کرتے تھے اور ان کی تعظیم کے لئے ان کی قبروں کی طرف نماز پڑھتے تھے اور انہوں نے ان کی قبروں کو بت بنالیا تھا، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے ان پر لعنت کی اور مسلمانوں کو اس فعل سے منع فرمایا، البتہ جو شخص کسی نیک مسلمان کے قرب میں مسجد بنائے اور اس کے قرب سے برکت حاصل کرنے کا قصد کرے اور اس قبر کی تعظیم کا قصد نہ کرے اور نہ اس کی طرف منہ کرکے نماز پڑھے تو وہ اس وعید میں داخل نہیں ہے''[۳۹]

صحیح بخاری میں اس ضمن میں روایت ہے کہ:

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ جب نبی اکرم ﷺ بیمار ہوئے تو آپ کی کسی زوجہ نے ذکر کیا کہ میں نے حبشہ کے ملک میں عیسائیوں کی ایک عبادت گاہ دیکھی ہے جس کا نام ماریہ ہے۔ حضرت ام سلمہ اور حضرت ام حبیبہ حبشہ سے آئی تھیں، انہوں نے اس عبادت گاہ کی خوبصورتی اور اس کی تصویروں کو بیان کیا۔آپ نے سر اٹھا کر فرمایا: جب ان میں کوئی نیک آدمی فوت ہو جاتا تو وہ اس کی قبر پر ایک مسجد بنادیتے اور اس میں یہ تصویریں بنادیتے۔یہ لوگ اللہ کے نزدیک بدترین مخلوق ہیں۔''[۴۰]

علامہ أحمد بن إدریس (متوفی ۶۸۴ھ) اپنی کتاب الفروق أنوار البروق في أنواء الفروق میں سدّ ذرائع کے بارے میں [اَلْفَرْقُ بَيْنَ قَاعِدَةِ مَا يُسدّ مِنْ الذَّرَائِعِ وَقَاعِدَةِ مَا لَا يُسدّ مِنْهُمَا] کے عنوان سے ایک

مستقل باب لائے ہیں جس میں موضوع کے بارے میں قدرے تفصیل سے بحث کرتے ہوئے قرآن وسنت سے اس کی مختلف مثالیں بیان کی ہیں۔ان تمام مثالوں سے ایک بات بخوبی معلوم ہوتی ہے کہ سدّذرائع کا مقام شرعی احکام میں بہت زیادہ ہے اور اس کے ذریعے مسائل کا ایک بہت بڑا حصّہ حل کیا جاتا ہے۔ان تمام مثالوں کے بعد ایک حدیث پاک سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دشمن کی گواہی اس کے مخالف کے خلاف قبول نہیں کی جائے گی۔اس لیے کہ ممکن ہے کہ وہ اپنی دشمنی کی وجہ سے اس آدمی کے خلاف جان بوجھ کر غلط گواہی دے۔اسی طرح باپ کی گواہی بیٹے کے حق میں اور بیٹے کی گواہی اس کے باپ کے حق میں نہیں مانی جائے گی۔اس لیے کہ اس صورت میں یہ بات عین ممکن ہے کہ رشتے کی قرابت کی وجہ سے یہ دونوں ایک دوسرے کو بچانے کی کوشش کریں گے۔وہ فرماتے ہیں:

''قَوْلُهُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ «لَا يَقْبَلُ اللَّهُ شَهَادَةَ خَصْمٍ وَلَا ظَنِينٍ» خَشْيَةَ الشَّهَادَةِ بِالْبَاطِلِ وَمَنَعَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَةَ الْآبَاءِ لِلْأَبْنَاءِ وَالْعَكْسَ فَقَدْ اعْتَبَرَ الشَّرْعُ سدّ الذَّرَائِعِ''[۴۱]

(آپ ﷺ کا فرمان لَا يَقْبَلُ اللَّهُ شَهَادَةَ خَصْمٍ وَلَا ظَنِينٍ اور باپ بیٹے کی گواہی ایک دوسرے کے حق میں قبول نہ ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ شریعت میں سدّذرائع کا اعتبار کیا گیا ہے۔)

اس کے علاوہ بھی قرآن وسنت میں آیات واحادیث موجود ہیں جن میں صراحۃً یا اشارۃً سدّذرائع کی طرف نشاندہی کی گئی ہے۔اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ سدّذرائع اسلام کا ایک اہم شعبہ ہے جس پر اسلامی احکامات کا ایک معتدبہ حصہ منحصر ہے۔

نتائج

۱۔جس طرح بنیادی عقائد، توحید ورسالت اور آخرت تمام انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات میں مشترک ومتفق رہے ہیں اس طرح عام معاصی اور فواحش ومنکرات ہر شریعت ومذہب میں حرام قرار دیے گئے ہیں۔

۲۔شرائع سابقہ میں ان کے اسباب وذرائع کو مطلقاً حرام قرار نہیں دیا گیا تھا، جب تک کہ ان کے ذریعہ کوئی جرم واقع نہ ہو جائے۔

۳۔شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصّلوۃ والسلام اپنے دامن میں عالمگیریت رکھتی ہے اور تاقیامت آنے والے انسانوں کے لیے مشعل راہ ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس کی حفاظت کا خاص اہتمام یہ کیا کہ جرائم ومعاصی کی حرمت کے ساتھ ہی ان اسباب وذرائع کو بھی حرام قرار دے دیا گیا جو ان گناہوں تک پہنچا سکتے ہیں۔اس کی شریعت مطہرہ میں بہت سی مثالیں ملتی ہیں جو کہ تقریباً مذاہب اربعہ میں موجود ہیں۔

۴۔ سدّذرائع کے اس وسیع مفہوم میں ہمارے وہ تمام کام آتے ہیں کہ مستقبل میں پیش آنے والی کسی تکلیف یا برائی سے محفوظ رہنے کے لیے حال میں کوئی بھی پیشگی احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔

شریعت کا اصل مقصد خیر کی طرف بلانا اور برائی سے بچانا ہے۔اس مقصد کے تحت اسلام نہ صرف برائی سے بچنے کا حکم دیتا ہے بلکہ ہر اس چھوٹی سے چھوٹی بات سے بھی اجتناب کا مطالبہ کرتا ہے جو خود تو اگرچہ جائز ہو لیکن ایک ممنوع امر کی طرف لے جائے۔اسی کا نام سدذرائع رکھا گیا ہے۔ اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ قرآن وسنت سے لے کر فقہاء کرام تک سب جگہ سدذرائع کی مثالیں بکثرت موجود ہیں اور معاصر علماء حیات اجتماعی کی مشکلات کے حل کے لیے اس کی افادیت کو سامنے رکھتے ہوئے روزمرہ کے کئی مسائل کا استنباط کرتے ہیں۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ سورة المائدة۵:۳

۲۔ فیروز آبادی، مجد الدین محمد بن یعقوب،القاموس المحیط،ج ۱، ص۲۸۷،مؤسسة الرسالة للطباعة والنشر والتوزیع،بیروت- لبنان،۲۰۰۵ء۔

۳۔ أحمد مختار، عبد الحمید عمر ،معجم اللغة العربیة المعاصرة،ج۱،ص۸۰۹، بمساعدة فریق عمل،عالم الکتب،مصر۲۰۰۸ ء ۔

٤۔ ابن منظور،محمد بن مکرم ،لسان العرب، ج۸، ص ۹٦،الطبعة الثالثہ، دار صادر، بیروت، ۱۱۴۱۴ھ۔

۵۔ ابن القیم،محمد بن ابی بکر، اعلام الموقعین عن رب العالمین ، ج۳، ص۱۱۷، دارالکتب العلمیة، بیروت، ۱۴۲۳ھ۔

٦۔ قلعجي، محمد رواس، قنيبي،حامد صادق ،معجم لغة الفقهاء،ج۱، ص۲۱٤، دار النفائس للطباعة و النشر والتوزیع۔۱۹۸۸ء ۔

۷۔ القرطبی، أبو الولید سلیمان بن خلف الأندلسي ،الإشارة في أصول الفقه،ج ۱، ص۸۰،دار الکتب العلمیة، بیروت،۲۰۰۳ ء ۔

۸۔ القرطبی، أبو الولید محمد بن أحمد بن رشد ، المقدمات الممهدات،ج۲، ص۳۹،دارالغرب الإسلامي، بیروت- لبنان،۱۹۸۸ ء

۹۔ ابن العربی،محمد بن عبد الله أبو بکر، أحکام القرآن،ج ۲، ص۳۳۱، دار الکتب العلمیة، بیروت، لبنان،۲۰۰۳ ء ۔

۱۰۔ ابن تیمیة،تقي الدین أبو العباس أحمد بن عبد الحلیم الحراني، الفتاوی الکبری لابن تیمیة، ج٦، ص۱۷۲، دار الکتب العلمیة، ۱۹۸۷ء

۱۱۔ الشاطبی، إبراهیم بن موسی ،الموافقات،ج ۵ ، ص٤٤۱، دار ابن عفان،۱۹۹۷ ء

۱۲۔ عبدالکریم زیدان، الوجیز فی اصول الفقہ،ص۲۴۵ ، موسسة قرطبہ،قاہرہ،مصر،۱۹۷٦ء

۱۳۔ د۔وهبة الزحیلی ، الوجیز فی اصول الفقہ، ص ۱۰۸، دارالفکر دمشق،۱۹۹۹ء

۱٤۔ ایضاً۔

۱۵۔ ایضاً۔

۱٦۔ القرافي،شهاب الدین أحمد بن إدریس،الفروق أنوار البروق في أنواء الفروق، ج ۳،ص۲۷٤،عالم الکتب، مصر،سن۔

۱۷۔ ایضاً ج۲ ،ص۳۳۔

۱۸۔ سورة الحج۲۲: ۷۸۔

۱۹۔ ابن قیم،إعلام الموقعین ،ج۳،ص۱۰۸۔

۲۰۔ ایضاً ج ۱،ص۵۷۔

۲۱۔ ایضاً ج۳ ، ص۱۰۹۔

۲۲ ۔ صالح بن عوّاد بن صالح المغامسي، سلسلة محاسن التأویل، ج۵۷،ص۱۷،مصدر الکتاب: دروس

صوتية قام بتفريغها موقع الشبكة الإسلاميةhttp://www.islamweb.net۔
۲۳ ۔ د۔وهبة الزحيلي، التفسير المنير في العقيدة والشريعة والمنهج، ج ١٦ ،ص١٠ ،دار الفكر المعاصر، دمشق، ١٤١٨هـ
۲٤ ۔ قرطبی، علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی،الجامع الاحکام القرآن، ج۲، ص۵۷، مطبع انتشارات ناصر خسرو، ایران،۱۳۷۸ھ۔
۲۵ ۔ د۔وهبة الزحيلی،الوجيز ، ص ۱۰۸ ۔
۲٦ ۔ سعیدی، علامہ غلام رسول، تبیان القرآن، ج۱، ص۴۷۴،فرید بک اسٹال ، لاہور، الطبع العاشر،۱۴۳۱ھ۔
۲۷ ۔ مفتی محمدشفیع، معارف القرآن، ملخصاً ج۱،ص۲۸۰،اداراۃالمعارف کراچی، ۱۴۰۰ھ۔
۲۸۔ قرطبي، أبو عبد الله محمد بن أحمد بن أبي بكر بن فرح الأنصاري، الجامع لأحكام القرآن (تفسير القرطبي)، ج ۱، ص۳۰٤،دار الكتب المصرية، القاهرة، ١٩٦٤ء
۲۹۔ مجموعة من العلماء بإشراف مجمع البحوث الإسلامية بالأزهر،التفسير الوسيط للقرآن الكريم، ج۳، ص۱۳۰۵ھ، الهيئة العامة لشئون المطابع الأميرية، ۱۹۷۳ ء
۳۰۔ بانی بتی،محمد ثناء الله،التفسير المظهري، ج ۱،ص۵۷ ،مكتبة الرشدية ، الباكستان، ١٤١٢ هـ
۳۱۔ أبو القاسم، محمد بن أحمد بن محمد ابن جزي ، التسهيل لعلوم التنزيل، ج ۲،ص۲۹۷، شركة دار الأرقم بن أبي الأرقم ،بيروت، ١٤١٦ هـ
۳۲۔ ابن رجب، زين الدين عبد الرحمن بن أحمد ، روائع التفسير (الجامع لتفسير الإمام ابن رجب الحنبلي)، ج۱، ص۱٤۵، دار العاصمة - المملكة العربية السعودية ،۲۰۰۱ ء
۳۳۔ ابن عاشور،محمد الطاہربن محمد ،التحرير والتنوير، ج ۳ ،ص۱۹٦،الدار التونيسيه للنشر،تيونس، ۱۹۸۴ء
۳٤۔ ایضاً ج ۷،ص٤۳۱۔
۳۵۔ عسقلاني،أحمد بن علي بن حجر ،فتح الباري ، ج ۵،ص٦۱،دار المعرفة ، بيروت،۱۳۷۹ھ۔
۳٦۔ ایضاً ج ۹،ص۳۳۸۔
۳۷۔ صنعانی، محمد بن إسماعيل الكحلاني، سبل السلام،ج۲،ص٦۳۵ ، دار الحديث،سن۔
۳۸ ۔ سعیدی، تبیان القرآن، ج۱،ص ۴۷۴۔
۳۹ ۔ عسقلانی، فتح الباری، ج۱، ص۵۲۵،مطبوعہ دارالنشر الکتب الاسلامیہ، لاہور،۱۴۰۱ھ۔
۴۰۔ بخاری، ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل،الجامع الصحیح ، ج۱، ص ۱۷۹، مطبوعہ نور محمد کتب خانہ کراچی ،۱۳۸۱ ھ۔
٤۱ ۔ القرافي،الفروق ، ج۳، ص۲۷٤۔

تنگ دست کو مہلت دینے کی فضیلت

قَالَ رَسُول اللہ ﷺ

مَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ۔

(جو کسی تنگ دست کے لیے آسانی پیدا کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا
اور آخرت میں آسانی پیدا کرے گا۔)

(الجامع الصحیح لمسلم:۲۶۹۹)

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

بیع العربون کی شرعی حیثیت کا تحقیقی جائزہ

(Research Analysis of the Religious Status of *Ba'i al-'Arboon)*

***ڈاکٹر غلام حیدر**
لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد
****ڈاکٹر محمد شاہد**
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ABSTRACT

Islam provides guidance not only about spiritual and moral values but also gives guidelines on economic life. If financial resources are not available, the execution of religious duties becomes difficult. Achieving the financial means and resources depends upon economic activities. The outcomes of economic activities can be attained very shortly if the honesty and integrity are preferred in every situation. This article highlights an important economic issue of daily life. It tries to investigate the status of *Ba'i al-'Arboon* in Shariah under the Islamic philosophy. In this article, the viewpoints of old and modern Jurists are explored to cover different aspects of such significant issue.

Key words: Qur'an, Shariah, Hadiths, Economy, Jurists, *Ba'i.*

تعارف

معاشی زندگی میں خرید وفروخت کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ عربی زبان میں اس کے لیے بیع اور شراء کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

علامہ راغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) بیع کا لغوی معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''عطاء المثمن واخذ الثمن'' [1] (قیمت والی چیز دے کر قیمت لے لینا)۔

بیع کا شرعی معنی بیان کرتے ہوئے علامہ ابن نجیم (م ۸۷۰ھ) لکھتے ہیں کہ علامہ نسفی (م ۷۱۰ھ) نے لکھا ہے کہ:

''بیع مبادلة المال بالمال بالتراضی'' [2] (باہمی رضامندی سے مال کے بدلے مال دینے کو بیع کہتے ہیں)

لفظ بیع شراء کا متضاد ہے اور یہ دونوں ایک معنی میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ ابن منظور افریقی (م: ۷۱۱ھ) کہتے ہیں کہ ''البیع: ضد الشراء، والبیع: الشراء ایضاً، وھو من الاضداد'' [3]

لسان العرب کے مصنف نے مزید لکھا ہے:

''والعرب تقول لکل من ترک شیاً وتمسک بغیرہ قد اشتراہ'' [4]

(عرب کے ہاں اس کا استعمال اس طرح ہے کہ ہر وہ شخص جو کسی چیز کو چھوڑتا ہے اور اس کے مقابلے میں دوسری چیز لے لیتا ہے تو وہاں پر عرب اشتراہ کا لفظ استعمال کرتے ہیں)۔

مالیاتی نظام میں خرید وفروخت ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ مادہ پرست لوگ بیع اور شراء میں کسی قید و بند کے قائل نہیں۔ وہ ہر ایسے طریقہ کو جائز خیال کرتے ہیں جس کے سبب زیادہ سے زیادہ سرمایہ اکٹھا کیا جاسکے۔ اس کے برخلاف اسلام کا مطمع نظر دنیا اور آخرت کی فوز و فلاح ہے اور طلب معیشت میں انسان کو آزاد اور بے لگام نہیں چھوڑا گیا۔ سرمایہ دارانہ نظام کی بنیاد افراد کے ذاتی نفع پر ہے، اس کے برعکس اشتراکی نظام کی بنیاد پارٹی کے نفع پر ہے۔ اسلام کا معاشی نظام انسانیت کو اخلاقی حدود کا پابند کرتے ہوئے دنیاوی اور اخروی فلاح کی ضمانت دیتا ہے۔ دور جدید میں تجارت کی نئی نئی شکلیں سامنے آرہی ہیں۔ اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ اسلام کے نظام معیشت کو تحقیق کا موضوع بنایا جائے اور مالیاتی امور میں ابھرنے والے چیلنجز کو قرآن وسنت کی کسوٹی پر جانچا جائے۔

ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ (م: ۲۰۱۰ھ) کہتے ہیں:

''آج کے اہل علم کی یہ ذمہ داری ہے کہ آجکل رائج الوقت اسالیب تجارت کا جائزہ لیں اور اگر ان میں کوئی چیز شریعت سے متعارض نہیں ہے تو اس کے بارے میں وضاحت کر دیں کہ یہ جائز ہے۔ اور اگر کوئی چیز شریعت سے متعارض ہے تو یہ بتائیں کہ وہ کیوں متعارض ہے اور اس تعارض کو دور کیسے کیا جائے۔ اور اس رائج الوقت طریقے کو اسلام کے مطابق کیسے بنایا جائے۔ یہ دونوں کام انجام دینا اور اس ضرورت کی تکمیل کرنا آج کل کے علمائے کرام اور فقہاء کی ذمہ داری ہے۔ کسی تجارت کو ناجائز قرار دے کر بالکلیہ نظر انداز کر دینا اور عامۃ الناس سے یہ توقع رکھنا کہ وہ اس سے مجتنب ہو جائیں گے، یہ قابل عمل رویہ نہیں ہے''۔[5]

خرید وفروخت کی ایک قسم بیع العربون معاشرے میں بہت عام ہو چکی ہے۔ اس مقالے میں اس بیع کی شرعی حیثیت کا جائزہ لیا گیا ہے۔

عربون کے لغوی اور اصطلاحی معنی

الف۔ لغوی تعریف

عربون کے لغوی معنی ہیں بیعانہ دینا۔ لسان العرب میں ہے

''العربان الذی تسمیه العامة الاربون، تقول منه عربنته اذا اعطیته ذلک''[6]

(عربان جس کو عام لوگ اربون کہتے ہیں، جب تم عربان سے عربنتہ کہو گے تو اس کے معنی ہوں گے کہ میں نے اسے بیعانہ دے دیا)۔

محمد بن یعقوب فیروز آبادی (م: ۸۱۷ھ) نے القاموس المحیط میں لکھا ہے:

''الرَّبُونُ والأَرْبانُ والأَرْبونُ، بضمهما: العُرْبُونُ. وأَرْبَنْتُه: أَعْطَيْتُه رَبوناً''[7]

(اربان اور اربون عربون کے معنی دیتے ہیں اور اربنتہ کے معنی ہیں میں نے اسے ربون یعنی بیعانہ دیا)۔

عربون کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے علامہ ابن منظور افریقی (م: ۷۱۱ھ) لکھتے ہیں :

''قِيلَ: سُمِّي بِذَلِكَ، لأَن فِيهِ إِعرابًا لعَقْدِ الْبَيْعِ أَي إِصلاحًا وإِزالةَ فسادٍ لِئَلَّا يملكُه غيرُه بِاشْتِرَائِهِ'' [۸]

(کہا گیا ہے کہ اسے عربون اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں عقد بیع کا اعراب (یعنی اس کی درستگی) ہے اور اس سے فساد کا زائل ہونا پایا جاتا ہے کہ کوئی اور اس چیز کو خرید کر اس کا مالک نہ بن جائے)

لفظ عربون کو چھ طریقوں سے پڑھا یا گیا ہے۔ ملا علی قاری لکھتے ہیں :

''قَالَ بَعْضُ الشُّرَّاحِ: فِيهِ سِتُّ لُغَاتٍ: عُرْبَانُ وَأُرْبَانُ وَعَرْبُونٌ وَأَرْبُونٌ بِضَمِّ الْأَوَّلِ وَسُكُونِ الثَّانِيَةِ فِيهِنَّ وَفَتْحِ الْأَوَّلِ فِي الْأَخِيرَيْنِ'' [۹]

(بعض شارحین نے کہا ہے کہ اس میں چھ لغات ہیں۔ عربان وار بان و عربون وار بون "ع" کے پیش اور "ر" کے سکون کے ساتھ، اور آخری دو میں "ع" کے زبر کے ساتھ)۔

اصطلاحی معنی

مفتی محمد تقی عثمانی بیع العربون کی توضیح کرتے ہوئے کہتے ہیں:

''بیع العربون یا بیعانہ: بیع العربان اس بیع کو کہتے ہیں جس میں مشتری بیعانہ کے طور پر کچھ رقم بائع کو دیتا ہے اور اس میں یہ شرط ہوتی ہے کہ دیکھو میں یہ پیسے دے رہا ہوں اور ساتھ میں اپنے لئے خیار لیتا ہوں کہ چاہوں تو اس بیع کو قائم رکھوں اور چاہوں تو اس بیع کو فسخ کر دوں۔ اگر بیع کو قائم رکھا اور نافذ کر دیا تب تو یہ رقم جس کو عربون یا بیعانہ کی رقم کہتے ہیں جزو ثمن بن جائے گی۔ فرض کرو کہ دس ہزار روپے کا سودا کیا اور پانچ سو روپے بیعانہ کے دے دیئے تو اس میں یہ شرط ہوتی ہے کہ اگر میں نے بیع کو نافذ کر دیا تو یہ پانچ سو روپے جزو ثمن بن جائیں گے۔ اور باقی ساڑھے نو ہزار روپے بعد میں ادا کروں گا۔ اور اگر میں نے بیع کو نافذ نہ کیا تو پانچ سو روپے بیعانہ کے مشتری کے پاس سے گئے، بائع اس کا مالک ہو گیا۔ اس کو بائع العربون کہتے ہیں''۔ [۱۰]

سعید البنانی عربون کی تعریف یوں بیان کرتے ہیں:

''هو ان يشترى الرجل شيئا او يستاجره و يعطى بعض الثمن او الاجرة ثم يقول: ان تم العقد احتسبناه و الا فهو لك ولا آخذ منك'' [۱۱]

(عربون یہ ہے کہ کوئی شخص کسی سے کوئی چیز خریدے یا کرائے پر لے اور اسے قیمت یا اجرت کا کچھ حصہ دے دے، پھر اسے کہے کہ اگر یہ عقد مکمل ہو گیا تو ہم اسے قیمت میں شمار کریں گے ورنہ یہ رقم تمہاری ہو گی اور میں تم سے واپس نہیں لوں گا)۔

ابن قدامہ (م ۶۲۰ھ) کہتے ہیں:

"والعربون فی البیع، هو ان یشتری السلعة فیدفع الی البائع درهما او غیره علی انه ان اخذ السلعة، احتسب من الثمن، وان لم یاخذها فذلک للبائع"[۱۲]

(بیع العربون یہ ہے کہ کوئی شخص کسی سے سامان خریدے اور اس کو ایک درہم یا کچھ رقم اس شرط پر دے کہ اگر اس نے سامان لے لیا تو وہ رقم قیمت میں شمار ہوگی۔ اور اگر بیع نہ ہو سکی تو یہ رقم بائع کی ہوگی)۔

بیع العربون کی مذکورہ بالا تعریفات پر غور کرنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس بیع میں خریدار کو سامان لینے یا نہ لینے کا تو اختیار ہوتا ہے لیکن بائع اس بات کا پابند رہتا ہے کہ مبیع مشتری کے حوالے کرے۔ بائع کے اعتبار سے یہ عقد لازم ہوتا ہے۔

بیع العربون کی ضرورت کے مواقع

عام طور پر بیع العربون درج ذیل مقاصد کے لئے کی جاتی ہے:

۱۔ بعض مرتبہ کسی شخص کو کوئی سامان پسند آجاتا ہے، وہ اسے خریدنا چاہتا ہے لیکن اس کے پاس اس کی پوری قیمت نہیں ہوتی تو وہ بائع سے کہتا ہے کہ آپ اتنی رقم بیعانہ کے طور پر اپنے پاس رکھ لیں بعد میں پوری رقم دے کر میں یہ چیز لے لوں گا اور بائع اس پر راضی نہیں ہوتا کہ اگر خریدار بعد میں یہ سامان نہ خریدے تو وہ پیشگی وصول کی ہوئی رقم واپس کر دے کیونکہ اس کا آرڈر آنے کے بعد بائع یہ سامان کہیں اور بھی نہیں بیچتا اور اگر بعد میں یہ خریدار بھی نہ لے تو بائع کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے خریدار اسے کہتا ہے کہ اگر میں نے یہ سامان نہ خریدا تو دی گئی بیعانہ کی رقم آپ کی ہوگی۔

۲۔ بعض مرتبہ کوئی شخص کسی دکاندار یا بیچنے والے کے پاس کوئی چیز دیکھتا ہے وہ اسے پسند آتی ہے لیکن اس کے خریدنے میں اسے تردد ہو جاتا ہے کہ کہیں اس کی قیمت زیادہ تو نہیں، یا یہ کہ یہ چیز عمدہ سامان سے تیار شدہ ہے یا نہیں، یا اگر بیوی بچوں وغیرہ کے لئے خریدنی ہو تو تردد ہوتا ہے کہ نجانے ان کو پسند آئے گی یا نہیں؟ ایسی صورت میں اگر وہ یہ چیز فوراً نہ خریدے تو اس بات کا امکان ہے کہ دوبارہ آنے تک یہ چیز کسی اور کے ہاتھ بک جائے اور اگر خرید لے تو اس بات کا خطرہ ہے کہ بعد میں یہ پسند نہ آئے اور ندامت سی ہو۔ ایسے وقت میں یہ شخص بیعانہ دے کر بائع کو اس بات کا پابند کرتا ہے کہ وہ یہ سامان کسی اور کو فروخت نہ کرے تاکہ اگر بعد میں وہ اسے خریدنا چاہے تو خرید سکے لیکن بائع عام طور پر مفت میں یہ اختیار دینے کے لئے تیار نہیں ہوتا اس لئے بیعانہ دینے کی نوبت آتی ہے۔

۳۔ بعض مرتبہ خریدار کسی دکاندار یا کمپنی کو سامان خریدنے کا آرڈر دیتا ہے لیکن اس کے پاس وہ سامان تیار شکل میں موجود نہیں ہوتا۔ وہ خریدار کے آرڈر اور اس کی بیان کردہ شرائط واوصاف کے مطابق مال تیار

کرتا ہے۔ لیکن اسے اس بات کا خطرہ ہوتا ہے کہ مال تیار ہونے کے بعد خریدار اسے لینے سے انکار نہ کر دے، ایسی صورت میں وہ اپنے تحفظ اور اپنے آپ کو ضرر سے بچانے کے لئے بیعانہ کا مطالبہ کرتا ہے۔

۴۔ اس کے علاوہ آج کل عام طور پر جتنے بھی بڑی رقم کے سودے ہوتے ہیں۔ جیسے پلاٹ یا گاڑی کی خرید و فروخت، اس میں بیعانہ دیا جاتا ہے اور پیش نظر یہ ہوتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ایک فریق انکار کر دے، جس کی وجہ سے دوسرے فریق کو نقصان کا سامنا ہو[۱۳]

معاشرے میں بیع العربون کے رائج ہونے کا سب سے بڑا سبب یہ سامنے آتا ہے کہ بائع اپنے آپ کو متوقع ضرر سے محفوظ کرنا چاہتا ہے۔

رزق حلال کی اہمیت

بیع العربون کی شرعی حیثیت کا جائزہ لینے سے پہلے اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ اسلام میں کسب حلال فرض کا درجہ رکھتا ہے اور حرام چیزوں کے کھانے سے مسلمانوں کو منع کیا گیا ہے۔ نیز حرام ذرائع کو اختیار کرکے اگر فی نفسہ حلال چیز بھی حاصل کی جائے گی تو وہ بھی حرام ہو گی۔

فرمان الٰہی ہے:

﴿وَكُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ حَلَٰلاً طَيِّباً وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ٱلَّذِيٓ أَنتُم بِهِۦ مُؤْمِنُونَ﴾[۱۴]

(اور جو حلال پاکیزہ رزق اللہ نے تمہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے کھاو اور اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہو)۔

ایک اور جگہ ارشاد ہوتا ہے۔

﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ كُلُواْ مِمَّا فِي ٱلأَرْضِ حَلَٰلاً طَيِّباً وَلاَ تَتَّبِعُواْ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيْطَانِ إِنَّهُۥ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ﴾[۱۵]

(اے لوگو! زمین کی چیزوں میں سے جو حلال اور پاکیزہ ہے کھاو، اور شیطان کے راستوں پر نہ چلو، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے)

اللہ تعالیٰ نے سورۃ الاعراف میں فرمایا:

﴿وَيُحِلُّ لَهُمُ ٱلطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ ٱلْخَبَآئِثَ﴾[۱۶]

(اور ان کے لئے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور ان پر پلید چیزوں کو حرام کرتے ہیں)

حرام کھانے سے اجتناب کا حکم دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَلاَ تَأْكُلُوٓاْ أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِٱلْبَاطِلِ﴾[۱۷]

(اور تم ایک دوسرے کے مال آپس میں ناحق نہ کھایا کرو)

حضور اکرم ﷺ نے کسب حلال کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

''طلب کسب الحلال فریضة بعد الفریضة'' [18]

(رزق حلال کی تلاش فرض عبادت کے بعد (سب سے بڑا) فرض ہے)

حضور اکرم ﷺ نے محنت اور جائز تجارت کو پسند کیا۔ ایک حدیث مبارکہ میں ہے:

''عن رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَيُّ الْكَسْبِ أَطْيَبُ؟ قَالَ: عَمَلُ الرَّجُلِ بِيَدِهِ وَكُلُّ بَيْعٍ مَبْرُورٍ''[19]

(حضرت رافع بن خدیج سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: یارسول اللہ! کون سی کمائی سب سے پاکیزہ ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی کا اپنے ہاتھ سے کمانا اور ہر جائز تجارت)۔

مندرجہ بالا آیات اور احادیث اس حقیقت کو واضح کرتی ہیں کہ کسب معاش کے معاملات میں ایک مسلمان کو صرف اور صرف حلال پر اکتفا کرنا چاہیے۔

بیع العربون کے بارے میں تعلیمات

ذخیرہ احادیث میں بیع العربون کے متعلق دو احادیث ملتی ہیں۔ جن میں ایک روایت کے اندر بیع العربون کی ممانعت کا ذکر ہے جبکہ دوسری روایت میں جواز کا تذکرہ ملتا ہے۔ ذیل میں بیع العربون سے متعلق احادیث بیان کی جاتی ہیں:

۱. **حدیث ممانعت**

امام مالکؒ (م ۱۷۹ھ) نے یہ حدیث بیان کی ہے۔

''مَالِكٌ، عَنِ الثِّقَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ؛ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، نَهَى عَنْ بَيْعِ الْعُرْبَانِ''[20]

(امام مالک ایک ایسے شخص سے روایت کرتے ہیں جو ان کے نزدیک ثقہ ہے اور وہ عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کے واسطے سے نقل کرتے ہیں کہ رسول ﷺ نے بیع العربون سے منع فرمایا)۔

علامہ ابن عبدالبر (م ۴۶۳ھ) کا کہنا ہے کہ امام مالک جس راوی سے حدیث لے رہے ہیں اس کا نام "ابن لھیعۃ" ہے۔ چنانچہ انہوں نے ایک طریق ایسا ذکر کیا ہے۔ جس میں "ابن لھیعۃ" کا واسطہ موجود ہے۔[21]

عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ" کے واسطے کے بارے میں کلام کیا گیا ہے۔ علامہ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) کا کہنا ہے کہ یہ سند اکثر محدثین کے ہاں مقبول ہے[22]

۲. **حدیث اجازت**

امام طیالسی (م ۲۰۳ھ) نے اپنی مسند میں یہ حدیث بیان کی ہے:

''عن زید بن اسلم انه سئل رسول ﷺ عن العربان فی البیع فاحله''[23]

(زید بن اسلم سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اکرم ﷺ سے بیع کے لئے بیعانہ دینے کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے اسے جائز قرار دیا)۔

اس حدیث کی سند میں ایک راوی ابراہیم بن یحییٰ ہیں جنہیں ضعیف کہا گیا ہے[۲۴] لیکن امام شافعی نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے اور ان سے روایات بھی نقل کی ہیں[۲۵]

۳. حضرت نافع بن عبدالحارثؓ کا عمل

مذکورہ مرفوع روایت کے علاوہ حضرت نافع بن عبدالحارثؓ کے واقعہ سے بھی بیع العربون کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ علامہ ابن عبدالبر (م ۴۶۳ھ) نے اس واقعہ کو یوں نقل کیا ہے:

"عن عبدالرحمن بن فروخ عن نافع بن عبدالحارث عامل عمر علیٰ مكة انه اشترى من صفوان بن أُمية دار العمر بن الخطاب باربعة آلاف درهم، واشترط عليه نافع ان رضى عمر فالبيع له وان لم يرض فلصفوان اربع مائة درهم[۲۶]

(عبدالرحمن بن فروخ نقل کرتے ہیں کہ نافع بن عبدالحارث جو کہ عمر بن خطابؓ کی طرف سے مکہ کے عامل تھے۔ انہوں نے حضرت عمرؓ کے لئے صفوان بن امیہ سے ایک گھر چار ہزار درہم کے بدلے اس شرط پر خریدا کہ اگر وہ حضرت عمرؓ کو پسند آگیا تو ان کے لئے بیع پکی ہو جائے گی اور اگر پسند نہ آیا تو صفوان کو چار سو درہم دیئے جائیں گے)۔

امام بخاری (م ۲۵۶ھ) نے صحیح بخاری میں اس واقعہ کو تعلیقاً ذکر کیا ہے[۲۷]

قائلین عدم جواز

حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حسن بصریؒ، حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ میں سے ابوالخطاب کے نزدیک بیع العربون ناجائز ہے[۲۸]

علامہ ابن عبدلبر (م ۴۶۳ھ) لکھتے ہیں:

"اما قول مالک فعليه جماعة فقهاء الامصار من الحجازيين والعراقيين، منهم: الشافعي والثوري وابوحنيفة والاوزاعي ، والليث بن سعد وعبد العزيز بن ابي سلمة لانه من بيع الغرر والمخاطرة واكل المال بغير عوض و لاهبة و ذلک باطل[۲۹]

(امام مالک کے قول پر حجاز اور عراق کے فقہاء کی ایک جماعت ہے۔ ان میں سے امام شافعی، امام ثوری، امام ابو حنیفہ، امام اوزاعی، لیث بن سعد اور عبدالعزیز بن ابی سلمہ شامل ہیں۔ اس لئے کہ یہ

غرر اور خطر والی بیع ہے اور اس میں کسی عوض کے بغیر مال کھانا لازم آتا ہے۔ جو کہ ہبہ بھی نہیں لہذا یہ باطل ہے)۔

قائلین جواز

حضرت عمرؓ، ابن عمرؓ اور تابعین میں سے مجاہد، ابن سیرین، نافع بن عبدالحارث اور زید بن اسلم سے اس کا جواز منقول ہے۔ ان کے علاوہ امام احمد بن حنبلؒ بھی اس کے جواز کے قائل ہیں۔

علامہ ابن عبدالبر (م ۴۶۳ھ) لکھتے ہیں: **وقدروی عن قوم من التابعین منهم: مجاہد و ابن سیرین ونافع بن عبدالحارث و زید بن اسلم انهم اجازوا بیع العربان**[۳۰] تابعین کی جماعت جن میں مجاہد، ابن سیرین، نافع بن عبدالحارث وزید بن اسلم شامل ہیں، نے اس طرح بیع العربون کرنے کو جائز قرار دیا ہے۔ ابن قدامہ (م ۶۲۰ھ) کہتے ہیں **قال احمد: لا باس به، وفعله عمر** رضی اللہ عنہ **وابن عمر** رضی اللہ عنہ **انه اجازه**[۳۱] امام احمدؒ کہتے ہیں کہ بیع العربون میں کوئی حرج نہیں، حضرت عمرؓ نے خود کی ہے اور ابن عمرؓ نے اس کی اجازت دی ہے۔

قائلین عدم جواز کے دلائل

جن فقہا نے بیع العربون کو ناجائز کہا ہے، ان کے دلائل درج ذیل ہیں:۔

۱۔ عدم جواز کی وہ مرفوع روایت جو عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کے واسطے سے بیان ہوئی۔ علامہ شوکانی (م ۱۲۵۰ھ) اس روایت کے بارے میں فرماتے ہیں:

> "**حدیث عمرو بن شعیب قد ورد من طرق یقوی بعضها بعضاً**"[۳۲]
>
> (عمرو بن شعیب والی حدیث متعدد طرق سے مروی ہے اور یہ طریق ایک دوسرے کو تقویت پہنچاتے ہیں)۔

۲۔ اس بیع میں غرر پایا جاتا ہے اور احادیث میں غرر کو ناجائز کہا گیا ہے۔

علامہ ابن رشد (م ۵۹۵ھ) کہتے ہیں:

> "**والغرر الکثیر المانع صحة العقد یکون فی ثلاثة اشیاء (احدها) العقد (والثانی) احد العوضین الثمن او المثمون او کلیهما (والثالث) الاجل فیهما او فی احدهما ۔ فاما الغرر فی العقد فهو مثل نهی النبی** ﷺ **عن بیعتین فی بیعة وعن بیع العربان**"[۳۳]

(وہ غرر فاحش جو عقد کے صحیح ہونے سے مانع ہے تین چیزوں میں پایا جاتا ہے، ایک عقد میں، دوسرے کسی ایک عوض میں جیسے ثمن یا مبیع میں یا دونوں میں، تیسرے دونوں یا کسی ایک کی مدت میں۔ عقد میں غرر کی مثال جیسے آنحضرت ﷺ نے ''بیعتان فی بیعة'' اور ''بیع العربون'' سے منع کیا)۔

۳۔ اس میں قمار اور دوسرے کے مال کو ناجائز طریقے سے کھانے کی خرابی لازم آتی ہے۔

علامہ قرطبیؒ (م ۶۶۸ھ) لکھتے ہیں:

''لانه من باب بیع القمار والغرر والمخاطرة واکل المال بالباطل''[۳۴]

(کیونکہ اس میں قمار، غرر، مخاطرہ اور باطل طریقے سے مال کھانے کی خرابی پائی جاتی ہے)۔

علامہ ابن العربی (م ۵۴۳ھ) کہتے ہیں:

''من جملة اکل المال بالباطل بیع العربان''[۳۵]

(ناحق مال کھانے میں بیع العربان بھی شامل ہے)۔

۴۔ اس میں دو شرائط ایسی ہیں جو مقتضائے عقد کے خلاف ہیں:

ا۔ ہبہ کی شرط یعنی اگر معاملہ نہ ہوا تو بیعانہ کی رقم بائع کے لئے ہبہ ہوگی۔

ب۔ مبیع رد کرنے کی شرط یعنی اگر خریدار راضی نہ ہوا تو مبیع بائع کی طرف واپس چلی جائے گی۔

علامہ رملی (م: ۱۰۰۴ھ) لکھتے ہیں:

''ولما فیه من شرطین مفسدین، شرط الهبة وشرط رد المبیع بتقدیر ان لا یرضیٰ''[۳۶]

(اور (بیع العربون کے ناجائز ہونے کی ایک وجہ یہ ہے کہ) اس میں دو شرطیں ایسی ہیں جن سے عقد فاسد ہو جاتا ہے، یعنی خریدار کے راضی نہ ہونے کی صورت میں ہبہ اور مبیع واپس کرنے کی شرط)۔

۵۔ ضابطہ یہ ہے کہ جب ایک مسئلے کے متعلق جواز اور عدم جواز دونوں قسم کی روایات جمع ہو جائیں تو پھر عدم جواز والی روایت کو ترجیح ہوتی ہے۔ علامہ شوکانی (م ۱۲۵۰ھ) ممانعت والی روایت کے بارے میں لکھتے ہیں:۔

''لانه یتضمن الحظر وهو ارجح من الاباحة کما تقرر فی الاصول''[۳۷]

(یہ روایت حظر (ممانعت) کو شامل ہے اور (تعارض کے وقت) حظر کو اباحت پر ترجیح دی جاتی ہے، جیسا کہ اصول فقہ میں یہ بات ثابت ہے)۔

۶۔ نافع بن حارث کی روایت میں یہ تاویل کی جاسکتی ہے کہ حضرت عمرؓ کے لئے جو مکان خریدا گیا وہ ایک نئے عقد کے ذریعے تھا۔ اور اس صورت میں یہ معاملہ چونکہ شرطِ فاسد سے پاک تھا اس لئے جائز تھا۔

علامہ ابن قدامہ (م ۶۲۰ھ) لکھتے ہیں:

''فَأَمَّا إِنْ دَفَعَ إِلَيْهِ قَبْلَ الْبَيْعِ دِرْهَمًا وَقَالَ لَا تَبِعْ هَذِهِ السِّلَعَ لِغَيْرِي وَإِنْ لَمْ أَشْتَرِهَا مِنْك فَهَذَا الدِّرْهَمُ لَك. ثُمَّ اشْتَرَاهَا مِنْهُ بَعْدَ ذَلِكَ بِعَقْدٍ مُبْتَدِئٍ وَحَسَبَ الدِّرْهَمَ مِنْ الثَّمَنِ صَحَّ لِأَنَّ الْبَيْعَ خَلَا عِنْدَ الشَّرْطِ الْمُفْسِدِ، وَيَحْتَمِلُ أَنَّ الشِّرَاءَ الَّذِي اُشْتُرِيَ لِعُمَرَ كَانَ عَلَى هَذَا الْوَجْهِ''[۳۸]

(اگر خریدار نے بیع سے پہلے بائع کو ایک درہم دیا اور کہا کہ یہ سامان میرے علاوہ کسی اور کو نہ بیچنا اور اگر میں یہ سامان تجھ سے نہ خریدوں تو یہ درہم تمہارا ہوگا۔ پھر اس کے بعد الگ اور نئے عقد کے ذریعے اس سامان کو خرید لیا اور یہ درہم اس ثمن میں شمار کر لیا تو یہ صحیح ہے کیونکہ اب بیع کے اندر شرط فاسد نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ حضرت عمرؓ کے لئے خریدا گیا مکان اسی طرح ہو)۔

قائلین جواز کے دلائل

امام احمد بن حنبل (م ۲۴۱ھ) اور جو حضرات اس بیع کو جائز قرار دیتے ہیں، ان کے دلائل درج ذیل ہیں:

۱۔ حضرت زید بن اسلم کی بیان کردہ روایت میں حضور اکرم ﷺ نے اس کی اجازت دی ہے۔

۲۔ نافع بن عبدالحارث کا ذکر کردہ واقعہ کہ انہوں نے حضرت عمرؓ کے لئے بیع العربون کے ساتھ مکان خریدا۔

امام اثرم کہتے ہیں کہ میں نے احمد بن حنبل سے کہا کہ آپ بیع العربون کو جائز کہہ رہے ہیں؟ وہ بولے میں کیا کہوں؟ یہ حضرت عمرؓ کا واقعہ تمہارے سامنے ہے۔ المغنی کی اصل عبارت یوں ہے:

''قال الاثرم: قلت لاحمد: تذهب اليه، قال: اى شيئ اقول، هذا عمر رضى الله عنه''[۳۹]

۱۔ وہ قیاس جو سعید بن مسیب اور ابن سیرین سے مروی ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں کہ اگر خریدار بائع کے سامان کو پسند نہیں کرتا اور اسے واپس کر دیتا ہے تو اسے ساتھ کچھ دے دے۔

المغنی میں ہے:

''قال سعيد بن المسيب و ابن سيرين: لا بأس اذا كره السلعة ان يردها ويرد معها شيئا''[۴۰]

معاصر علماء کی آراء

قدیم علماء کی طرح معاصر علماء میں بعض علماء بیع العربون کے جواز اور بعض عدم جواز اور بعض تفصیل کے قائل ہیں۔

عدم جواز کے قائلین

ڈاکٹر صدیق محمد امین الضریر کی رائے یہ ہے کہ بیع العربون ناجائز ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

''وانی ارجح المنع لقوة دلیله، فان حدیث النهی اکثر رجال الحدیث یصححونه وحدیث الجواز اکثرهم یردہ، والغرر فی بیع العربون متحقق وما اعتمد علیه المجوزون من اقوال بعض الصحابة والتابعین لا یقوی علی معارضة ادلة المانعین''[۴۱]

(میں بیع العربون کے عدم جواز کو ترجیح دیتا ہوں کیونکہ اس کے دلائل زیادہ مضبوط ہیں اور ممانعت والی روایت کو اکثر نے صحیح کہا ہے جبکہ جواز والی روایت کو اکثر نے رد کیا۔ نیز بیع العربون میں غرر یقینی طور پر پایا جاتا ہے اور بیع العربون کو جائز کہنے والوں نے صحابہ اور تابعین میں جن کے قول سے استدلال کیا ہے، وہ ممانعت والے دلائل کا معارضہ نہیں کر سکتے)۔

جواز کے قائلین

ڈاکٹر وھبہ زحیلی (م ۲۰۱۵ء) بیع العربون کے جواز کے قائل ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

''والذی اراہ هو ترجیح رای الحنابلة بیعاً واجارة بعد العقد، عملاً بالوقائع الکثیرة التی دلت علی جوازہ فی عصر الصحابة والتابعین، فهو قول صحابی وافقه علیه آخرون واتجاہ کبار التابعین من فقهاء المدینة''[۴۲]

(میرا خیال یہ ہے کہ بیع اور اجارہ کے اندر بیع العربون کے سلسلے میں حنابلہ کا مذہب راجح ہے کیونکہ صحابہ کرام اور تابعین کے دور میں اس کے بہت سے واقعات پیش آئے جس سے اس کا جواز معلوم ہوتا ہے، نیز یہ ایک صحابی کا قول بھی ہے جس کی موافقت دوسرے صحابہ کرامؓ نے فرمائی۔ نیز فقہائے مدینہ میں کبار تابعین کی بھی یہی رائے ہے)

بیع العربون کی ممانعت کے متعلق وارد ہونے والی مرفوع روایات کے بارے میں ڈاکٹر وھبہ زحیلی (م ۲۰۱۵ء) کہتے ہیں کہ فریقین میں سے کسی کے نزدیک بھی وہ صحیح نہیں۔

''ولا ن الاحادیث الواردة فی شان بیع العربون لم تصح عند الفریقین''[۴۳]

مشروط جواز کے قائلین

۱۔ ڈاکٹر رفیق یونس المصری کہتے ہیں:

''انی امیل فی العربون الی اختیار مذهب الحنابلة المجوزین بشرط ان تکون مدة الخیار معلومة''[۴۴]

(بیع العربون کے اندر میر امیلان حنابلہ کے مذہب کی طرف ہے جنہوں نے اس بیع کو جائز قرار دیا ہے۔ بشرطیکہ خریدار کے لئے خیار کسی متعین مدت کے لئے ہو)۔

۲۔ مفتی محمد تقی عثمانی کہتے ہیں:

''چونکہ معاملہ مجتہد فیہ ہے اس لیے عربون کو بالکلیہ باطل نہیں کہہ سکتے اور بسا اوقات اس قسم کے معاملہ کی ضرورت پیش آجاتی ہے، بالخصوص ہمارے زمانے میں جہاں ایک ملک سے دوسرے ملک بین الاقوامی تجارت ہوتی ہے وہاں یدًا بید معاملہ نہیں ہوتا اور نہ ہو سکتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص دوسرے سے معاملہ کرلے کہ میں تم سے سامان منگوا رہا ہوں۔ بائع نے اس کے لئے سامان اکٹھا کیا سب کچھ کیا، لاکھوں روپے خرچ کیے بعد میں وہ مکر جائے کہ میں بیع نہیں کرتا تو اس صورت میں بائع کا بڑا سخت نقصان ہوتا ہے، ایسی صورت میں بائع اگر عربون کی شرط لگائے تاکہ مشتری پابند ہو جائے تو اس کی بھی گنجائش معلوم ہوتی ہے کہ اس صورت میں امام احمد بن حنبل (م ۲۴۱ھ) کے قول پر عمل کیا جائے، باقی جہاں ضرورت نہ ہو ویسے ہی لوگوں نے پیسے کمانے کا ذریعہ بنالیا تو وہ جائز نہیں''[45]

۳۔ مجمع الفقہ الاسلامی (العالمی)[۴۶] کی رائے:

مجمع الفقہ الاسلامی (العالمی) نے انتظار کی مدت متعین ہونے کی قید کے ساتھ اس بیع کی اجازت دی ہے۔

یجوز بیع العربون اذا قیدت فترة الانتظار بزمن محدود و یحتسب العربون جزءً من الثمن اذا تم الشراء ویکون من حق البائع اذا عدل المشتری عن الشراء''[۴۷]

(اگر انتظار کی مدت متعین ہو تو بیع العربون جائز ہے، لہذا اگر خریداری کا عمل مکمل ہو تو بیعانہ قیمت کا حصہ شمار ہوگا اور اگر خریدار نے سامان لینے سے انکار کیا تو یہ بائع کا حق ہوگا)

نتیجہ بحث

بیع العربون کے جواز اور عدم جواز کے دلائل کا جائزہ لینے کے بعد راجح یہ معلوم ہوتا ہے کہ جہاں حقیقی ضرورت ہو نیز انتظار کی مدت متعین ہو صرف وہیں پر یہ بیع کرنی چاہیے۔ یہ بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ بیع نہ ہونے کی صورت میں بائع کو ہونے والے حقیقی نقصان سے زائد رقم مشتری کو واپس دینا لازم قرار دیا جائے۔ بائع کے ذہن میں یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ بیع العربون کی صورت میں وہ بیع فسخ نہیں کر سکتا۔ یہ اختیار صرف مشتری کے پاس رہتا ہے۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ راغب اصفہا نی ، حسین بن محمد، المفردات، مطبوعہ المکتبة المرتضویہ، ایران، ۱۳۴۲ھ،ص۶۲

۲۔ ابن نجیم، زین الدین ، البحرالرائق، مطبوعہ مکتبہ ماجدیہ، کوئٹہ،س۔ن، ج۵،ص۲۶۲

۳۔ ابن منظور ، لسان العرب،دارالکتب العلمیة، بیروت،۱۴۲۶ھ، ج۵،ص۲۲

۴۔ ایضاً ،ج۸،ص۳۹۹

۵۔ غازی، محمود احمد، ڈاکٹر، محاضرات معیشت و تجارت، الفیصل ناشران و تاجران کتب، لاہور، ۲۰۱۰ء، ص۲۴۹۔

۶۔ ابن منظور ، لسان العرب، ج۷،ص۸۶۸

۷۔ الفیروز آبادی ،مجدالدین محمد بن یعقوب ، القاموس المحیط، داراحیاءالتراث العربی، بیروت ، ۱۴۱۲ھ، ج۴،ص۳۲۲

۸۔ ابن منظور ، لسان العرب، ج۹،ص۱۱۷۔

۹۔ القاری، علی بن سلطان محمد ،مرقاۃالمفاتیح شرح مشکوۃالمصابیح ، دارالکتب العلمیة، بیروت،۱۴۲۲ھ،ج۶،ص۷۶

۱۰۔ محمد تقی عثمانی، مفتی، اسلام اور جدید معاشی مسائل، ادارہ اسلامیات، کراچی، ۱۴۲۹ھ، ج۹، ص۱۵۸-۱۵۹

۱۱۔ سعید الحوزی الشرتوتی اللبنانی، الاقر ب الموارد فی فصیح العربیة السوارد، دارالا سوۃ للطباعة والنشر، ۱۳۳۷ھ، ج۳،ص۵۰۵ھ۔

۱۲۔ ابن قدامة ،موفق الدین،ابو محمد عبداللہ بن احمد، المغنی، مطبوعہ دارالفکر،بیروت، ۱۴۰۵ھ،ج۶،ص۳۳۱

۱۳۔ اعجاز احمد صمدانی، ڈاکٹر، غرر کی صورتیں، مکتبہ معارف القرآن، کراچی،۱۴۳۰ھ،ص۱۵۲-۱۵۱۔

۱۴۔ سورة المائدة، ۵:۸۸

۱۵۔ سورة البقرة ۲:۱۶۸

۱۶۔ سورة الاعراف ۷:۱۵۷

۱۷۔ سورة البقرة۲:۱۸۸

۱۸ بیہقی،ابو بکر احمدبن حسین بن علی، السنن الکبری،دارلکتب العلمیہ،بیروت،۱۴۲۴ھ ، رقم: ۱۱۶۹۵، ج۶،ص۲۱۱

۱۹۔ احمد بن حنبل ، المسند ،مکتب اسلامی،بیروت،۱۳۹۸ھ، رقم :۱۷۲۶۵ ،ج۴،ص۱۴۱

۲۰۔ مالک بن انس، الموطا،مطبوعہ مطبع مجتبائی،لا ہور،س۔ن، ص ۵۶۸۔

۲۱۔ ابن عبدالبر، ابو عمر یوسف بن عبداللہ بن محمد، الاستذکار، دارالوی، القاہرة،۱۴۱۴ھ،ج۹،ص۱۹

۲۲۔ سیوطی، جلال الدین ،تدریب الراوی ، مطبعة الخیریة، مصر،۱۳۰۷ھ،ص۲۲۱

۲۳۔ الطیالسی، سلیمان بن داودبن جارود، مسند الطیالسی ، دارالمعرفة، بیروت، س۔ن، رقم: ۳۹۰، ج۱،ص۳۹۰

۲۴۔ شوکانی، محمد بن علی، نیل الاوطار،مطبوعہ الکلیات الازدیہ،۱۳۹۸ھ، ج۵،ص۱۳۰۔

۲۵۔ کاندھلوی،محمدزکریا،اوجزالمسالک الی موطاامام مالک،دارالکتب العلمیہ،بیروت،۱۴۲۰ھ، ج۱۱،ص۴۵/۴۵۔

۲۶۔ ابن عبدالبر، الاستذکار، ج۹،ص۱۹

۲۷۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الخصومات، باب الربط والجس فی الحرم،دارالسلام للنشر والتوضیع، الریاض، ۱۴۱۹ھ،ص ۳۸۹۔

۲۸۔ الدسوقی، شمس الدین محمد بن عرفة ، حاشیة الدسوقی علی الشرح الکبیر، دارالفکر، بیروت ،س۔ن، ج۳،ص۶۳

۲۹۔ ابن عبدالبر، الاستذکار، ج۱۹،ص۱۱

۳۰۔ ایضاً۔

۳۱۔ ابن قدامہ، المغنی، ج۶،ص۳۳

۳۲۔ شوکانی، نیل الاوطار،ج۵،ص۱۳۰

۳۳۔ ابن رشد ، ابوالولید محمد بن احمد، دارالغرب الاسلامی، بیروت، ۱۴۰۸ھ، ج۲،ص۷۳۔

۳۴۔ قرطبی ، ابوعبداللہ محمد بن احمد الانصاری، الجامع لا حکام القراان، مطبعة دارالکتب لمصریة، القاہرة، ۱۳۵۶ھ، ج۵،ص۱۵۰۔

۳۵۔ ابن العربی،ابو بکر محمد بن عبداللہ، احکام القرآن، دارالکتب العلمیہ،بیروت،۱۴۲۴ھ، ج۱،ص۴۰۸

۳۶۔ رملی،محمد بن ابوالعباساحمد بن حمزہ بن شہاب الدین،نہایة المحتاج الی شرح المنہاج ، دار احیاءالتراث العربی، بیروت، س ن،ج۳،ص۴۹۵

۳۷۔ شوکانی، نیل الاوطار، ج۵،ص۱۳۰

۳۸۔ ابن قدامہ ، المغنی، ج۶،ص۱۳۰

۳۹۔ ایضاً۔
۴۰۔ ایضاً۔
۴۱۔ الضریر، صدیق محمد امین، الغرر واثرہ فی العقود، طبعتہ المولف بنفسہ، ۱۴۱۵ھ، ص۱۲۵۔
۴۲۔ الزحیلی، وھبۃ مصطفی ، بحث فی مجلۃ مجمع الفقہ الاسلامی (العالمی)، جدۃ ، الدورۃ الثامنۃ، ۱ ۔۷محرم ۱۴۱۴1414ھ، ص ۵۔
۴۳۔ ایضاً۔
۴۴۔ المصری، الدکتور رفیق یونس ، بیع العربون، بحث فی مجلۃ مجمع الفقہ الاسلامی (العالمی)، جدۃ، الدورۃ الثامنۃ، ۱۴۱۴ھ، ص ۲۲۔
۴۵۔ محمد تقی عثمانی، اسلام اور جدید معاشی مسائل، ج۴، ص۱۶۲
46- Islamic Fiqh Academy is an academy for advanced study of Islam based in Jeddah,Saudi Arabia.Resolution No.8/3-C,(I.S) adopted by the third Islamic Summit Conference,held in Makkah Al-Mukarramah and Taif in 1981A.D called for the establishment of an Islamic Fiqh Academy. Besides traditional Islamic Sciences,the IFA seeks to advance knowledge in the realms of culture,science and economics.Official language of IFA is Arabic.Dr.Abdul Salam Daud Al-'Ibadi is the head of IFA since 2008 A.D.
www.iifaaifi.org,en.wikipedia.org/wiki/international_Islamic_Fiqh_Academy,_Jeddah, dated 10-5-2017 at 11:20AM.
۴۷۔ القرارات والتوصیات الصادرۃ عن مجلس مجمع الفقہ الاسلامی فی دورۃ موتمرۃ الثامن المنعقد بیندرسری بجاون (برونائی دارالسلام)، ۱۴۱۴ھ، ص ۸۔

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

رفیق احمد پامپوری کا مطالعۂ قرآن: تجزیاتی مطالعہ

(*Qura'nic* Study of *Rafique Ahmad Pampuri*: Analytical Study)

*** محمد طیب خان**
پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، AIOU/لیکچرر اسلامک اسٹڈیز گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ کالج باغ۔
**** اسماء عنصر**
پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ABSTRACT

Qurā'nic study in Kashmir started with the advent of Islam in Kashmir. Many Kashmiri scholars played their significant role in the study of the Holy Quran and its sciences. One of them is Dr. Rafique Ahmad Pampuri. He belongs to Pampure, a town in Indian occupied Kashmir,. He is a well-known contemporary scholar in Kashmiri. Although He is a medical practitioner, yet under the patronage of a renowned Indian Scholar Molana Maseehullah(d1992), a student and spiritual successor of Molana Ashraf Ali Thanvi(d1943)- he studied the Islamic Sciences and established a Madrasa. He laid down an Islamic Research Institute in Pampure, Kashmir. He wrote many books in various fields of Islamic sciences. Besides his detailed commentary on Sahĭh Bukhāri "Ra'fat ul Bāri", he wrote exegesis of Sūrat ul Fātihah and three other books on Qurā'nic Sciences. It is noteworthy that all his studies and works are in English language. This article is an endeavor to explore and analyze his work on the Holy Qurā'n and its sciences followed by his brief intro.

Key words: The Holy Qurā'n, exegesis, sciences of the Holy Qurā'n, Rafique Ahmad, Pampuri, Maseehullah.

تمہید

برصغیر میں اسلامی علوم کی ترویج و اشاعت میں مکتب دیوبند کا ایک بڑا حصہ ہے۔ اس مکتب سے تعلیم وتربیت پانے والے علماء کرام نے مختلف علوم کی خدمت کرنے والے علماء اور رجال کار پیدا کیے۔ اسی مکتب کے تربیت یافتہ مولانا مسیح اللہ خان (م ۱۹۹۲ء)[1] کے کشمیر سے تعلق رکھنے والے ایک شاگرد ڈاکٹر رفیق احمد پامپوری ہیں جنہوں نے باقی علوم کے علاوہ قرآن اور علوم القرآن پر تحریری کام کیا ہے۔ ڈاکٹر رفیق احمد پامپوری نے میڈیکل ڈاکٹر ہونے کے باوجود مولانا مسیح اللہ کے زیر سایہ رہ کر اسلامی علوم میں گہرائی حاصل کی۔ انہوں نے سورۃ الفاتحۃ کی انگریزی زبان میں طویل تفسیر کے علاوہ دیگر قرآنی علوم پر تین کتب انگریزی زبان میں تحریر کی ہیں۔ سورۃ الفاتحہ کی یہ تفسیر ان کے تبحرِ علمی کا واضح ثبوت ہے۔ چونکہ یہ کتب اسلام کے اولین ماخذ کی تفسیر اور اس کے متعلقہ علوم سے ہے اور پھر ڈاکٹر صاحب نے قدیم طریقہ تصنیف کو نئی زبان اور اپنے خاص انداز سے پیش کیا ہے،

مزید برآں ان کے کام کو اجاگر نہیں کیا گیا۔ اس لیے ان کتب پر تحقیقی کام کی ضرورت و اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ذیل میں ڈاکٹر رفیق احمد کے تعارف کے ساتھ ساتھ تفسیر سورۃ الفاتحۃ اور علوم القرآن پر ان کی دیگر تین کتب کے تعارف اور ان کے منہج کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا جاتا ہے:

ڈاکٹر رفیق احمد کا تعارف

ڈاکٹر رفیق احمد ۱۳/ فروری ۱۹۵۶ء کو سرینگر میں پیدا ہوئے۔ انہوں ۱۹۷۹ء میں گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر سے ایم بی بی ایس کیا، ۱۹۸۳ء میں مذکورہ کالج سے ہی شعبہ ای این ٹی میں ایم ایس (ماسٹر آف سرجری) کیا۔ وہ وادیٔ کشمیر کے ایک ماہر مشہور سرجن ہیں۔ انہوں نے کئی نیشنل اور انٹرنیشنل کانفرنسز میں اپنی تحقیقات پیش کی ہیں۔ ڈاکٹر رفیق احمد گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کشمیر میں شعبہ ناک، کان، گلے کے پروفیسر اور پھر کالج کے پرنسپل بھی رہے[۲]۔

ڈاکٹر رفیق احمد اپنے پیشہ کے اعتبار سے تو میڈیکل ڈاکٹر تھے لیکن مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ مولانا مسیح اللہ خان[۳] کی صحبت کا اثر تھا کہ انہوں نے نہ صرف ان سے دینی تعلیم حاصل کی بلکہ ایک دینی مدرسہ اور اسلامی ریسرچ انسٹیٹیوٹ بھی قائم کیا۔ انہوں نے ۱۹۸۹ء میں انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ریسرچ[۴] اور مدرسہ الٰہیہ قائم کیا۔ اس ادارے سے انہوں نے تعلیم بھی حاصل کی اور تدریس کے فرائض بھی سرانجام دیتے رہے۔

تصانیف

ڈاکٹر محمد رفیق نے قرآن مجید کے علاوہ حدیث اور دیگر موضوعات پر کتب تالیف کی ہیں۔ ان کی تمام کتب انگریزی زبان میں ہیں، جنہیں قومی اور بین الاقوامی سطح پر پذیرائی حاصل ہے۔ ڈاکٹر محمد رفیق کی تالیفات مندرجہ ذیل ہیں:

1. Introduction to al-Qur'an.
2. Introduction to al-Hadith.
3. The Instrument for Understanding Qur'an.
4. Aijazul Qur'an.
5. Tafseer Surah Fatihah.
6. Furu-ul-Iman (translation only).
7. Need for Divine Guidance.
8. Ra'fatul Bari Sharah Sahih al-Bukhari(5 Volumes)[5].

ڈاکٹر رفیق احمد کا مطالعہ قرآن

ڈاکٹر رفیق احمد پامپوری نے مطالعہ قرآن پر چار کتب تحریر کی ہیں جو کہ یہ ہیں:

1. Tafseer Surah Fatihah.
2. The Instrument for Understanding Qur'an
3. Introduction to Al-Qur'an
4. Aijaz ul Qur'an.

مندرجہ بالا کتب میں سے پہلی تفسیر ہے جبکہ باقی تینوں کتب دیگر علوم القرآن سے متعلق ہیں۔ چاروں کتب انگریزی زبان میں ہیں اور ان میں سے دوسری کتاب "The Instrument for Understanding Qur'an" علوم القرآن کے معروف معنٰی پر پورا نہیں اترتی، جبکہ باقی دو کتب علوم القرآن کے معروف معنٰی کے اعتبار سے ہیں۔ علوم القرآن کا اطلاق عام طور پر دو معنوں[6] میں ہوتا ہے ایک وہ علوم القرآن ہیں جو فہم قرآن کے لیے معاون ہیں جبکہ دوسرے علوم القرآن وہ ہیں جو قرآن مجید سے ماخوذ ہیں۔ لیکن اس کتاب میں قرآن مجید کو سمجھنے کے لیے قلب یعنی دل کو ایک آلہ کے طور پر بحث میں لایا گیا ہے۔ ڈاکٹر رفیق احمد پامپوری کی مذکورہ بالا کتب کا تعارفی مطالعہ مندرجہ ذیل سطور میں پیش کیا جاتا ہے:

الف۔ تفسیر Surat ul Fatihah کا تعارف

سورۃ الفاتحہ کی یہ تفسیر انگریزی زبان میں تحریر کی گئی ہے۔ اس کا نام "Tafsir Surah al Fatiha" ہے ۔ ۱۱۵ صفحات پر مشتمل یہ تفسیر آدم پبلیکشنز دہلی نے شائع کی ہے۔ تفسیر کا آغاز سورۃ الفاتحہ کے ناموں کی تفصیل سے ہوتا ہے جبکہ اس کا اختتام ان الفاظ سے ہوتا ہے:

> ''Then Why did Rasulullah ﷺ interpret these two groups by jews and Christians respectively. Ulema have given the explanation that though these words are applicable to all Kufaar yet Rasulullah ﷺ has used word 'maghdhoob Aalihim' (whose portion is wrath) for jews because wrong doings were dominant feature of the jews and the wor 'Dhalal(gone astray) for Christians because ignorance and erroneous beliefs were dominant feature of Christians"[7].
>
> (تو پھر کیوں رسول اللہ ﷺ نے ان دو گروہوں کی تفسیر یہودیوں اور عیسائیوں سے کی۔ علماء نے یہ توضیح کی ہے کہ اگرچہ یہ الفاظ تمام کفار پر صادق آتے ہیں لیکن اس کے باوجود رسول اللہ ﷺ نے مغضوب علیہم کا مصداق یہودیوں کو قرار دیا، کیونکہ برے کام کرنا یہودیوں کی غالب صفت تھی، جبکہ ضالین کی تفسیر عیسائیوں کو قرار دیا کیونکہ جہالت اور غلط عقائد عیسائیوں کی غالب صفت تھی)۔

ب۔ تفسیر سورۃ الفاتحہ Tafseer Surah Fatihah میں ڈاکٹر رفیق احمد کا منہج

سورۃ الفاتحہ کی اس تفسیر کی مفسر نے ابواب بندی کی ہے۔ چنانچہ تفسیر کو گیارہ (۱۱) ابواب (Chapters) میں تقسیم کیا ہے۔ ان ابواب کے عنوانات درج ذیل ہیں:

1. Nomenclature.
2. Tawwudh.
3. History of Descent.
4. Excellences of Surah al- Fatihah.

5. Bismillah-ir-Rahman-ir-Rahim.
6. Praise be to Allah, the Cherisher and Sustainer of the worlds.
7. Ar-Rahman-ir-Rahim.
8. Master of the Day of Judgment.
9. Thee do we worship and thine aid we seek.
10. Show us the straight way.
11. The way of those on whom thou has bestowed thy grace, those whose(portion) is not wrath. And who go not astray.

ابواب میں تقسیم کے بعد مفسر نے ہر آیت کی تفسیر تفصیل کے ساتھ تحریر کی ہے۔ اس کے لیے انہوں نے تفسیر کبیر اور تفسیر بیضاوی جیسا انداز اختیار کیا ہے۔ ہر لفظ کی دلائل کے ساتھ توضیح، اس پر قیل و قال، علمی و منطقی انداز، آسان انگریزی زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ ذیل میں اس تفسیر سے کچھ مثالیں مفسر کے منہج کی توضیح کے لیے بیان کی جاتی ہیں:

۱۔ سورۃ الفاتحہ کے بارہ (۱۲) نام مفسر نے ذکر کیے ہیں۔ اس سلسلہ میں ان کا منہج ملاحظہ ہو:

Al-Asaas الأساس(basis):
Abdullah b abbas used to call it by this name.

Ad-Dua الدعاء:
It is called Ad-dua as it contains the verse.

Al-Kanz الكنز(Treasure)
Is-haaq b Rahovia(RA) has quoted Hadhrat Ali(RA) as saying that Rasulullah ﷺ said:

إنها أنزلت من كنز تحت العرش

"It has been revealed from the treasure lying underneath the throne"[۸].

الأساس: عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اس سورت کو اساس کہا کرتے تھے۔

الدعاء: اس سورت کو دعاء اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس سورت میں آیت۔ ہے۔

الکنز (خزانہ): اسحاق بن راھویہؒ (م ۲۳۸ھ، ۸۵۳ء) نے کہا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "یہ (سورت) عرش الٰہی کے خزانے سے نازل کی گئی ہے)۔

۲۔ تسمیہ کے قرآن کے حصہ ہونے کا یا نہ ہونے کے بارے میں علماء کے اختلاف کو ان الفاظ میں بیان کیا:

There is difference of opinion about the Ayat of Bismillah, which is written in the beginning of every Surah, as to:

1. Whether it is a part of Qur'an.
2. Whether it is a part of every Surah.
3. Whether it is a part of Surah Al- Fatihah only.

4. Whether it is only to mark the difference between various Surahs[9].

(بسم اللہ جو کہ سورتوں کے شروع میں لکھی جاتی ہے، کے بارے میں مختلف آراء ہیں جیسے:

۱۔ کیا یہ قرآن مجید کا حصہ ہے؟

۲۔ یا یہ ہر سورت کا حصہ ہے؟

۳۔ یا یہ صرف سورۃ الفاتحہ کا حصہ ہے؟

۴۔ یا یہ سورتوں کے درمیان فرق یا فصل کا نشان ہے۔

اس پر علماء شوافع اور احناف وغیرہ کا موقف مع دلائل ذکر کیا۔ اس کے بعد بسم اللہ کی تفسیر کا انداز ملاحظہ ہو:

Bismillah: It means with the name of *Allah*. This word *Bismillah* has three components, viz., *Ba*(ب), *Ism*(اسم)and *Allah(Allah)*

Ba (ب): In Arabic Language *Ba* is used for many connotations and here it is used mainly with three meanings viz.,

1. *Musahabat*(مصاحبت) : which means contiguity or close proximity between one thing and the other.
2. *Isti-aanat*(استعانت): which means seeking the aid of something.
3. *Tabaruk*(تبارک): which means to seek the blessings of someone. With these connotations of "Ba" *Bismillah* means:

1. With the name of *Allah*.
2. With the help of the name of *Allah*.
3. With the *barakah* of benediction of the name of *Allah*[10].

(بسم اللہ: اس کے معنیٰ ہے: اللہ کے نام کے ساتھ۔ یہ لفظ بسم اللہ کے تین اجزاء ہیں: ب، اسم اور اللہ۔ عربی میں 'ب' کئی معانی کے لیے مستعمل ہے اور اس مقام پر اس کا استعمال تین معانی کے لیے ہے:

۱۔ مصاحبت: ایک چیز کا دوسری کے ساتھ بہت قریب ہونا۔

۲۔ استعانت: مدد طلب کرنا۔

۳۔ تبارک: کسی کی برکت چاہنا۔

ان تین معانی کے ساتھ بسم اللہ کا معنیٰ ہوگا:

۱۔ اللہ کے نام کے ساتھ۔

۲۔ اللہ کے نام کی مدد کے ساتھ

۳۔ اللہ کے نام کی برکت کے ساتھ)۔

۳۔ آیت ﴿الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ﴾[11] کی تفسیر میں رب کے معانی اور دیگر قرآنی آیات سے ارتقاء کا ثبوت اس آیت کی تفسیر میں رب کے معانی دیگر قرآنی آیات سے قرآنی نظریۂ ارتقاء ثابت کیا کہ یہ نظریہ آج کا

نظریہ نہیں، یہ تو قرآن مجید نے پہلے پیش کر دیا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ڈارون کے نظریہ ارتقاء کو غلط قرار دیا۔ ڈاکٹر محمد رفیق لکھتے ہیں:

> "Allah Ta'ala nurtures and cherishers every creation from the beginning till end at every step. By using this word "Rabb" the Qur'an has given a clue that Allah Ta'ala has created the universe in a well planned systematic and stepwise fashion. The Qur'an gave this idea to the world far before the modern science could understand it. By seeing the perfect arrangements of the various things in the universe, the modern Science got the false notion which it put forward in the form of Darwin's evolution theory" (12).

(اللہ تعالیٰ ابتداء سے انتہاء تک ہر قدم پر تمام مخلوق کی پرورش کرتا ہے۔ لفظ رب کے استعمال سے قرآن مجید نے ایک راہ دکھا دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کو اچھے منظّم انداز سے اور تدریجاً پیدا کیا۔ قرآن مجید نے یہ نظریہ جدید سائنس کے سمجھنے سے بہت پہلے پیش کیا۔ کائنات میں مختلف اشیاء کے انتظام کو دیکھتے ہوئے جدید سائنس نے ڈارون کے نظریہ ارتقاء کی صورت میں ایک غلط نظریہ اختیار کیا)۔

مفسر موصوف نے قرآنی نظریہ ارتقاء کے لیے بہت سی آیات ذکر کی ہیں جن میں سے چند میں چند ایک یہ ہیں:

۱۔ ﴿قَالَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا﴾[۱۳]

((موسیٰ) نے کہا آسمانوں، زمین اور ان کے دونوں کے درمیان جو کچھ ہے اس کا رب)۔

۲۔ ﴿بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِذَا قَضَى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ﴾[۱۴]

(آسمانوں اور زمین کو نئے سرے سے پیدا کرنے والا اور جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو اس سے محض یہ کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے)۔

۳۔ ﴿الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ الرَّحْمَنُ فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيرًا﴾[۱۵]

(وہ جس نے آسمانوں، زمین اور ان کے درمیان جو کچھ ہے، کو چھ دن میں پیدا کیا پھر وہ رحمٰن نے عرش کا ارادہ کیا تو اس کے بارے میں کسی عالم سے پوچھ)۔

ان آیات کو ملا کر بیس (۲۰) آیات نظریہ ارتقاء کے ثبوت کے علاوہ، قرآن مجید کا بائبل سے ماخوذ ہونے کے دعوے اور ڈارون کے مشہور نظریۂ ارتقاء کا رد اور ان لوگوں کا رد کیا ہے جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ اس نے تمام کائنات کو پیدا کر کے بے یار و مددگار چھوڑ دیا ہے[۱۶]۔ چنانچہ وہ رب کی تفسیر کا نتیجہ ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

> The Qur'an does not stop here; it reminds man that he needs 'Rabb' continuously even after birth. He needs milk for his

nourishment during his infancy and later as well... Who has spread the earth and made its atmosphere congenial for life? The answer to all these questions is that it is Allah Ta'ala who is 'Rabb' of Heavens and Earth and whatever is in between[17].

(قرآن مجید یہیں پر توقف نہیں کرتا بلکہ یہ تو انسان کو یاد دلاتا ہے کہ اسے مسلسل حتی کہ پیدائش کے بعد بھی 'رب' کی ضرورت ہے۔ اسے اپنے بچپن اور بعد کی عمر میں بھی اپنی نشو ونما کے لیے دودھ کی ضرورت ہے۔۔۔ کس نے یہ زمین پھیلائی اور اس کے ماحول کو زندگی کے لیے سازگار بنایا؟ ان تمام سوالوں کا جواب یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس کا رب ہے)۔

ڈاکٹر محمد رفیق نے سورۃ الفاتحہ کی آیت: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ﴾[18] (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں)۔ کا ماقبل آیات کے ساتھ تعلق کو بیان کرتے ہوئے فرمایا:

There are two stages for the seeker of reality:

معرفة الربوبية

Knowledge and recognition of Rabb(Lord).

معرفة العبودية

Knowledge and recognition of Ibaadah(worship).

The first stage i.e(recognition of Rabb)is achieved it first three verses of Surah Al-Fatihah…[(19)]"

(طالب حقیقت کے دو مرحلے ہوتے ہیں ایک: معرفت رب اور دوسری معرفت عبادت۔ پہلا مرحلہ یعنی معرفت رب سورۂ فاتحہ کی پہلی تین آیات سے حاصل ہوا۔ کیونکہ جب ایک آدمی اپنے رب کو پہچان لیتا ہے وہ بلاتامل اپنے بندہ ہونے کو پہچان لیتا ہے۔ وہ سمجھ لیتا ہے کہ اس کی ساری تعریفیں اور عبادات صرف اس کے رب کے لیے ہیں تو وہ کہتا ہے: (**ایاک نعبد**)۔ (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں) لیکن جلد ہی اسے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ عبادت کی ضرورتوں کو پورا کرنے اور نیک اعمال اور برے اعمال کو چھوڑنے کے لیے اسے اللہ تعالیٰ کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے تو اس پر وہ کہتا ہے: ﴿**ایاک نستعین**﴾ (ہم تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں))۔

د۔ مصادر Tafseer Surah Fatihah

اس تفسیر میں جن کتب سے استفادہ کیا گیا وہ یہ ہیں:

تفسیر ابن جریر طبری، تفسیر قرطبیؒ ، التفسیرالکبیر ، تفسیر بیضاوی، تفسیر روح المعانی، تفسیر الدر المنثور، تفسیر الکشاف، جامع الترمذی۔

۲۔ The Instrument for Understanding Qur'an

ایک سو دو(۱۰۲) صفحات پر مشتمل ڈاکٹر رفیق احمد پامپوری کی اس کتاب کا نام: **The Instrument for Understanding Qur'an**[۲۰] ہے اور یہ کتاب آدم پبلشرز انڈیا سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کو ایک مختصر تمہید کے علاوہ دس ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

1. Qalb
2. Latent Qualities of a Man.
3. The Seal of Prophethood
4. Locks upon the Qalb.
5. Causes of Revivification(Ihya) and Enlightenment of Qalb.
6. Zikrullah as a Cause of Revivification of Qalb.
7. Tafakkur.
8. Remembrance of Allah Ta'ala as a Cause of revivification of Qalb
9. Following of Sunnah of Rasulullah(SAW) as a Cause of Revivification of Qalb.
10. Suhbat of Ahl e Dil as a Cause of Revivification of Qalb.

اس کتاب کا خلاصہ یہ ہے کہ قرآن مجید چونکہ اللہ تعالیٰ کا کلام اور اس کی صفت ہے اس صفت کی تجلیات کا اکتساب ایک صحیح دل ہی کر سکتا ہے۔ اس لیے قرآن فہمی کے آلہ اور ذریعہ کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ کائنات میں اللہ تعالیٰ نے کون سی ایسی چیز یا ایسا آلہ بنایا ہے جو اس کی معرفت اور اس کی صفات کی روشنی حاصل کرنے کے لیے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اس کا یک لفظی جواب یہ پیش کیا ہے کہ یہ معرفت الٰہی اور الٰہی صفات کی روشنی حاصل کرنے کے لیے آلہ انسان جسم کا ایک اہم عضو دل ہے۔ مصنف کی یہ تالیف اسی مرکز کے گرد گھومتی ہے[۲۱]۔

۳۔"Introduction to Al-Qur'an"

ڈاکٹر رفیق احمد کی دوسری کتاب[22] **"Introduction to Al-Qur'an"** ہے۔ یہ انگریزی زبان میں اٹھتر(۷۸) صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کے مندرجات حسب ذیل ہیں:

1. Nomenclature of Al-Qur'an.
2. History of Descent (Nuzool) of Al-Qur'an.
3. Makki and Madini Verses.
4. Sequence of the Qur'an Shareef.
5. Shan- e-Nuzool of Al-Qur'an.
6. Seven Qirats of The Qur'an.
7. Naskh or Abrogation of Verses.

8. Muhkam and Mutashabihah.
9. Fazial(Virtues) Qur'an.
10. The Qur'an and Sahaba al Kiram(RA).
11. Rules of Reverence for Reading the Holy Qur'an.

اس کتاب میں جن موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے ان میں : اسمائے قرآن، وحی اور وحی کی اقسام اور صورتیں، نزول قرآن، انزال قرآن اور تنزیل قرآن میں فرق، ان دونوں میں حکمت، مکی و مدنی سورتیں اور ان کی خصوصیات، ترتیب مصحف، شان نزول، سات حروف پر نزول قرآن، ناسخ و منسوخ، محکم و متشابہ، فضائل قرآن، قرآن اور صحابہ رضی اللہ عنہم، تلاوت قرآن مجید کا احترام (اس باب میں قرآن پڑھنے کے آداب کے علاوہ مصادر تفسیر، مفسر کے لیے ضروری علوم پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے)۔

مصادر کتاب "Introduction to Al-Qur'an"

جن کتب سے استفادہ کیا گیا ان میں الاتقان از امام سیوطی، البرھان فی علوم القرآن للزرکشیؒ، مناہل العرفان از زرقانی، احکام القرآن از قرطبیؒ، مفردات القرآن از امام راغب اصفہانی، مشکل الآثار وغیرہ شامل ہیں۔ زیادہ تر معلومات مناہل العرفان سے لی گئی ہیں۔ مصادر کے صرف نام پر اکتفاء کیا گیا ہے۔

کتاب "Introduction to Al-Qur'an" سے کچھ مثالیں

قرآن مجید کو تھوڑا تھوڑا کرکے تئیس سال کے عرصے میں نازل کرنے کی حکمت کے بیان میں امام رازی کے اقوال کا ترجمہ انگریزی میں مندرجہ ذیل الفاظ میں بیان کیا ہے :

1. Rasulullah(Sallallahu Alaihi Wasallam) was illiterate, if Qur'an would have been sent down whole of it at a time, then it would have been difficult for him(Sallallahu Alaihi Wasallam) to remember. On the other hand Hadhrat Musa(AS) was literate, so the whole Taurah was sent to him in one go.
2. If the whole Qur'an would have been sent down at a time, the the implementation of all the laws would have become obligatory at once which would have been against the benefits of systematic stepwise descent.
3. Day by day the non-believers increased their actions of teasing Rasulullah(Sallallahu Alaihi Wasallam), so frequent coming of Angel Jibra'eel(AS) with the Qur'anic verse made it easy for Him(Sallallahu Alaihi Wasallam) to face these hard-ships and also provided him solace.
4. Large portion of Qur'an was sent down to Rasulullah(Sallallahu Alaihi Wasallam) in response to the questions posed to him or the situation faced by Him(Sallallahu Alaihi Wasallam), so it was most appropriate

that the Qur'an was sent down like that and not once only. As the Qur'anic predictions were also coming true, that further brightening its truthfulness[23].

(۱۔ رسول ﷺ امی تھے اگر قرآن مجید یکبارگی اتارا جاتا تو نبی اکرم ﷺ کے لیے اسے یاد کرنا مشکل ہوتا جبکہ دوسری طرف حضرت موسیٰ علیہ السلام چونکہ امی نہیں تھے اس لیے تورات کو یکبارگی اتارا گیا۔

۲۔ اگر قرآن یکبارگی اتارا جاتا تو اس کے قوانین کا نفاذ بھی یکبارگی لازم ہوتا جو کہ ایک منظم اور تدریجی عمل کے فوائد کے خلاف ہوتا۔

۳۔ دن بدن رسول ﷺ پر کفار کے مظالم بڑھتے جا رہے تھے تو جبرئیل علیہ السلام کے تسلسل کے ساتھ آپ ﷺ کے پاس آیات قرآنی لے کر تشریف لانے کی وجہ سے ان مشکلات کا سامنا کرنا آسانی اور دلجوئی کا باعث تھا۔

۴۔ رسول اللہ ﷺ پر قرآن مجید کا بہت سارا حصہ کسی سوال کے جواب یا حضور اکرم ﷺ کو پیش آنے والی کسی خاص صورت حال کی وجہ سے تھا، تو یہ بہت مناسب تھا کہ قرآن تھوڑا تھوڑا کرکے نازل ہوتا نہ کہ یکبارگی)۔

ڈاکٹر رفیق احمد شان نزول کا مفہوم اور اہمیت ان الفاظ میں تحریر کرتے ہیں:

"Shan-e Nuzool means the particular circumstances, context or events in which or in response to which, particular verses of Al-Qur'an were revealed to Rasulullah(Sallallahu Alaihi Wasallam). This is also a very essential science needed for understanding Al-Qur'an''(24).

(شان نزول سے مراد وہ خاص حالات، سیاق یا حوادث جن کے بارے میں یا جن کے جواب میں قرآن مجید کی خاص آیات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی گئیں۔ قرآن فہمی کے لیے یہ بھی ایک بنیادی علم ہے)۔

۴۔Aijaz ul Qur'an

یہ کتاب بھی انگریزی زبان میں ہے اور دو سو تین (۲۰۳) صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب مصنف کی قائم کی گئی اپنی ویب سائٹ پر پی ڈی ایف کی صورت میں موجود ہے۔ اس کتاب کے مندرجات اور اس کے مصنف کا مختصر منہج کا مطالعہ درج ذیل ہے:

اس کتاب کے مندرجات درج ذیل ہیں:

1. Preface
2. Geographical, historic, literary and cultural background of Arabian peninsula
3. Miraculous effects of the Qur'an shareef on world.
4. Challenge of the Qur'an Shareef.

5. The Miraculous Pattern of the Qur'an Shareef.
6. Miracle of protection of the Qur'an Shareef to date.
7. Safety of meaning of the Qur'an Shareef.
8. The Miracle of reporting events related to past history accurately by the Qur'an Shareef.
9. The Qur'an Shareef is the chief source of knowledge.
10. The Qur'an Shareef is the last revealed book.

کتاب "Aijaz ul Qur'an" میں ڈاکٹر رفیق کا منہج

ڈاکٹر رفیق احمد نے اپنی کتاب "Aijaz ul Qur'an" میں اعجاز القرآن کے موضوع پر معروف طریقہ[۲۵] کار سے ہٹ کر روشنی ڈالی ہے۔ ان کا طریقہ کار یہ ہے کہ وہ اپنے کسی بھی موضوع پر دعوے قائم کرتے اور معلومات قرآنی، حدیثی اور تاریخی دلائل کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔ پوری کتاب میں انہوں نے قرآن یا حدیث سے عربی نص ذکر نہیں کی بلکہ محض ان نصوص کا ترجمہ ذکر کیا ہے۔ دلائل ذکر کرنے میں انہوں محض کتاب کے نام پر اکتفاء کیا ہے۔ بہت کم مصنف کا نام دیکھنے میں آیا ہے جبکہ ماخذ سے متعلق دیگر معلومات سے مکمل طور پر صرف نظر کیا گیا ہے۔ کئی مقامات پر کتابت کی اخطاء[۲۶]، عنوانات کا عام عبارت میں خلط ملط اور حسن ترتیب کے فقدان نے کتاب کے حسن کو متاثر کیا ہے۔ ذیل میں کچھ مثالیں ان کے منہج کی توضیح کے لیے ذکر کی جاتی ہیں:

ڈاکٹر رفیق احمد نے نزول قرآن کے وقت نہ صرف ایام عرب کے احوال بلکہ پوری دنیا کے حالات کا پس منظر بیان کیا۔ نزولِ قرآن کے لیے عرب کے انتخاب کے بارے جو تحریر کیا اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نزولِ قرآن کے لیے کسی مہذب، مثقف اور علمی معاشرے کا انتخاب نہیں کیا تھا بلکہ ایک ایسے معاشرے میں اسے نازل کیا جو علمی، فکری، معاشی، معاشرتی اور سیاسی ہر لحاظ سے پسماندہ تھا۔ ان کے الفاظ میں:

> "He(Al- Mighty Allah) chose those tribal people of Arab for this unparalleled historical job, who were highly uneducated, uncultured and having no significant business"[27].

(اللہ تعالیٰ نے اس بے مثل کام کے لیے عرب کے ان دیہاتی لوگوں کا انتخاب کیا جو انتہائی غیر تعلیم یافتہ، غیر مہذب تھے اور ان کے پاس کوئی قابل قدر تجارت بھی نہ تھی)۔

چھٹی صدی عیسوی میں پوری دنیا کے حالات مختصراً بیان کرنے کے بعد یہ سوال اٹھایا کہ نزول قرآن کے لیے صرف عرب کا انتخاب کیوں کیا گیا۔ اس کے جواب میں انہوں نے بحوالہ ابوالحسن علی ندویؒ ان الفاظ میں دیا:

> "It was the will of Allah Ta'ala that the glorious sun of the humanity's guidance, which was to illuminate, the world without end, should rise from the orb of Arabia. For it was the darkest

corner of this terrestrial globe, it needed the most radiant daystar to dispel the gloom setting on it"[28].

(یہ اللہ تعالیٰ کی منشا تھی کہ انسانی ہدایت کا وہ تابناک سورج، جس نے پوری دنیا کو روشن کرنا تھا، کو عرب دنیا سے بلند کرے۔ چونکہ یہ کرۂ ارض کا سب سے علمی پسماندگی والا علاقہ تھا، اس لیے اس پسماندگی کو زائل کرنے کے لیے اسے روشن ترین ستارے کی ضرورت تھی)۔

ڈاکٹر رفیق احمد اور وجوہ اعجاز قرآن

اس کتاب میں قرآن مجید کے اعجاز کی جن وجوہات کا ذکر کیا ان میں سے چند ایک یہ ہیں:

۱۔ انتخابِ الفاظ، معنیٰ، شعور، دل پر اثر ڈالنے، سر و صوتیت کے تناسب، آیات کی مٹھاس، فصاحت و بلاغت اور اس طرح کے بہت سے امور میں قرآن مجید اس قدر مکمل اور نفیس ہے کہ دل اس کی طرف اڑتا ہوا چلا جاتا ہے۔[۲۹]

۲۔ قرآن مجید یکساں اسلوب کی حامل کتاب ہے جبکہ بہت سے مصنفین تو کیا صرف ایک مصنف بھی اپنی تصنیف میں یکساں اسلوب اختیار نہیں کر سکتا۔

۳۔ انسانی تصنیف و تالیف ایک، دو، تین یا ایک حد تک ہی موضوعات کا احاطہ کر سکتی ہے لیکن اس کے برعکس قرآن مجید اللہ علیم و حکیم خالق کا کلام ہے جو بیک وقت مختلف موضوعات پر مسلسل، یکساں اور مکمل احاطہ کیے ہوئے ہے[۳۰]۔

۴۔ قرآن مجید تیئس سال کے عرصہ میں تھوڑا تھوڑا کرکے مختلف اوقات و حالات کے مطابق نازل ہوا، لیکن اس کے باوجود اس میں کسی قسم کا کوئی سقم اور تعارض نہیں پایا جاتا[۳۱]۔

۵۔ تیئس سال کے مختصر عرصہ میں عرب میں اتنا بڑا انقلاب اس قرآن کی وساطت سے آیا۔ کیونکہ قرآن مجید کے پہلے مخاطب بدو اور بت پرست لوگ تھے تو جب نزول قرآن کی تکمیل ہوئی تو وہ دنیا میں قرون اولیٰ کے بہترین لوگ تھے[۳۲]۔

۶۔ مکی دور میں نازل کردہ آیات میں ایسے الفاظ اور مضامین پیش کیے گئے کہ جن سے سخت مکہ والوں کے دل ہل گئے جبکہ مدنی دور میں انداز مختلف اپنایا گیا جو دلوں کی تسلی کا باعث تھا اور اس سے محبت، اطاعت اور رضامندی کا ماحول پیدا ہوا[۳۳]۔

۷۔ قرآن مجید کا مخاطب کوئی خاص آدمی یا خاص لوگ یا خاص وقت نہیں بلکہ اس کا پیغام ہمہ گیر اور عالمگیر ہے[۳۴]۔

ان امور کو تفصیل سے ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر امور جیسے قرآنی ترتیب، مختلف ادوار میں حفاظتِ قرآن، دوسرے مذاہب کے زوال کی وجوہات، معانی قرآن کی حفاظت، صحابہ رضی اللہ عنہم، تابعینؒ اور تبع تابعینؒ مفسرین، قرآن مجید کی معتزلہ، باطنیہ اور یونانی فلسفوں سے حفاظت، ماضی کی خبروں کا درست ثابت ہونا، قرآن

مجید وسیلۂ علم اور آخری کتاب، قدرت الٰہی، سنت الٰہی، اسلامی شریعت اور اسلامی عبادات کی معنویت، سرمایہ دارانہ اور مارکسی سوشلزم کا زوال، انسان اور حیوان کے درمیان نفسیاتی فرق، اسلامی شریعت کے معاشرتی اور روحانی فوائد اور فرد کے حقوق پر روشنی ڈال کر قرآن کے اعجاز کو ثابت کیا گیا ہے۔

مصادر کتاب Aijaz ul Qur'an

Aijaz ul Qur'an میں جن کتب سے استفادہ کیا گیا ان میں قرآن اور کتبِ حدیث کے علاوہ بلوغ الأرب فی معرفة أحوال العرب از علامہ محمود شکری (م ۱۳۴۲ھ)[۳۵] آلوسی، تقویم البلدان از سلطان عماد الدین امیر (م ۷۳۲ھ)[۳۶]، دعوت و عزیمت از ابوالحسن علی ندوی (م ۱۹۹۹ء)، الاتقان از علامہ سیوطی (م ۹۱۱ھ)، حجج القرآن[۳۷] از ابوالعباس بدرالدین رازی (۶۳۰ھ کے بعد)[۳۸]، انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا، A History of Islamic Law by Noel J. Coulson(1928 C.E – 1986 C.E.)[۳۹]، وغیرہ مصادر سے استفادہ کیا گیا ہے۔

خلاصہ بحث

مذکورہ بالا مطالعہ کا ماحاصل یہ ہے کہ:

۱۔ ڈاکٹر رفیق احمد پامپوری کشمیری میڈیکل ڈاکٹر ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی علوم میں مہارت اور گہرائی کی حامل شخصیت ہیں۔

۲۔ انہوں نے اسلامی علوم کو عام طور پر اور قرآن اور علوم القرآن کو خاص طور پر انگریزی زبان میں پیش کیا ہے۔

۳۔ تفسیر سورۃ الفاتحۃ کی تفسیر میں ان کے ہاں قدیم و جدید طرز تفسیر کا امتزاج پایا جاتا ہے۔ اس میں جہاں قدیم اسلوب تفسیر جیسے تفسیر کبیر، تفسیر بیضاوی وغیرہ کو اپنایا گیا ہے وہاں نئے تفسیری اسلوب اور موضوعات کو جگہ دی گئی ہے۔

۴۔ اس تفسیر میں اکثر تفسیری پہلوؤں جیسے تفسیر بالماثور، تفسیر بالرائے، علمی و عقلی مباحث، تصوف، فقہ، علوم عربیہ وغیرہ کو توضیح و تشریح آیات کے لیے استعمال میں لایا گیا ہے۔

۵۔ انگریزی زبان میں معانی قرآن کی گہرائی کے لیے یہ تفسیر بہت مفید ہے۔

۶۔ تفسیر میں بعض مقامات پر ضعیف روایات بھی در کر آئی ہیں۔

۷۔ ڈاکٹر صاحب موصوف کی علوم القرآن پر لکھی جانے والی ان کتب میں ابتدائی و ثانوی، قدیم اور جدید مصادر سے استفادہ کیا گیا ہے اور معلومات کو مدلل انداز میں پیش کیا گیا ہے تاہم مصادر سے استفادہ میں انہوں نے ان کی عبارات کو ذکر کرنے کی بجائے محض ان نصوص کے انگریزی ترجمہ پر اکتفا کیا ہے۔

۸۔ کئی مقامات پر کتابت کی اخطاء، عنوانات کا عام عبارت میں خلط ملط اور حسن ترتیب کے فقدان نے کتب کے حسن کو متاثر کیا ہے۔

حوالہ جات و حواشی

۱۔ مولانا مسیح اللہ خان ۱۳۳۰ء میں سرائے برلہ ضلع علی گڑھ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اور مشکوٰۃ المصابیح تک تعلیم اپنے علاقے سے حاصل کی۔ ۱۳۴۸ھ، ۱۹۱۱ء ۱۹۱۲ء میں دار العلوم دیوبند میں داخلہ لیا اور ۱۳۴۹ھ میں دورۂ حدیث کی تکمیل کر کے دو سال مزید معقولات کی کتب کو پڑھا۔ ۱۳۵۱ھ میں مولانا اشرف علی تھانویؒ سے خلافت پائی اور ۱۳۵۷ھ میں حضرت تھانویؒ کے حکم پر جلال آباد کے مدرسے میں مدرس بنا کر بھیجے گئے۔ ان کی مساعی کا ہی نتیجہ ہے کہ مذکورہ مدرسہ مفتاح العلوم کا شمار ہندوستان کے بڑے مدارس میں ہوتا ہے۔ تصوف میں ان کا بڑا مقام ہے۔ (ملاحظہ کیجیے: سید محبوب رضوی، تاریخ دار العلوم دیوبند، ج: ۲، ص: ۱۶۳۔ ۱۶۴)۔ ۱۲ نومبر ۱۹۹۲ء کو مولانا مسیح اللہ نے وفات پائی۔ (دیکھیے:
https://en.wikipedia.org/wiki/Muhammad_Masihullah_Khan) accessed on 07-16-2017, at 12:26pm.http://islamkashmir.org/content/about-us accessed on 07-16-2017, at 9:34.

2. Dr. Rafiq Ahmad Pampori is presently heading the department and in a short span of just one year the department has progressed leaps and bounds. (http://www.gmcs.edu.in/ENT#ENT-Department-Info)

۳۔ ان کے حالات حوالہ نمبر ا کے تحت مذکور ہیں۔

۴۔ اس انسٹیٹیوٹ اور دار العلوم الٰہیہ کا مقصد طلباء کو علمی اور فکری لحاظ سے اسلام کی دعوت کے لیے تیار کرنا۔ اس ادارے میں پرائمری تعلیم سے عالمیہ کی سطح تک طلباء کی تعلیم کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:
http://islamkashmir.org/content/about-us accessed on 07-16-2017, at 9:34.

۵۔ ملاحظہ کیجیے:
http://islamkashmir.org/content/about-us accessed on 07-16-2017, at 9:34.

۶۔ محمد عبد العظیم زرقانی، مناھل العرفان، تحقیق: فواز احمد زمرلی، بیروت: دار الکتاب العربی، ۱۴۱۵ھ، ۱۹۹۵ء، ط: ا، ج: ا، ص ۲۴۔

7 Dr. Rafiq Ahmad, Tafsir Surah al-Fatihah, Delhi, Adam publishers, p. 115.

8 Dr. Rafiq Ahmad, Tafsir Surah al-Fatihah, Delhi, Adam publishers, p. 8.

9. Dr. Rafiq Ahmad, Tafsir Surah al-Fatihah, Delhi, Adam publishers, p. 26.

10. Dr. Rafiq Ahmad, Tafsir Surah al-Fatihah, Delhi, Adam publishers, pp..32-33 .

11۔ سورۃ الفاتحہ، ۱: ۱۔

12. See: Dr. Rafiq Ahmad, *Tafsir Surah al-Fatihah*, pp. 52-66 .

۱۳۔ سورۃ الشعراء، ۲۶: ۲۴۔

۱۴۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۱۱۷۔

۱۵۔ سورۃ الفرقان، ۲۵: ۵۹۔

16. Dr. Rafiq Ahmad, *Tafsir Surah al-Fatihah*, pp..32-33 .

17. Dr. Rafiq Ahmad, *Tafsir Surah al-Fatihah*, Delhi, Adam publishers, pp. 65-65.

۱۸۔ سورۃ الفاتحہ، ۱: ۵۔

19. Dr. Rafiq Ahmad, *Tafsir Surah al-Fatihah*, pp. 89-90.

20 Dr. Rafiq Ahmad, The Instrument for Understanding Qur'an, Adam Publishers, India.

21. Dr. Rafiq Ahmad, preface, Instrument for Understanding the Quran, Adam Publishers, India.
22 Dr. Rafiq Ahmad, Introduction to Al-Qur'an, Adam Publishers, India.
23 Dr. Rafiq Ahmad, Introduction to Al-Qur'an, pp. 15-16.
24 Dr. Rafiq Ahmad, Introduction to Al-Qur'an, p. 23.

۲۵۔ اعجاز القرآن کی تصنیف میں معروف طریقہ کار یہ ہے کہ اس میں اعجاز القرآن کی لغوی و اصطلاحی مفہوم، وجوہ اعجاز وغیرہ کا تذکرہ کیا جاتا ہے لیکن اس کتاب میں اس سے ہٹ کر قرآنی موضوعات و مندرجات کی معنویت اور ان کے اثرات پر روشنی ڈال کر اس کے اعجاز کو ثابت کیا گیا ہے۔

26. Dr. Rafiq, Aijaz ul Quran, pp. 146, http://islamkashmir.org/ accessed on 07-15-2017 at 11:50 pm.
27. Ibid, p. 11.
28 Dr. Rafiq, Aijaz ul Quran, p. 30.
29 See: Ibid, p. 77.
30. See: Ibid.
31. See: Ibid.
32. See: Ibid, p. 78.
33. See: Dr. Rafiq, Aijaz ul Quran, p. 79.
34. See: Ibid.p. 80-

۳۵۔ محمود شکر آلوسی عراقی سنی عالم، ادیب اور مشہور مؤرخ تھے۔ مئی ۱۸۵۶ء کو پیدا ہوئے اور مئی ۱۹۲۴ء کو فوت ہوئے۔ (دیکھیے: خیر الدین زرکلی، الأعلام، دار العلم للملایین، ۲۰۰۲ء، ط: ۱، ج ۷، ص ۱۷۲۔

۳۶۔ عماد الدین اسماعیل بن محمد بن عمر، ابو الفداء کنیت تھی۔ مؤرخ اور جغرافیہ دان تھے۔ ۱۲۷۳ء کو دمشق میں پیدا ہوئے۔ ۱۳۰۱ء میں شام کے ایک علاقے کا گورنر بھی رہے اور عیسائی صلیبیوں کے خلاف جنگ میں حصہ لیا۔ ان کی تالیفات میں تاریخ البشر (قبل از اسلام تا آٹھویں صدی ہجری) اور علم جغرافیہ پر کتاب تقویم البلدان مشہور ہے۔ ان کی وفات ۱۳۳۱ء ہوئی۔ (دیکھیے: خیر الدین زرکلی، الأعلام، ج: ۱، ص: ۳۱۹)۔

۳۷۔ ڈاکٹر رفیق احمد نے غلطی سے حجج القرآن کو امام سیوطی کی طرف منسوب کیا ہے۔ یہ اور اس طرح کی مزید خطاء کے لیے (دیکھیے: See: Ibid, pp. 146, 186).

۳۸۔ احمد بن محمد ابو العباس بدر الدین رازی حنفی، مفسر، محدث اور ادیب، شام اور بلاد روم کے اسفار کیے۔ بہت سی کتب تالیف کیں۔ ۶۳۰ھ/ ۱۲۳۳ء کے بعد وفات پائی۔ (دیکھیے: خیر الدین زرکلی، الأعلام، ج ۱، ص ۲۱۷)۔

۳۹۔ پروفیسر نویل جیمز کولسن یونیورسٹی آف لندن میں مشرقی قانون کے پروفیسر، قانون دان، ۱۸ اگست ۱۹۲۸ء کو برطانیہ میں پیدا ہوا اور ۳۰ اگست ۱۹۸۶ میں وفات پائی۔ (ملاحظہ کیجیے:
http://heinonline.org/HOL/LandingPage?handle=hein.journals/arablq1&div=70&id=&page= accessed on 07-15-2017, at 11:17 pm).

استغفار کرنے والے کے لیے خوشخبری

قال رسول اللہ ﷺ

طُوبَىٰ لِمَنْ وَجَدَ فِي صَحِيفَتِهِ اسْتِغْفَارًا كَثِيرًا

(رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کے لیے خوش خبری ہے روز قیامت جس کے نامۂ اعمال میں استغفار کی کثرت پائی جائے گی)

(سنن ابن ماجہ: ۳۸۱۸)

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

معالجة الأمراض النفسية بالقرآن الكريم

(Treatment of Mental Disorders by The Holy Quraan)

* **الدكتورة شهناز ظهير**
أستاذة مساعدة و رئيسة قسم اللغة العربية و آدابها بجامعة العلامة إقبال المفتوحة إسلام آباد

ABSTRACT

Today we are living in the era of Technology and our World has become a global village for us.Human beings are in a competition between each other as an individual,a society,a nation and a country or region.Different kinds of Psychic Disorders are prevailing in our societies day by day and increasing problems by going to its peaks.Holy Quraan is the Book,revieled upon Holy Prophet Mohammad (Peace Be Upon Him),which has given us a complete life style/pattern in its holy verses,which is a challenge to all laws and regulations made on earth today,but till the day of judgement.Life spending Ideal Package is lying in to follow the teachings of our Prophet (Peace Be Upon Him).Towards the current situation made by the busy and tiredsome circumstances of time and to face the bitter realities of life as a human being,we have to go through a strong struggle against all challenges.If a human being forgets the path of truth,he falls down in various types of diseases and sicknesses occur and increase in him,mentally and physically,until he comes back to reality,truth and nature,to the original path of Islam,a great religion,which describes that the natural true path paved for human beings in it,when recall the forgotten and follows again these golden commands given in the Holy Quraan.Role of Islam in the management of Psychiatric disorders is unbelievable accurate.Islam is religion based on revelations to the Holy Prophet Muhammad (Peace Be Upon Him) more than 1400 years ago,which were recorded in the Quraan.The aim of this review article is to highlight the role of Islam in the management of different psychiatric disorders and provide the psychiatrists some basic knowledge of pure Quraanic and Islamic Therapies.

هذا المقال يدور حول معالجة الأمراض النفسية بفهم القرآن الكريم والعمل به. والقرآن الكريم معجزة خالدة فيه تفاصيل كل شئ من مواعظ وعبر وكل نفع وضرر وهدى للإنسان في كل زمان ومكان فقد نزل من العليم الحكيم الخبير وقال تعالى:

﴿وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا﴾[1]

إن القرآن كتاب إلهامي أسلوبه رفيع وجذاب للقارئين يوجد فيه استناد للأحوال الماضية والنبوات السابقة وقد اشتمل القرآن على كثير من وقائع تاريخ الأمم والبلاد وتتبع آثار كل قوم لما كانوا عليه وقد اهتم القرآن بالأسلوب القصصي بين ثناياه لأنه وسيلة محببة إلى النفس لتبليغ دعوة الله ورسالته الخالدة لخير البشرية جمعاء للتبشير والإنذار معاً ومن أهم رسائله تزكية النفس الإنسانية التي هي من صنع الله جل وعلا الذي سوى النفس فهو خبير ببواطن الأمور وأسرارها وهو الذي أمسك الأرض والسموات من أن تزولا وقال الله تعالى في كتابه العزيز:

﴿وَلَا يَؤُدُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ﴾[2]

إن الإنسان كائن حي في الأرض خلقه الله خليفته في الأرض وهو مجهز بالحواس الخمسة وله حس سادس أيضا لأنه مميز بعقله خصه الله به عن سائر الحيوانات الأخرى بشعوره وفهمه ونطقه وبيانه فهي كلها نعم إلهية مختصة له وعليه أن يستفيد من هذه النعم ويستخدمها للبشرية إلى أقصى حد ممكن في وجه الخير والمعروف لأنه جاء في هذاالكون لأجل هذا الهدف السامي النبيل ولكنه حينما ينسى هذاالهدف في أي لحظة من لحظات حياته فيقع في النسيان المهلك والظلم الداجن حتى يذكر الهدف الأعلى مرة أخرى للنمو والنشوء ولإحياء الذات وينير سبل حياته ويخرج من سور الأمراض النفسية بمعالجة حقيقية بالقرآن الحكيم للنمو والنشوء والتقدم لذاته كإنسان متبعا للصفات الإلهية كما قال تعالى مشيرا إليه:

﴿وَفِي أَنفُسِكُمْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُونَ؟﴾[3]

الحياة عبارة عن علم وعمل معاً في هذاالكون وغنيمة لكل كائن حي وفرصة عمل للإنسان فلا بد أن تكون الحياة ناجحة فالإنسان العاقل دائما يسعى للتقدم ويكون في درك انتهاز الفرصة للعمل الطيب والسليم والصالح لأن هذاالعمل سبب مرضاة الله وطمأنة له.إن الله تعالى وضع اطمئنان القلب مكتوما في ذكره إن الإنسان أشرف المخلوقات في هذاالكون له عقل وفهم وإدراك وشعور وحياة الإنسان لا تخلو من صعوبات وعقبات مادية ومعنوية خفيفة وعنيفة تعوق سير دوافعه نحو أهدافها فإن عجز عن اجتياز العقبة بطريقة سريعة مرضية فالطريق الطبيعي لإزالتها أو التغلب عليها هو أن يضاعف جهوده وأن يكرر محاولاته لتنحيتها من طريقه فإن لم يفلح فالخطوة الطبيعية الثانية هي أن يأخذ في البحث والتفكير عن طرق أخرى لحل هذه المشكلة بأن يحاول الالتفاف حول العقبة أو استبدال الهدف المعوق بآخر أو تأجيل إرضاء الدافع إلى حين.

أكدت الدراسات العلمية أن الإيمان بالله عزوجل والمحافظة على الصلاة وأداء الزكاة والصدقات وصوم رمضان والعمرة والحج وتلاوة القرآن الكريم تجعل الإنسان يشعر بالطمأنينة وراحة البال ولا شك أن للمحافظة على أداء الصلاة والعمل على أركان الإسلام تأثير في معالجة فعالة لجميع الأمراض النفسية التي قد تصيب الإنسان في هذه الحياة[4]

هناك عدة مباحث لهذه المقالة توضح الجوانب الهامة لمعالجة الأمراض النفسية بفهم القرآن الكريم والوقاية للإنسان.

المبحث الأول: القرآن الكريم شفاء لفظاً معنىً وغايةً

انزل القرآن الكريم للإنسان في ألفاظ دقيقة معبرة وبلاغة واضحة وإعجاز نادر.نلاحظ أثناء التلاوة بأن كيف استوعبت ألفاظها وقوالبها تلك المناظر الغريبة العجيبة في الجنّة أو في النار[5] فنتحير بمشاهدة الحق فنركع ونسجد أمامه إذا علّمنا أنه كلام الله عزّ وجل الخالق العظيم الذي يقول:

﴿وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا﴾[6]

ولتوضيح فكرة أن الله جل وعلا قد ذكر علاج شاف وكاف للأمراض النفسية كلها في آية واحدة فقط وهي محتوية الجوانب في جامعيتها ومعنويتها بهذا الصدد كما نجد الشفاء الكامل أيضا في ذكر الله العلي العظيم لقد أشار الله تعالى في القرآن الحكيم:

﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللَّهِ ۗ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ﴾[۷]

